مُعَرَّج ع جامۂ نقشین منقش اور معرج گر بافندہ جولاہہ۔

میم با فا

مَفلُوج ع صاحب فالج یعنے جس شخص کو فالج ہو۔
مُفَجَّج ع خام و ناپختہ و خراب بیکار چیز۔

میم با میم

مَمزُوج ع ملا ہوا مزاج بلا ہوا اختلاط پایا ہوا۔
مُمتَزِج ع ملانے والا ملنے والا آپسمین اختلاط و آمیزش کرنیوالا۔

میم با نون

مَنفَج ع کشادہ سوراخ دار وہ چیز جسکو چہید ہولے
مَنطِقَۃُ البُرُوج ع بارہ برج آسمانی کا دایرہ
مَنسُوج ع بنا ہوا کپڑا جو جولاہہ نے بنا ہو۔
مُنتِج ع نتیجہ دینے والا کسی اچھے یا بُرے کام کا۔
مُندَرِج ع درج کیا گیا داخل کیا گیا دخل دیا گیا
مُندَمِج ع داخل ہونیوالا اور درہم رفتہ۔
مَنہَج ع کہلا ہوا راستہ جمع اسکی مناہج ہے۔
مِنہَاج ع راہ راست اور کہلا راستہ عام راستہ
مُنَسَّج ع بنا ہوا کپڑا اچہا ہے کسے قسم کا ہو۔
مَنج ع سبز مکہی جو گوشت پر بیٹھکر کرم ڈالدیتی ہے۔
مُنضِج ع پختہ کرنیوالا میوہ ملیا مادہ یا خلط کا۔

میم با واو

مُوزِسَرج ع معرب مدسرہ آنکہہ کی ایک بیماری کا نام ہے

میم با ہا

مُہَیِّج ع غبار اُٹہانیوالا اور ہر ایک چیز اوٹہانیوالا۔
مُہَیِّج ع اوٹہانے والا غبار وغیرہ اشیا کا۔
مُہَج ع جمع مہجہ جان و روح۔
مَہَاراج ہ لقب بادشاہ ہند و شاہ زنگسا۔

تیئسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف نون اور اخیر مین جیم ہے

نون با الف

ناکاج ہ بہت جلد ناگاہ اچانک فے الفور۔
ناہج ع رستہ چلنے والا سفر کرنے والا رہرو۔
نارنج ع معرب نارنگ نارنگی مشہور میوہ ہے۔
ناف پیچ ف وہ ناف جو ایک مشہور بیماری ہے۔
ناسج ع جولاہا کپڑا بننے والا نساج بہی اوسکو کہتے ہین

نون با تا

نتائج ع نتیجے جمع نتیجہ کی یعنے حاصل کار و مراد۔
نتاج ع بچہ جننا پیدایش مین آنا یا لانا۔

نون با سین

نسج ع کپڑا بُنا ہوا اور ہر ایک قسم کا کپڑا۔
نسائج ع کپڑے بنے ہوئے یہ لفظ جمع نسیج کی ہے۔
نساج ع جولاہہ کپڑا بننے والا ناسج بہی اسکو کہتے ہین
نسج ع بافندگی جولاہاپن جولاہے کا کسب۔

نون باشین

نِشکنج و چٹکے بہرنا یعنی انگلیون مین کسیکے گوشت کو دبانا

نون باعین

نِعاج ع میش یعنے بہیڑی جو ایک مشہور چارپایہ ہے۔

نون بامیم

نموذج ع نمونہ کسے چیز کا یعنے بہت مین سے تہوڑا۔

نون باواو

نوافج معرب نافہ یعنی کستورے کا نافہ۔

نون باہا

نہج ع راہ راست و راہ کشادہ و شاہراہ بڑا راستہ۔

نون بایا

نیرنج معرب نیرنگ یعنی واو و مکر و طرز و طریق۔

نیم تاج ف ایک قسم کا تاج خورد ہوتا ہے یعنے آدہا تاج

چوبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن اول حرف واو اور آخیر مین جیم ہے۔

واو باجیم

وَنج ف نام ایک ع کا جو ملک مین مستعمل ہے۔

واو بادال

وداج و گردن کے رگ جسکے کٹنے سے انسان مر جاتا ہے۔

واو باراے

ورنج ف زبون و پلید و قبیح و مکروہ و نامطبوع۔

ورتیج ع نام جانور جسکو سلوا و سمانے کہتے ہین۔

واو بالام

ولوج ع گہسنا کسی چیز کا کسی چیز مین داخل ہونا

واو باہا

وہاج ع روشن پرجلوہ و پرنور۔

پچیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن اول حرف ہا اور آخیر مین جیم ہے

ہا باراے

ہرج ع سرگشتگی شتر و سختی و گرمی کی اور تیزی و بیتابگی ہی

ہرج ع آشوب و فتنہ و شور و فساد و خرابی۔

ہا بانون

ہنج ع آواز نیک و ترنم و سرود و صدائے خوش و مطلق آواز

ہا باواو

ہودج ع کجاوہ کہ عماری جو اونٹ اور ہاتھی پر باندھتے ہین یعنے کہتے ہین پردہ دار سواریان جسمین عورتین رہتی ہین۔

ہوادج ع عماریان یہ لفظ جمع ہودج کے ہے۔

ہوج ع نادانی و شتابی و جلدی و بے صبری و ناشکیبائی۔

ہا بایا

ہیلاج ع زائچہ مولود جو منجم کہینچتے ہین جسکو جنم پتری کہتے ہین

ہیج ع غبار اور برانگیختہ ہونا بے اختیار اٹہنا۔

یأجج ء بروزن سیب پختہ کرنیوالا اوٹہانیوالا۔

چھبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف با اوراخیر مین جیم ہے

یا با الف

یابج ء تیر پیکان و ارو نیزہ بہل والا اور ہر چیز تیز نوکدار

یأجوج ماجوج ء قوم غول جو سد سکندر کے اندر بند ہین باہر نکل نہین سکتے۔

یا با لام

یلوج ء پیغمبر نبی مرسل۔

چھٹا باب

اون لغات کے ذکر مین جن کے اخیر مین حرف حا ہے اور اول کے حروف برعایت حروف تہجی کے اپنے اپنے موقع پر بدلتے جاتے ہین اس مین اونتیس فصل ہین۔

پہلی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف الف اوراخیر مین حا ہے

الف با بائ

ابن صبح ء کنایۃ آفتاب جو صبح سے پیدا ہوتے ہین

الف با رائے

ارتباح ء سود لینا تجارت مین بیاج کہانا۔

ارواح ء ملایک یہ لفظ جمع روح کی ہے یعنی بہت روحین

ارتیاح ء راحت و خوشی و دلجمعی و آرام۔

الف با سین

استصلاح ء صلاح پوچھنا مشورہ کرنا تجویز پوچھنا

الف با شین

اشباح ء جمع شبح کالبدہا و جسمہائے ہر یکچیز۔

الف با صاد

اصح ء بہت صحیح تندرست اور مضمون جسمین غلطی نہو

اصلح ء بہت نیک بہت اچھا بہت خوب۔

اصطلاح ء صلح کرنا اور اتفاق کرنا ایکبار پر۔

اصباح ء صبح کے وقت کسیطرف جانا فجر کو کام کرنا

اصلاح ء نیک کرنا درست کرنا پاک کرنا اچھا بنانا

اصباح جمع صبح کے بہت سے فجرین اور صبح۔

الف با فا

افتتاح ء کہولنا آغاز کرنا شروع کرنا کشادہ کرنا۔

افلاح ء فیروز مندی و خوبے و رستگری نیکے

اِفراح ع خوشی و آسودگی و فرحت و آرام و دلجمعی۔

اِفراح ع خوش کرنا راضی کرنا آسودہ کرنا۔

اِفضاح ع رسوا کرنا خراب کرنا بدنام کرنا فضیحت کرنا

اَفضح ع رسوا تر یعنی رسوا اور بدنام و متہم و خراب

اَفصح ع بہت فصیح یعنی وہ شخص جو فصاحت زیادہ رکھتا ہے

اِفتضاح ع رسوائی و بدنامی و خرابی و فضیحت۔

الف با قاف

اَقدح ع بہت ناقص اور معیوب اور عیب دار و زیانکار

اَقداح ع جمع قدح بہت پیالے اور کاسے پانی پینے کے

اِقداح ع عیب کرنا نقصان پہونچانا اپنے آپ کو۔

اَقبح ع زشت تر یعنی نہایت مکروہ و نامطبوع

اِقماح ع زمین کیطرف آنکھیں کر کے آسمان کیطرف سر اوٹھانا

اِقتراح ع مانگنا سوال کرنا کسے سے اپنے مطلب کیلئے

الف با لام

اِلحاح ع عجز و زاری کرنا منت سے پیش آنا خوشامد کرنا۔

اَلواح ع جمع لوح تختہ ہائے چوب یا سنگ وغیرہ۔

الف با میم

اِملاح ع نمکین کرنا نمک ڈالنا کسی چیز مین شور بنانا۔

الف با نون

اُنجاح ع حاجت روا و مشکل کشا کسے کے۔

اِنفتاح ع کشادہ ہونا کہلا ہوا ہونا صاحب کشایش

اِنشراح ع کہلنا کشادہ ہونا صاحب شرح ہونا۔

اِنتصاح ع نصیحت کرنا کسیکو بد کام سے باز رکہنا۔

اِنتطاح ع سینگ مارنا گائے اور قوچ یا کسی اور جانور کا

الف با یار

اِیضاح ع واضح کرنا روشن کرنا کہلا ہوا کرنا اور کہولکر بیان کرنا کسے مشکل مضمون کو۔

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف با اور آخیر مین حا ہے

با با الف

بادِ مسیح ف دم مسیحائی جس سے مردہ زندہ ہو جاتا تہا

با با طار

بَطَالیح ع جمع بطحا پست و پر سنگ زمین۔

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف تا اور آخیر مین حا ہے

تا را ے

تَروِیح ع راحت دینا خوشبودار کرنا خوشبو پہونچانا

تَراوِیح ع جمع ترویح اور بیس رکعت نماز جو ماہ رمضان میں پڑہتے ہیں

تَرَح ع غم و اندوہ و نالہ و فریاد و زاری۔

تَرشیح ع ٹپکنا پانی کا اور کم برسنا بارش کا۔

ترشیح ع بالی دینا اور نام ایک صنعت کا۔
ترجیح ع بڑہنا غالب آنا فکر ومن دادن کیسا تہ ضم ہونا ہے۔

تا باسین

تسبیح ع سبحان اللہ کہنا اور خدا کو پاکیزگی سے یاد کرنا۔
تسامح ع آسان پکڑنا جوانمردی کرنا آسان جاننا۔

تا باشین

تشطیح ع بے ادبی کرنا کلمات گستاخانہ زبان پر لانا۔
تشریح ع بیان کرنا شرح کرنا وضح کرکے تقریر کرنا۔

تا باصاد

تصفح ع تلاش وجست جو توجہ کرنا بغور دیکھنا۔
تصافح ع مصافحہ کرنا ایکدوسرے کا ہاتھ پکڑنا۔
تصریح ع بیان کرنا ظاہر کرنا کسے پوشیدہ بات کا۔
تصحیح ع درست کرنا۔

تا بافا

تفاح ع سیب جو مشہور میوہ خوشبودار و شیرین ہے۔
تفضیح ع رسوا کرنا بدنام کرنا خراب و شہر گشتہ کرنا۔
تفریح ع خوشی و دلجمعی و فرحت پہونچانا۔
تفتیح ع کہولنا کشایش دینا وسعت دینا۔
تفسیح ع فراخ کرنا کشادہ کرنا کہولنا چوڑا کرنا۔

تا بالام

تلمیح ع سبک کے تا نظر کا اشارہ کرنا کلام مین او شیا ہال لانا۔
تلویح ع روشن کرنا و ظاہر نا نشان کرنا اور نام کتاب فقہ میں۔

تا بامیم

تملیح ع نمکین کرنا کہانے مین نمک ڈالنا شور بنانا۔
تمساح ع نہنگ جو آبی جانور مشہور ہے ہند مگرمچھ۔
تماسیح ع جمع تمساح نہنگان بہت سے مگرمچھ۔
تمدیح ع مدح کرنا کسیکو سراہنا تعریف کرنا۔

تا بانون

تنقیح ع پاک و صاف کرنا پاک و صاف بنانا درست بنانا۔
تنحنح ع گلا صاف کرنا آواز درست کرنا سرود کے لیے۔

تا باواو

توضیح ع روشن و ظاہر کرنا و نام کتاب فقہ مین جو مشہور ہے۔
توشیح ع حمایل گردن مین ڈالنا آرایش دنیا زینت دینا۔

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف جیم اور اخیر مین حا ہے

جیم باالف

جامہ فتح ع اس کپڑی پہ سورہ انا فتحنا لکہکر جنگ کے وقت پہنتے ہیں۔
جامح ع سرکشی کرنیوالا اسپ پہیرنے والا باغی ہونیوالا۔

جیم باراے

جریح ع زخمی مجروح اور وہ شخص جسکو زخم لگے ہین۔
جریح ع ریش و زخم جو تلوار و چہرے سے لگے یا دنبل سے۔
جراح ع زخم لگانیوالا کہاو کرنیوالا فصد لینیوالا۔

جیم بانون

جَناح ۶ پر و بال و بازوے دست و پہلو لشکر جو جانب ہو
جُنح ۶ جرم و گناہ و تقصیر جو بندہ سے سرزد ہو —

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف دال اور اخیر مین حرف حا ہی

دال با عین

دعامی قدح ۶ ایک عا کا نام ہی جو عربی زبان مین ہے —

چھٹی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ذال اور اخیر مین حرف حا ہے

ذال با الف

ذابح ۶ ذبح کرنیوالا مارنیوالا قتل کرنیوالا —

ذال با بار

ذبح ۶ بسمل کرنا اللہ اکبر کہکر جانور کو ذبح کرنا —
ذبیح ۶ جو ذبح ہوا ہو یعنی وہ جانور جو ذبح کیا جاوے —
ذروح ۶ ایک سرخ رنگ کرم ہے جسکا کہانا زہر قاتل ہی
ذراریح ۶ جمع ذروح یعنی بہت سے کرم سرخ رنگ —

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف رے اور اخیر مین حا ہے

راے با الف

راجح ۶ غالب فایق اور پلہ ترازو کا جو بہاری ہو —
رابح ۶ سود دہندہ نفع بخش یعنی وہ چیز جس سے نفع ہو —
راح ۶ خوش ہونا آسودہ ہونا خوشبودار ہونا —
راح روح ۶ روح کی تازگی اور نام ایک راگ کا جو مشہور ہے
رامح ۶ نیزہ بردار اور نیزہ مارنیوالا سپاہی پہلوان —

رامی با بار

رباح ۶ نام غلام آنحضرت صلعم جو وفادار تہا —
ربح ۶ نفع و سود فایدہ جو تجارت مین حاصل ہو —

رامی با حار

رخراح ۶ فراخ و کشادگی اور کہولی ہوئی چیز

رامی با شین

رشح ۶ ٹپکنا پانی کا رشایح جمع رشاذ رشح کی ہے —

راے با میم

رمح ۶ نیزہ رماح رمح کی جمع ہے بہت سے نیزے —
رمّال و رمّاح ۶ نیزہ داران نیزہ سازان جو نیزہ بناتے ہیں

راے با واو

رواح ۶ دو گھڑی دن رہے کا وقت شام ہونے سے پہلے کا وقت
روح ۶ آسایش و فرحت بو خوشبو جس سے خوش ہو طبیعت
روح ۶ جان جمت سے وہ بخار لطیف جو دل سے پیدا ہوکر

موجب حیات انسان ہوتا ہے اور نام ہے عم کا۔
رَوَائِح ع جمع رائحہ یعنے بادہائے خوش اور خوش بو چیزین۔
رَوَاقِ مسیح ع چوتھا آسمان جسپر حضرت عیسے رہتے ہین۔
رَوزِ اِسْتِفْتَاح ع پندرہوین ماہ رجب جسمین در کعبہ کا کہولا جاتا ہے اور عیسے علیہ السلام اوسی روز بولا تہا اور مہد مین کلام کیا تہا۔

راے با یاے

رِیح ع بوے مطلق خوش ہو یا ناخوش اور وہ ہوا جو کسی کے پیٹ یا شکم مین ہو۔
رِیَاح ع جمع ریح بہت سے خوش ہوا مین اور جو چلین۔

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف سین اور آخیر مین حا ہے

سین با الف

سَامِح ع چشم پوشی کرنیوالا کسیکے جرم و خطا سے۔
سَادَہ لوح ف احمق بے وقوف آدمی بیعقل انسان۔
سَارِح ع شکار جو دست راست سے آدمی اور حقیقت جو ظاہر ہو اور جو شکار دست چپ سے آدمی او سکو بارح کہتے ہین

سین با باے

سَبَّاح ع شناور تیرنے والا تیرک دریا کا۔
سَبک رُوح ہ مرد بے تکلف بے تعلق جو جسپت چالاک آدمی

سَبُّوح ع ثنا کرنیوالا تعریف کرنیوالا صفت کرنیوالا۔
سُبُّوح ع بہت پاک یہ خدا کا نام ہے جسکی تعریف کیا گیا۔

سین با راے

سَرح ع چرنا چار پایہ کا اور چار پایہ چرنیوالے درخت بلند۔
سَرلوح ع پہلا ورق کتاب کا دیباچہ کتاب کے۔

سین با طاے

سَطح ع نام مکان کے جو چیز طول و عرض رکھتی مگر عمق نہو جیسے زمین
سَطِیح ع نام قلعہ چند قلاع خیبر مین ہے جو یہود نیکے قلعہ ہین
سُطُوح ع جمع ہے سطح کی چہت مکانکے اور صحن میدان۔

سین با عین

سعد ذابح ع منازل قمر سے بیسوین منزل کا نام۔

سین با فاے

سِفَاح ع زنا کرنا بیگانہ غیر محرم عورت سے جماع کرنا۔
سَفَّاح ع مرد بسیار عطا و فصیح و بہادر جوانمرد دلاور۔

سین با لام

سِلَاح ع ہتہیار قسم شمشیر و نیزہ و خنجر وغیرہ۔
سِلِیح ع اماد سلاح یعنے ہتہیار شمشیر و نیزہ وغیرہ۔

سین با میم

سَمَاح ع جوانمردی بخشش و سخاوت بے دلاور۔

سین با نون

سُنُوح ع پیدا ہونا کسے حادثہ یا شکار کا بائین سے۔

سین با واو

سَوَانِح ع جمع سانحہ احوال روداد ناپسندیدہ غیر مطبوع

سین با ثار

ثلثہ روح ف یعنی سہ الیہ ثلاثہ در روح جیو اونبات و جمادی۔ جو مشہور تھے

سین با یار

سیاح ع سیر کرنیوالا جا بجا پہرنیوالا۔ آدمی۔

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف شین اور اخیر مین حا ہے

شین با الف

شارح ع بیان کرنیوالا شرح کرنیوالا کھولنیوالا۔

شین با با

شبح ع شخص و جسم و کالبد جمع اسکی اشباح ہے۔

شین با را

شرح ع کہولنا اور بیان کرنا اور ظاہر کرنا کسے بات کا۔

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف صاد اور اخیر مین حا ہے

صاد با الف

صالح ع نیکو کار اور نام ایک پیغمبر کا جنکے دعا کیواسطے اونٹنی سپہر کے نکلی تھی اور قوم ثمود جو پیغمبر کی نافرمانی سے تباہ ہوئی

صاد با با

صبح ع فجر کا وقت اختتام رات کا اور آغاز دن کا۔

صبوح ع وہ شراب جو صبح کے پیتے ہین دفع خمار کیلئے

صبیح ع خوبرو سفید رنگ آدمی معشوق۔

صباح ع فجر کا وقت اور سفید رنگ آدمی خوبصورت۔

صباح ع خوبرو و شعلہ قندیل اور نام ایک مرد کا رد محمد بندہ نین کا جسکو حسن صباح کہتے تھے۔

صبیح ع خوبصورت سفید رنگ آدمی معشوق۔

صاد با حا

صحیح ع درست و تندرست و صحیح جسمین کوئی نقص و غلطی نہو

صحت ع تندرستی اور پاک ہونا عیب و نقصان سے۔

صحاح ع جمع صحیح اور نام کتاب کا علم حدیث مین۔

صحیح ع تندرست و پاک عیب سے جسمین کوئی نقص نہو

صاد با را

صرح ع قصر و کوشک بنا ہی عالی اور ظاہر کرنا و بلند کرنا۔

صریح ع خالص بے نقص بے آمیزش چیز۔

اصرح ع ظاہر و آشکارا۔

صراح ع خالص خلاصہ نام کتاب لغت مین روشنی۔

صاد با فا

صفح ع خطا معاف کرنا گناہ بخشنا عفو کرنا۔

صفائح ع جمع صفیحہ تختہ ہا سنگ و لکڑی ہر چیز کے

صاد با لام

صلاح ع نیکی اور بہلائے اور درستی ہر چیز کی۔

صلاح ع آشتی و صلح و معاہدہ اور دنیا مشہور ہے ہو

صلح ع خوبی و بہتری و صفائی و درستی۔

صاد با یار

صیاح ع آواز نوحہ فغان و فریاد و زاری۔

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ضاد اور اخیر مین حا ہے

ضاد با یار

ضبح ع آواز روباہ لومڑی کی آواز جو شہور ہے

ضاد با راء

ضرب الفتح ع شادیانہ کا نقارہ جو بجایا جاتا ہے

ضرائح ع قبر ضریح اسکے جمع ہے فارسی گور۔

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف طا اور اخیر مین حا ہے

طا با الف

طالح ع بدکار و بدافعال و بدبخت فاسق و فاجر آدمی ہے

طامح ع سرکش و متکبر و مغرور و نافرمانی آدمی۔

طافح ع شراب سے بھرا ہوا بدمست نجو د بیہوش۔

طا با با

طباشیر صبح ف صبح کی سفیدی کیونکہ طباشیر سفید رنگ ہے

طا با راء

طرح ع کنارہ کرنا قایم کرنا ڈالنا اور پھینکنا نقشہ و نمونہ ہر چیز کا

طراح ع نقاش و نمونہ بنانیوالا کنارہ کرنیوالا قایم کرنیوالا

طا با لام

طلح ع نام درخت خاردار و شگوفہ خرما اور درخت کیلہ کا جو مشہور ہے

طا با واو

طوائح ع حوادث و سختیان جو انسان پر وارد ہوتی ہین۔

تیرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف فا اور اخیر مین حا ہے

فا با الف

فالق الاصباح ع الگ کرنیوالا صبح کو یعنی خدا تعالی کی ذات پاک

فایح ع بوی خوش اور خوش ہوا جس سے فرحت حاصل ہو۔

فاتح ع کھولنے والا اوس چیز کو جو بند ہو۔

فا با تا

فتح ع کشایش اور نام حرکت حروف یعنی زبر اور غلبہ دشمن پر

فتوح ع کشایش۔

فتاح ع کھولنیوالا نام خداوند تعالی کا ہی جس لیے کہ کشایش کرنیوالا ہے

فا با را

فرح ع خوشی و فرحت و دلجمعی و آرام و عیش و عشرت

فا با صاد

فصیح — بے عیب کلام اور کلام کرنیوالا جو عیب سے نہ ہو۔

فا با ضاد

فضیح — رسوائے و بدنامی جو کسیکو حاصل ہو۔

فضوح — رسوائی و بدنامی و شہرت بد۔

فا با لام

فلاح — رستگاری و خیر و نیکی و خوبی و بھلائی

فلّاح — کشاورز یعنے زمیندار کھیتی کرنیوالا۔

فا با واو

فوایح — خوشبوئین اور خوشبودار چیزین جنسے خوشبو آوے

فا با یا

فیح — خوشبو پھونکنا کسے مین جو خوشبو نہ رکھتی ہو۔

چودہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف قاف اور اخیر مین حا ہے

قاف با الف

قُبح — زشتی و برائی و کراہت جو کسی چیز مین ہو۔

قبیح — زشت و نازیبا و بدصورت و مکروہ و بدشکل۔

قبایح — برائیان بدفعلیان و بدکرداریان اور عیب۔

قبوح — زشت و زبون و بدصورت و نامطبوع۔

قاف با حا

قَح — سادہ و خالص و زشت صفا کار و ستمگار و ظالم۔

قاف با دال

قدح — پہاڑ ملتوڑنا عیب و طعنہ کرنا دانتون یا لکڑونکو کرم کھانا

قدح — بڑا پیالہ پانی پینے یا شراب کا۔

قِدح — تیر بے پیکان اور قمار بازی کا تیر جس سے قرعہ کھیلتے ہیں

قاف با رائے

قراح — صاف پانی اور ہر چیز صفا و پاکیزہ جس میں کدورت نہو

قرح — گہرا اور خراب ہوا زخم جو ہمیشہ جاری ہو۔

قروح — جمع قرح بہت سے زخم جو گہرے اور جاری ہوں

قاف با زائے

قزح — نام کو ہ نام فرشتہ تو کل و رنگا رنگ و خوش شکل۔

قاف با لام

قلح — دانتونکی زردی چرک جو دانتون پر جم جاتی ہے۔

قاف با میم

قمح — گندم ہیاں اور خشک ستو جو فربت مین پیتے ہین

قوس قزح — رنگین کمان جو ابر مین محاذی آفتاب ہر ہوتی ہے

قاف با یا

قیح — ریم جو زخم سے نکلتی ہے اور مواد ردیہ و پیپل کا۔

پندرھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف لام اور اخیر مین حا ہے

لام با الف

لائح ہو ظاہر ہونیوالا روشن ہونیوالا آشکارا برملا۔
لاقح ہو مادہ جسکے ساتھ نر جفت ہوا اور حاملہ عورت اور وہ ہوا جس سے درخت کو پھل لگے۔

لام با فا

لفاح ہو اوس گھاس کا پھل جسکو بیروح اور مردم گیاہ کہتے ہیں۔

لام با قاف

لقاح ہو حاملہ ہونا عورت کا بارور ہونا درخت کا۔

لام با واو

لوح ہو تختہ لکڑی کا یا پتھر وغیرہ جو چوڑا اور لمبا ہو۔
لوائح ہو جمع لائحہ روشنیاں جو چاند و سورج وشمع سے ظاہر ہوتی ہیں۔

سولھویں فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف میم اور آخر مین حا ہے

مائدہ مسیح ہو وہ خوانچہ جو عیسیٰ مسیح کو آسمان سے اوترا تھا۔
مالح ہو شور و نمکین چیز شور و نمکین کرنیوالی چیز۔
مانح ہو سخی و بخشندہ اور دینے والا مال و دولت کا۔
مح ہو سفیدی تخم مرغ کی جو سوائے زردی کے ہوتی ہے۔

میم با با

مباح ہو جائز رکھا گیا روا رکھا گیا حاکم دیا گیا۔

میم با تا

متنزح ہو ٹپکنے والا یعنے جس سے پانی ٹپکا کرے۔

میم با جیم

مجنح ہو صاحب بال پر اوڑنیوالا جانور ہوا مین۔

میم با حا

مح ہو انڈے کی زردی جو سوائے سفیدی کے ہوتی ہے۔

میم با دال

مدح ہو تعریف کرنا سراہنا کسیکو۔
مدیح ہو ستایش و تعریف کرنا سراہنا کسیکو۔
مدائح ہو جمع مدیحہ تعریفیں جو کسیکی کیجائیں۔

میم با راے

مراح ہو جاے راحت اور روان جاری ہونا خوشی کا مقام۔
مراح ہو اونٹونکے بیٹھنے کا مقام جہان وے رات کے رہتے ہوں۔
مراح ہو عیش و خوشی و آرام و تسلی دل کی۔
مروح ہو راحت دینے والا خوشبو دار کرنیوالا خوش کرنیوالا۔
مروح ہو راحت دیا گیا خوشی پہونچایا گیا۔
مرح ہو بہت خوش ہونا تکبر کرنا فاسد ہونا۔
مربح ہو سودمند چیز جس سے ہر طرح فائدہ ملے۔
مرابح ہو بہت سے فائدہ اور بھلائیاں خوبیاں۔
مرجوح ہو مغلوب یعنے جسپر کسے نے غلبہ پایا ہو۔
مرتاح ہو صاحب راحت اور پانچوان گھوڑا اول میں سے۔
مرشح ہو ٹپکا ہوا پانی جو کسی چھت وغیرہ سے آتا ہو۔
مرغ مسیح ف خفاش یعنے شپرہ جو مسیح کے معجزے سے ...
مرغ صبح ف بلبل خروس جسے طائر الصباح کہتے ہیں۔

میم با سین

مَسِیح ۔ دوست روند مینا بچے والا دوسرا ہے بہت لقب عیسیٰ علیہ السلام کا اور منیر مسیح گو اور یکچشم ان دو صفتوں سے مجازًا القاب بھی
مُمسّح ۔ ہاتھ ملنا اور جماع کرنا اور مس کرنا کسیکے بدن کو
مَسّاح ۔ زمین کو پیمایش کرنیوالا زمین ناپنے والا ۔
مُسَلِّح ۔ نمکین چیز جسمین نمک ملا ہو ۔
مُسَامِح ۔ صلح کرنیوالا آسان کرنیوالا دلیر کرنیوالا درست کرنیوالا
مُستَراح ۔ جائے آرام مجازًا پاخانہ حاجت روائی کا مقام
مَست راح ف بدمست جس نے شراب پی ہو ۔
مُستَروِح ۔ آسودہ ہونے والا خوشبو لینے والا ۔
مُستَروَح ۔ جائے آسایش آرام کا مقام ۔
مُستَقبَح ۔ زشت و بدصورت و بدشکل مکروہ ۔
مُسرَج ۔ زین دار گھوڑا یعنی وہ گھوڑا جسپر زین پڑا ہو
مُسَطّح ۔ پھیلا فراخ اور بچھا ہوا فرش وغیرہ ۔
مُسَلّح ۔ سلاحدار یعنے جسنے ہتھیار باندھے ہوئے ہوں

میم با صاد

مُصلِح ۔ اصلاح دینے والا درست کرنیوالا اچھا بنانیوالا
مَصَالِح ۔ اصلاح پیدا کرنے والی چیزیں اسباب سامان رستے
مُصحِّح ۔ صحیح کرنیوالا غلطی درست کرنیوالا عیب مٹانیوالا
مِصبَاح ۔ چراغ اور پیالہ جیسی صبحی پینے کا نام کتاب نحو
مَصَابِیح ۔ جمع مصباح اور نام کتاب بعلم حدیث

میم با طار

مُطَلَّح ۔ [illegible] مانند نظری کہ تمام عمر خود امید بہبودی
مُطَرَّح ۔ [illegible]

میم با فار

مُفرِح ۔ فرحت بخشنے والی چیز اور نام معجون کا جو دل خوش کرتی ہے
مُفضِح ۔ رسوا کرنیوالا بدنامی دینے والا دشمن ۔
مِفتَاح ۔ کلید اور نام کتاب علم معانی میں جو عمدہ کتاب ہے ۔
مَفَاتِیح ۔ جمع مفتاح بہت سی تالیاں جس سے قفل کھولے جاتے ہیں

میم با قاف

مُقبُوح ۔ زشت و زبون بدصورت و مکروہ چیز ۔
مَقَابِح ۔ برا بیان بصورتیان بدیان ۔

میم با لام

مَلِیح ۔ نمکین و سبزہ رنگ معشوق سانولا رنگ ۔
مُلِح ۔ مبالغہ کرنے والا شور پڑنیوالا مفسد آدمی ۔
مَلّاح ۔ کشتی بان ناخدا جو جہاز کو کنارے پر لے جاتا ہے
مِلوَاح ۔ جو مرغ بلا کر پھنسا لیتے ہیں اور مرغ بکری پھوڑا جاتا ہے ۔

میم با میم

مَملُوح ۔ نمکین یعنے وہ چیز جسمیں نمک ملا ہوا ہو ۔
مُمَرَّج ۔ ایک قیمتی کپڑے کا نام قسم کتان ہے

میم با نون

مُنَقّح ۔ پاک و صاف کیا ہوا درست و بے عیب کیا ہوا
مُنشَرِح ۔ آسان کیا گیا اور نام ایک بحر کا بحر نظم ہے

میم با واو

مُوَشَّح ۔ آراستہ کیا گیا زیور پہنایا گیا اور نام صنعت شعر کی
مُودن سَنیح ۔ نام جسپر گول بالو ملیا بنایا ہے

سترھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف نون اور آخیر مین حا ہے

نون باالف

ناصح ع نصیحت کرنیوالا بد کام سے ہٹانیوالا۔

ناطح ع سینگ مارنے والا چوپایہ۔

ناکح ع چھید کرنیوالا نکاح کرنیوالا کسی عورت سے۔

نون با با

نباح ع نالہ سگ یعنی کتے کا رونا۔

نون با جیم

نجاح ع رستگاری فیروزی حاجت روائی و مشکل کشائی۔

نجح ع فیروزی و حاجت روائی و مشکل کشائی۔

نون با صاد

نصوح ع صاف و خالص توبہ و استوار فعل ایک مرد کا جسنے ایسی توبہ کی جو پھر گناہ نہ کیا۔

نصایح ع نصیحتین۔

نصاح ع جمع ناصح کی نصیحت کرنے والے لوگ سمجھانے والے

نصح ع نصیحت کرنا مینہ برسانا کپڑا سینا کسیکو۔

نصیح ع نصیحت کرنے والا سمجھانے والا باز رکھنے والا۔

نون با ضاد

نضح ع پانی چھڑکنا۔

نون با فا

نفح ع خوشبو پھونکنا اور خوش ہوا کا چلنا۔

نفایح ع خوشبوئیں۔

نون با قاف

نقل روح ع اپنے روح کو دوسرے کے جسم بیجان مین لیجانا یہ ایک عمل اہل ریاضت کے اعمال سے ہے۔

نون با کاف

نکاح ع چھید کرنا سوراخ کرنا شادی کرنا۔

نکح ع سوراخ چھید جو کسی چیز مین کیا جائے۔

نون با واو

نواح ع اطراف چاروں طرف جانب۔

نوح ع آواز قمری و کبوتر وغیرہ اچھی آوازین۔

نوح ع رونے والا آدمی نوحہ کرنے والا اور نام ایک نبی مرسل کا جنکی دعا سے قوم پر قہر نازل ہوا اور تمام زمانہ پانی کے طوفان مین غرق ہوگیا۔ صرف چند آدمی اور ہر ایک قسم کی پیدائش کا نر و مادہ جو کشتی مین بحکم خدا سوار رہا بچ گیا۔

اٹھارھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف واو اور آخیر مین حا ہے

واو باالف

واضح ع روشن و ہویدا و ظاہر و رسب کے روبرو۔

وَاضح وَلایح ع جو چیز بہت روشن و ظاہر ہوا ہو۔

واو با سین

وِشاح ع ازبدی گلوبند جو ایک زیور مشہور ہے۔

واو با ضاد

وِضاح ع روشن و آشکارا و واضح سب کے روبرو۔

وُضوح ع روشن ہونا ظاہر ہونا روبرو ہونا۔

واو با قاف

وَقیح ع بیشرم ہونا بیحیا ہونا بیغیرت ہونا۔

وِقاح ع بیشرم و بیحیا بیشرمی و بیحیائی۔

وَقیح ع جو آدمی شرم وحیا و غیرت نہ رکھے۔

واو با یا

وِیح ع یہ کلمہ افسوس و حسرت کا ہے جو رحم کے مقام پر کہتے ہیں

اُنیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف یا اور آخیر مین حا ہے

یا با را

یَبرُوح ع بیخ ثعل جسکو فارسی مردم گیاہ و ہندی مین لکھمنی کہتے ہیں۔

ساتوان باب

اون لغات کے ذکر مین جن کے آخیر حرف خا ہے اور اول کے حروف برعایت حروف تہجی اپنے اپنے موقع پہ بدلتے جاتے ہین اس مین اکیس فصل ہین

پہلی فصل

اون لغات کے ذکر مین جن کے اول حرف الف اور آخیر مین خا ہے

الف با با

آب سُرخ ف شراب برعایت اسکے رنگ کے۔

الف با خا

آخ ع تحسین آفرین و شور و فغان و غوغا۔

اَخ ع برادر بھائی و آفرین کہنا کسیکو شاباش کہنا۔

اُخ ع سونگنا ترکی مین تیر چلانے کا چلہ۔

اَخ رَخ ع خوش جسکو عربی مین طوبے کہتے ہین۔

الف با زا

آژخ ف مسّہ سیاہ رنگ جو آدمی کے بدن پر نکلتا ہے۔

الف با سین

اِسفاناخ ع پالک کا ساگ جو مشہور سبزی ہے۔

اِسلاخ ع چمڑا اوتارنا کھال اوتارنا ذبیحہ کا۔

الف با صاد

اِصطخ ع نام قلعہ شہر جو فارس کے ملک مین ہے۔

الف با نون

اَنتِساخ ع نسخہ کرنا نقل مطابق اصل لکھنا۔
اَنتِفاخ ع پہولنا نفخ کرنا ہوا کے بہر جانے سے۔

الف با واو

اوشتاخ و گستاخ و بے باک و بیشرم و بیحیا۔
اَوساخ ع جمع وسخ چرک و ریم زرد آب جو بدن سے نکلے۔
اَوج مریخ ف مریخ کا اسد جو خانہ مریخ ستارہ کا ہے۔

الف با یا

اَیلخ ت گلا اسپان گہوڑون کا گلہ۔

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف با اور اخیر مین خا ہے

با با الف

بادسرخ ف نام بیماری کا گلا و سخن و سرخ متورم ہوجاتا ہے

با با خا

بخ بخ ع خوشا و آفرین کہنا شاباش کہنا رضامند ظاہر کرنا

با با را

برخ ف پاره و حصہ و بہرہ اور ایک جو کل مین سے۔
بَرزَخ ع وہ چیز جو دو مخالف چیزون مین حائل ہو چنانچہ اعراف بہشت اور دوزخ مین ہے اور صبح دن اور رات مین اور زندگی دنیا کی دو نابود مین۔

با با طا

بطیخ ع خربزه جو مشہور میوه ہے اور مشہور خربوزه ہے۔

با با لام

بلخ ف خراسان مین ایک شہر مشہور و معروف ہے۔

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن اول بای فارسی اور اخیر مین خا ہے

با مع الف

پاسخ ف جواب دینا کسی سایل اور قایل کے سوال اور کلام کا

بای فارسی با واو

پوخ ت سرگین آدمی یعنے آدمی کا گہر فضلہ خور کا

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف تا اور اخیر مین خا ہے

تا با الف

تاریخ ع وقت ظاہر کرنا تعین کرنا کسی شے کا جو متعلق ماضی و حال کے ہو اور حال بیان کرنا گزشتہ لوگون کا

تا با سین

تسلیخ ع چمڑا اوکہاڑنا کہال اوتارنا کسی حیوان کا

تا با لام

تلخ ت کڑوا ناپسند و سیاہ و مکروہ و نامطبوع۔

تا با میم

تمریخ ع روغن یا کوئی اور چیز بدن پر ملنا مالش کرنا۔
تماسخ ع پہرجانا صورت کا خوبصورتی سے بدصورتی کیطرف

تا با نون

تناسخ ع زایل ہونا منتقل ہونا روح کا ایک جسم سے دوسرے جسم پر

تا با واو

توبیخ ف سرزنش و ملامت و عتاب کرنا کسے مجرم کو۔
تواریخ ع جمع تاریخ کی یعنے گذرے ہوئے احوال بیان کرنا اور مقرر کرنا ایک وقت کا کسے کام کے لیے۔
توی شاخ ف کشتی کے ایک فن کا نام ہے۔

تا با یا

تیر چرخ ف کنایۃً نام ستارہ عطارد کا جو منشی فلک ہے

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف جیم فارسی اور اخیر مین خا ہے

جیم مع الف

چار میخ ف ایک قسم کی تعذیب کا نام ہے جس سے مجرم کو ایک لکڑی کے تختہ پر لٹا کر چار مقام گلا و پیٹ اور دماغ وغیرہ مقام پر میخ لگا کر مار ڈالتے ہین۔

چار شاخ ف ایک قسم کی تعذیب کا نام ہے۔
چاہ زنخ ف ٹہوڈی کا گڑہا جو ایک صفت معشوق کی ہے

جیم با خا

چخ ف چھری کا غلاف جھگڑا لڑائی میل پیپ۔
چخاچخ ف آواز تلوار کی لڑائی مین و ہتہیار ڈکی آواز

جیم با را

چرخ ف ہر چیز مدور اور پہرنیوالی آلہ کلالان کا دولاب و آسمان وہ من قبا و رقص و گریبان پیراہن و تکلا سختی و نام موضع کا اور نہیں

چھٹی فصل

اون لغات کے ذکر مین جن کے اول حرف خا اور اخیر مین بھی خا ہے۔

خا با لام

خلخ ف ترکستان مین ایک شہر ہے۔

خا با واو

خوخ ت شفتالو آڑو جو ایک مشہور میوہ ہے

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف دال اور اخیر مین خا ہے

دال با واو

دوزخ ع بواو معروف نام گیاہ و بواو مجہول جہنم جسکے سات طبقے ہین جہنم ۔ لظے حطمہ سعیر سقر جحیم ۔ ہاویہ ان سات طبقون مین علیحدہ علیحدہ عذاب ہے ۔

دال با یاء

دیولاخ ف دیوخانہ گہر کا دیو گہر کا جن آسیب

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف رے اور اخیر مین خا ہے

راء با الف

راسخ ع استوار و برجا و قایم و مستحکم و مضبوط و پایدار

راخ ع شراب خوشی و نشہ و بدمستی و خوشمزاجی ۔

راء با خاء

ربخ ف رنج و غم و غصہ و حیرانی و پشیمانی ۔

رخ ف خسارہ و نام ایک بڑے مرغ کا و نام مہرہ شطرنج ۔

رای با سین

رسوخ ع استوار و قایمی و مستحکمی و مضبوطی و پایداری

رای با واو

روخ ع گہاس جسے بوریا بنتے ہین یا اوس سے ہر ایک چوب اسکو کہتے ہین

راء با یای

ریخ ع پنچال مرغ یعنے بیٹھ پیند جانور کی ۔

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف زائے اور اخیر مین خا ہے

زای با خاء

زخ ع شور و بانگ و صدائے جرس و زنگولہ گہڑیال کی آواز

زخ ف مسہ سیاہ گوشت جو جسم پر نکلتا ہے ۔

زای با راء

زرنیخ ف ہڑتال جو ایک کانی چیز زرد رنگ ہے

زای با نون

زنخ ف زنخدان و ذقن و طعنہ دینا کسیکو ۔

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف سین اور اخیر مین خا ہے

سین با باء

سباخ ع بنجر زمینین جنمین زراعت نہین ہوتے

سپاناخ ف پالک کا ساگ جو ایک مشہور سبزی ہے ۔

سین با تاء

ستاخ ع شاخ درخت کی ڈالی فرع

سین با راء

سُرخ ف لال رنگ جسکو ہندی مین رتہ کہتے ہین۔

سین بالام

سَلّاخ ع پوست کن چمڑا او کہال ہونیوالا کہال اتارنیوالا

سَلخ ع چمڑا او کہال اُتارنا اور ہر ایک چاند کا آخری تیسوین تاریخ

سین بامیم

سَماخ ع سوراخ گوش کان کا چہید۔

سین بانون

سنگلاخ ف وہ زمین جس سے پتھر نکلتے ہین۔

سین باواو

سُوراخ ف چہید جاہے کسی چیز مین ہو۔

سین بایار

سیخ ف لوہے کی سلاخ لمبی جو مشہور چیز اور جسپر کباب بہونتے ہین۔

گیارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف شین او ر اخیر مین خا ہے

شین باالف

شاخ ف شاخ درخت سینگ حیوان کا ٹکڑا لکڑی کا۔

شاخ شاخ ف پارہ پارہ ٹکڑا ٹکڑا ذرہ ذرہ۔

شالخ ع سوانگ جو ایک قسم کا غلہ مشہور ہے

شاہرخ ف نام شاہزادہ اور شطرنج باز جو شطرنج کہیلے

شامخ ع بلند والے جمع اسکی شوامخ ہے بلند چیز

شین باخا

شخ ف اختصار شلخ یعنے ایک ڈالی یا فرع۔

شین بایار

شیخ ع بوڑھا بزرگ جمع اسکی شیوخ ہے۔

بارہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف صاد او ر اخیر مین خا ہے

صاد باالف

صَارخ چلانیوالا بہت بلند آواز نکالنیوالا۔

صاد بارا

صُراخ ع چیخنا چلانا بہت بلند آواز نکالنیوالا اور وہ شخص جسکو چیخکر بولنے کی عادت ہو۔

تیرھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف طا او ر اخیر مین خا ہے

طابارا

طَبخ ع پکانا اور پکوانا جوش دینا او بالنا کسی چیز کو۔

طَبیخ ع کسی چیز کا پکا یا ہوا یا نی جوش دیا ہوا۔

طبّاخ ع باورچی طعام پکانے والا آدمی۔

طابارا ے

طرخ ۶ وضع ڈھنگ طرز طریق عادت خو۔

چودھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف فا اور اخیر مین خا ہے

فا با الف

فاسخ ۶ توڑنیوالا فساد کرنیوالا فسخ کرنیوالا۔

فا با رے

فرفخ ۶ خرفہ جو ایک سیاہ رنگ تخم ہوتا ہے۔

فرسخ ۶ مقدار تین میل یعنی تین کوس کا فاصلہ۔

فراخ ۶ چوڑا اور بہت اور وہ چیز جسمین وسعت ہو۔

فراسخ ۶ جمع فرسخ یعنی بہت سے فرسنگ

فا با سین

فسخ ۶ توڑنا اور فساد کرنا خرابی کرنا پیوند اوکھاڑنا۔

پندرھوین فصل

اون لغات کے ذکر مین جن کے اول کاف اور اخیر مین خا ہے

کاف با الف

کاخ ف قصر محل اور بہت بلند عمارات امیرانہ۔

کاف با خا

کخ کخ ف آواز خندہ کلمہ نفرت و ہنسی کی آواز۔

کخ کخ ف آواز سرفہ یعنی کھانسے کی آواز۔

کخ ف بو ریا گھاس کرم میوہ اور عنقور جسے بچھو ڈرے

کخ ف مزہ تلخ و کلمہ نفرت جو نفرت کے وقت کہین۔

کاف با رے

کرخ ۶ بغداد کے پاس ایک گاؤن ہے جسکا نام کرخ ہے۔

کرخ ف مخفف کرخت یعنی بہت سے سخت چیز۔

کاف با سین

گستاخ ف شوخ چالاک بے باک بی ادب کنندہ ناترس

کاف با لام

گلرخ ف خوبصورت آدمی پھول کی رنگت والا۔

کلوخ ۶ مٹی کا ڈھیلا۔

کاف با واو

کوخ ت جھونپڑا دخانہ بے روزن اور بوریا یعنی کی گھاس و کرم میوہ۔

سولھوین فصل

اون لغات کے ذکر مین جن کے اول حرف لام اور اخیر مین خا ہے

لام با الف

لاخ ف جا و مقام و بسیار جو اپنے وہر چیز کے بہتات

لام با خا

لام با خاء

لَخ و لوخ ت بوریا بننے کے گھاس جسکو دُھوئی بھی کہتے ہیں

سترھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف میم اور آخیر مین خا ہے

میم با الف

مالخ ع سودا خلل دماغ الیخولیا جو مرض مشہور ہے۔

ماسخ ع تفہ۔ بمیزہ۔ پھیکا۔ مزہ خراب مزہ۔

میم با تاء

مُتلطّخ ع آلودہ ہوئے ہوی چیز گندگی سے بھر ہوے

میم با خاء

مُخ ع مغز سر مغز استخوان کی خلاصہ ہر چیز و نتیجہ ہر چیز

میم با رے

مَرْخ ع روغن ملنا اور نام ایک درخت کا دلکڑی جلانا

مرکز چرخ ف کرہ زمین یعنی ربع تمام سر زمین جسقدر ہے۔

میم با زا

مزاح ف خوشطبعی کرنا مسخری کرنا خوش مزاجی کرنا

میم با سین

مَسخ ع اچھی صورت سے بصورت ہونا صورت بگڑجانا

مسلخ ع پوست اوکھاڑنیکی جگہ ذبح کرنیکا مقام قصاب خانہ

مَسِخ ع بمیزہ چیز بے ذائقہ چیز جسکا مزہ کسیلا ہو

میم با شین

مشایخ ع جمع مشیخہ و مشیخہ جمع شیخ یعنے بہت بزرگ لوگ

میم با طاء

مَطبَخ ع طعام پکانیکی جگہ جس مقام پر کھانا پکایا جاے

مُطبِّخ ع باورچی جو کھانا پکانے پر مقرر ہو۔

مَطبوخ ع پکایا ہوا جوش دیا ہوا اوبالا ہوا۔

میم با فاء

مُفسِّخ ع نام ایک درد و بیماری کا ہے جو مہلک ہوتی ہے

میم با لام

مَلاخ ف ایک شہر کا نام ہے۔

میم با میم

مُمسِخ ع مسخ کرنیوالا پھیرنیوالا صورت کا صورت بگاڑنیوالا

میم با نون

مِنفَخ ع دم آہنگران یعنے لوہار کی کھالین جس سے آگ روشن کرتے ہیں

مُنفِخ ع پھونکنی والا اور وہ چیز جو پیٹ مین ہوا پیدا کرے

مَنسوخ ع رد کیا گیا نیست و نابود کیا گیا بگاڑا ہوا۔

مُنتسِخ ع نسخہ لینیوالا نقل اوتارنیوالا کسی کتاب کا۔

مُنتسَخ ع نسخہ لیا گیا نقل اوتارا گیا کسی کتاب سے۔

مَناخ ع محل خواب جائے آسودگی جس جگہ بیٹھیں

مُنفسِخ ع فاسد و تباہ کار و خراب شدہ ٹوٹنے والا۔

اٹھارھوین فصل

اون لغات کے ذکر مین جن کے اول

حرف نون اور اخیر مین خا ہے

نون با الف

ناچخ ف چہوٹا نیزہ اور برچہے جو ایک ہتھیار ہے۔

نافخ ع پہونکنے والا دم لگانے والا۔

ناسخ ع رد کرنے والا اور لکہنے والا جسکا عربی خط ہو۔

نون با خار

نخ ع تار رشتہ خواہ سوت خواہ ابریشم کا یا کسی اور چیز کا۔

نون با را

نرخ ع قیمت بہاؤ جو کسی چیز کا مقرر ہو۔

نون با سین

نسخ ع زایل کرنا رد کرنا لکہنا اور نام خط جو اختراع کیا ہوا عماد الدین یاقوت مستعصمی کا ہے۔

نسخ ع جمع نسخہ یعنے بہت سے نسخے کتاب وغیرہ کے۔

نون با فار

نفخ ع پہونکنا اور چلنا ہوا کا اور دم لینا۔

نون با یار

نیم رخ ف تصویر یک چشم جسکی ایک آنکہہ دکہلائی جاوے۔

اونیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف واو اور اخیر مین خا ہے

واو با خار

وخ ع واہ واہ یہ کلمہ فرحت وحیرت کا ہے۔

وخ وخ ع کلمہ فرحت و تعجب کا ہی جو لیسے مقام پر بولا جاتا ہے۔

واو با سین

وسخ ع چرک و ریم و چرکین و میلا و میلا پن ہر چیز کا۔

بیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ہا اور اخیر مین خا ہے

ہا با زار

ہزار میخ ف لباس فقرا جسکو کئی طرح کے پیوند ہوں۔

ہاے با نون

ہندوی چرخ ف کنایۂ ستارۂ زحل جسکا اصلی رنگ سیاہ ہے۔

الیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف یا اور اخیر مین خا ہے

یا با الف

یافوخ ف تالو یعنے تالو نوزائیدہ بچہ کا جو متحرک ہوتا ہے۔

یا با خار

یخ ف وہ پانی جو بسبب سردی کے مثل آئینے کے جمکر چمکتا ہے اور دونو طرف سے مثل آئینہ نظر آتا ہے۔

اور برف آسمان سے برستی ہے۔

آٹھوان باب

اون لغات کے بیان مین جن کے اخیر دال ہے اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی کے اپنے اپنے موقع پر بدلتے جاتے ہین اس مین اٹھائیس فصل ہین

پہلی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف الف اور اخیر مین دال ہے

الف با دال

آب مروارید ف بیماری نزول الماء جسکو موتیا بند کہتے ہین

آب منجمد ف کنایۃً پیالہ بلور کا جسمین شراب پیتے ہین۔

آب سند ف دریائے سند جو ہند کے دریاؤن مین بڑا ہے

آب در جگر ندارد ف جو شخص مفلس و نادار و بے عقل و نادان و بد دل ہو۔

آب وزد ف عورتون کے نہانے کا مکان جو تالاب پر ہوتا ہے پانی چورا و سکو کہتے ہین۔

آب خورد ف نصیب و قسمت و روزی و خانہ و تالاب جہان پانی

آباد ف ضد ویران و آفرین و ستائش اور بسا ہوا

آباد ف نفرین و دعائے بد جو کسیکے حق مین کیجائے۔

اَبعاد ع جمع بُعد دوریان اور منازل و مسافت جو دور ہو

اِبعاد ع دور ڈالنا دور پھینکنا کسیکو اپنے آپ سے۔

آباء عن جد ع باپ دادے سے قدیم الایام سے

اَبَد ع ہمیشہ اور وہ زمانہ جسکے نہایت نہو۔

ابوزید ع نام مرد زیرک جو فاضل و صاحب علم تہا۔

اَبجد ع حروف مفردات الف سے یا تک اور وہ آٹھ کلمے جو حساب جمل واسطے ترتیب اعداد کے قرار پائے ہین۔ ابجد ہوز حطی۔ کلمن سعفص۔ قرشت۔ ثخذ ضظغ۔

الف با تار

آتش بیدود ف کنایۃً آفتاب جسکی آگ مین دہوان نہین

اتحاد ع دوستی محبت رد یگانگت جو کسی سے ہو۔

الف با ثار

اِثمد ع ہو سنگ سرمہ جسکو پیس کر سرمہ بناتے ہین۔

الف با جیم

اجتہاد ع کوشش کرنا اور حاصل مسائل شرعیہ کا قرآن و حدیث سے

اجناد ع فوج لشکر و ا جنود لشکر کا لفظ جند کی جمع ہے

اجساد ع بہت بدن اور جسم یہ لفظ جسد کی جمع ہے

اجلوّاد ع دوڑنا تیزی سے چلنا تیز رفتاری کرنا۔

الف با حار

احاد ع جمع احد اکائی ایک سے نو تک حساب شمار مین۔

اَحفاد ع فرزندزادگان و خادمان و خدمتگذاران۔
اَحقاد ع کینہ ہا و غصہ لیعنی بہت سے غضب و غصے جمع حقد کی۔
اِحقاد ع کسیکو غصہ مین لانا غضبناک کرنا بہر کانا۔
اُحُد ع نام پہاڑ کا جو مدینہ کے پاس ہے اور آنحضرتؐ نے اوس مقام پہ کفار مکہ کے ساتھ جنگ کی اور امیر حمزہ سید الشہدا اوسی لڑائی مین شہید ہوئے حضرت کا دندان مبارک بھی اوسی لڑائی مین ٹوٹا۔
اَحَد ع ایک و اکیلا ہفتہ کا دن اور نام خداتعالیٰ کا بھی ہے۔

الف باخاء

آخوند ف اوستاد و معلم تعلیم دینے والا علم پڑہانیوالا۔
اُخدود ع شگاف لمبا زمین و کوہ جو دراز ہوں۔

الف باراے

آرد ف آٹا گندم وغیرہ کا جسکی روٹیان پکاتے ہین۔
آرد ف چھبیسوین تاریخ ہر ماہ شمسی کی۔
اُرمزد ف نام ستارہ مشتری و روز اول ہر شمسی کا۔
آرد ف قہر و خشم و غضب اشتعال طبیعت کا۔
اَرد ف مانند و نظیر و مثل چنانچہ اردشیر یعنے مانند شیر۔
اُرد ف چھبیسوین تاریخ ہر مہینے شمسی کی۔
اَروند ف نام کوہ جسکو الوند بھی کہتے ہین بڑے پہاڑ کو۔
اِرتداد ع رد ہونا دین سے پہر جانا مرتد ہونا۔
اَرمَد ع صاحب رمد جسکی آنکہین دکہتی ہون آشوب چشم۔
اَرشد ع سیدہے راستہ پہ چلنیوالا ارشاد دینے والا۔
اِرتیاد ع ڈہونڈہنا اور طلب کرنا جستجو کرنا۔
اِرشاد ع حکم دینا ہدایت کرنا خدا کی راہ پر لیجانا۔
اَرچند ف ہرچند اس لفظ مین ہا الف سے مبدل ہے۔

الف بازا

آزاد ف جو شخص کسیکا غلام نہو اور نام درخت جسکو طاق کہتے ہین اور جہان مین ہوتا ہے اوسکے پتے زہر ہوتے ہین مجرد و بے عیب و کامل اور سرو کو آزاد اس لئے کہتے ہین کہ خزان سے محفوظ ہے۔
آزرد ت بہت کہانا پیٹ بہر کر کہانا زیادہ کہانا ہو سے۔
اِزلعاد ع سخت آواز کرنا اونٹ کو چلا کر بولنا۔
اِزدیاد ع زیادہ ہونا بڑہ جانا پہلے حالت سے ترقی کرنا۔
اِزدراد ع کہا جانا گلے سے اوتار لینا نگلجانا لقمہ کو۔

الف باسین

اِسپہبد ف سپہ سالار فوج و لشکر کا افسر پہلوان سر گروہ۔
اِستبداد ع ضد کرنا ماخوذ لفظ بد سے اور یکہ کے معنے ضد کے ہین۔
اُستاد ف تعلیم دینے والا علم پڑہانیوالا ہنر سکھلانے والا۔
اِستعداد ع آمادگی و قابلیت جو کسیکو حاصل ہو۔
اِستطراد ع اچہے کار روائی اور چلاو ہر خبر کا۔
اِستبعاد ع دوری چاہنا الگ ہونیکی درخواست کرنا۔
اِستشہاد ع گواہی چاہنا کسی گواہ جو اوسکی دل کی اوس طرف۔
اِستمداد ع مدد مانگنا یاری چاہنا مشکل کشائی چاہنا۔
اِستسعاد ع نیک بختی مانگنا سعادت چاہنا نیکی طلب کرنا۔
اِستعباد ع بندگی پکڑنا عبادت کرنا بندہ بننا۔
اِستیلاد ع ولادت چاہنا اولاد مانگنا نسل چاہنا۔

اِسْعَاد ع یاری و نیک بختی و سعادت و نیکی و خوبی
اُسُوْد ع جمع اسد بہت سے شیر جو مشہور جانور ہے۔
اَسْوَد ع ہر چیز سیاہ رنگ یا زسیاہ اور کالے رات۔
اِسْنَاد ع وہ چیز جسپر تکیہ و حصر ہو یعنے جائے پناہ۔
اَسْنَاد ع جمع سند یعنے بہت سے سندین۔
اَسَد ع شیر درندہ جو مشہور جانور ہے۔
اِسْتِرْدَاد ع واپس لینا کسے چیز کا جو دیچکی ہو۔

الف باشین

اِشْهَاد ع گواہی دینا جو حال معلوم ہو بیان کرنا۔
اَشَدّ ع سخت مضبوط نہایت مستحکم چیز۔
اِشْتِدَاد ع سختی و سخت گیری و سخت مزاجی و شدت۔
اَشْکَدَاوَد ف ایک شہر کا نام ہے جو مُرغ و صفاہر۔
اِشْتَاد ع سخت اور چھبیسوین تاریخ ہر مہینے کی۔

الف باصاد

اَصْفَاد ع بہت سے زنجیرین اور قید اور بخشش۔
اِصْطِیَاد ع شکار کرنا شکار کھیلنا۔

الف باضاد

اَضْدَاد ع جمع ضد کی یعنے بہت سے ضدین۔

الف باطاء

اِطِّرَاد ع پیدا ہونا ایکدوسرے کے پیچھے ہونا ایکدوسرے کی پیروی کرنا۔
اِطِّرَاد ع چلانا روان کرنا جاری کرنا کام کا۔

الف باعین

اِعْتِدَاد ع اعتبار و شمار مین لانا حساب مین لانا۔
اِعْدَاد ع آمادہ کرنا مستعد کرنا تیار کرنا۔

اَعْدَاد ع جمع عدد یعنے حساب و شمار۔
اِعْتِضَاد ع یاری کرنا قوت دینا مدد کرنا۔
اِعْتِمَاد ع اعتبار کرنا تکیہ کرنا بھروسا کرنا کسے پر
اِعْتِقَاد ع سخت پکڑنا محکم پکڑنا کسے بات کو دل مین
اِعْتِیَاد ع عود کرنا پھر آنا باز گشت کرنا۔

الف باغین

آغَایَد ع جمع اغید معشوقان نازک بدن خوبرو ہوتے

الف بافاء

اِفْتِقَاد ع گم کرنا نابود کرنا مہربانی کرنا مہربان ہونا۔
اُفْتَاد ف اتفاق کسے بات کا جو پڑ جاوے۔
اَفْرَاد ع فرد کی جمع ہے یعنی ایک ایک الگ الگ
اِفْسَاد ع فساد کرنا فتنہ برپا کرنا شور و غوغا کرنا۔
اَفْسَاد ع بربادیان بہت سے فتنے و فساد و شور۔

الف باقاف

اِقْلِیْد ع معرب کلید یعنے تالی جس سے قفل کھولین۔
اِقْتِصَاد ع میانہ روی میانہ چال و اعتدال ایک ہر بات میں

الف باکاف

اَکْرَاد ع نام قوم صحرا نشین جو کرد کہلاتی ہے اور کردستان اونکا ملک ہے
اَکِیْد ع محکم و استوار و مضبوط و مستقل۔

الف بالام

اَلْوَنْد ف نام کوہ جسکو اروند بھی کہتے ہین۔
اَلَدّ ع سخت خصومت کرنیوالا نہایت عداوت و دشمنی والا۔

الف بامیم

اَمداد ع مدد کرنا یا ری دینا حمایت کرنا مشکل کے وقت میں۔
اَمتداد ع دراز ہونا اور پھیلنا کسی چیز میں ہو۔
اَمجَد ع بزرگتر یعنے بہت بزرگ صاحب عزت۔
اَمجاد ع بزرگان یعنے بڑے بزرگ صاحب اقتدار۔
اَماجِد ع بزرگان جو مرتبہ میں بزرگ ہوں۔
اَمرَد ع بے ریش امرد جمع اسکی ہے وہ لڑکا جو داڑھی نہ رکھتے ہوں۔
اُمّید و اُمید مشہور لفظ کسی سے طمع رکھنا۔
اُمّ ولد ع وہ کنیز جسنے اپنی مالک کے نطفہ سے لڑکا جنا ہو اور مالک کے وفات کے بعد وہ آزاد متصور ہو۔

الف بالنون

اِنقیاد ع فرمانبردار و فروتنی و خاکساری و عجز۔
اِنقیاد ع نقد لینا اور گھاس کو دانہ سے جدا کرنا غلہ صاف کرنا۔
اِنعقاد ع باندھا جانا اور جمع ہونا یکجا ہونا فراہم ہونا۔
اِنشاد ع شعر پڑھنا شعرخوانی کرنا۔
اِنسداد ع بند ہونا رستہ کا جو پہلے جاری تھا دیوار بنانا۔
اِنفراد ع تنہا ہونا فرد فرد ہونا اکیلے ہونا۔
اَنبان باد ف آہنگر کی کہال جس سے آگ روشن کرتے ہیں۔

الف باواؤ

اَوتاد ع میخین جمع وتد اور اولیا جو تمام جہان میں چار رہتی ہیں اور مدار زمانہ کا اونپر ہے۔
اَوراد ع وظیفے جو ہر روز پڑھے جائیں اور ذکر جو ہر روز کیا جائے۔
اَولاد ع بیٹے بیٹیا پوتے پوتا دہتے دہتا ولد کی جمع ہے۔

اَولاد ع نام دیو جو مازندران میں رہتا تھا۔
اَورمزد ف ستارہ مشتری جو قاضی فلک ہے اور حکومت اوسکے متعلق ہے۔
اَورَند ف تخت و فرو شکوہ و مکر و حیلہ و فریب۔
اَوحَد ع یگانہ ایک جسکے ساتھ کا کوئی نہو۔
آوند ف برتن پانی پینے کا اور ہر ایک برتن۔
آورد ف لایا ضد برد کے جنگ و پیکار و فساد و فتنہ۔

الف بایار

اِیجاد ع وجود میں لانا پیدا کرنا موجود کرنا کسی چیز کو۔
اِیراد ع پیچھے لانا وارد کرنا اوتارنا کسی چیز کو۔
اِیزد ف نام حقتعالے جلشانہ کا ہے۔
اِیلاد ع زائیدن یعنے جلنا عورت کا بچہ کو۔
اِیزاد ع زیادہ ہونا مگر خلاف قیاس ہے۔

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف با اور آخیر مین دال ہے

با با الف

باد ف ہوا و کلام و سخن و مدح و آہ و نالہ و نخوت و غرور و کلمہ دعائیہ و نام فرشتہ و نام بیماری و صدمہ و ضرب۔
بارِد ع سرد کرنیوالا و نا خوش و بیمزہ و مرد بے شہوت۔
بادآورد ف نام خزانہ خسرو پرویز کا نام ختت در خار دار نام مشہور۔

بامداد ف صبح کا وقت طلوع آفتاب سے پہلے۔
باوجود ف تسپر بھی فلان شخص کے ہوتے ہوئے۔
باربد ف نام مطرب جو مقربان خسرو پرویز سے تہا اور
گانے مین اوستاد تھا۔
باسعود ع کنیت خواجہ ابو الحسن خرقانی جو ایک مقبول شیخ تھے
بازوبند ف ایک زیور کا نام جو بازو پر باندھتی ہین
باغ مراد ف شہر ہرات مین ایک باغ کا نام ہے
جسکو شاہ مراد نے بنایا تھا۔

باباخاے

بخرد ف دانا و ہوشیار صاحب عقل و ہوش و لیق
بخت سعید ف طالع مند جسکے بخت اچھے ہون۔
بخت بلند ف صاحب طالع امیر سردار دولتمند

بابادال

بدع چارہ علاج و چارہ جو کسی مشکل امر مین کیجیے۔
بد ف مخفف بود و صفت خداوند مثل سپہبد وغیرہ۔
بد ف مخالف نیک یعنی برا آدمی برائی کرنیوالا۔
بدرود ف وداع کرنا رخصت کرنا علیحدہ کرنا کسیکو۔
پدید ف ظاہر و آشکار و عیان و برملا۔

باباراے

برخورد ف ملاقات و ملاقات کیا گیا آپس میں ایک دوسرے سے
برخوردف پہل کہا ملاقات کرنے والا ہونیکی حاصل کرنیوالا۔
برمدوم سفر نہ ہو ہمیشہ ہونا قیام کرنا ٹھہرے رہنا۔
بردم ایک قسم کا مخطط کپڑا و قصیدہ بردہ مشہور ہے۔

بردوزالہ و تگرگ جو بادل سے برسین۔
برد ع جو چیز سرد ہو مثل برف و یخ وغیرہ۔
برگ بید ف قسم تیر و خنجر جو بید کے پتے کی طرح ہوتا ہے۔
برید ع قاصد و نامہ بر اور دم کٹا ہوا گھوڑا۔
برجند ع نام ایک قصبہ کا جو خراسان مین ہے۔
برتہ بند ف تجربہ کار اور نام قوم جو فوج پالتی ہین۔
برازندہ ف زیبا یعنی یہ بات اچھی معلوم ہوتی ہے
برومند ف بارور برخوردار کامیاب صاحب نصیب

باباسین

بسند ف کافی اور کافی ہونا بس ہونا۔
بسد ت مرجان یعنی مونگا جو ایک قسم کا جواہر ہے
اور سمندر مین پیدا ہوتا ہے۔

باباشین

بشن بید ھ نام ایک راگ کا جو ہند مین گاتے ہین۔

باباعین

بعد ع دوری یعنی دور ہونا کسی مقام سے کسی مقام تک۔
بعید ع دور یعنی وہ شخص جو کسی مقام سے دور ہو۔
ابعد ابعد ع نام اس جگہ کا جو تمام افلاک سے بلند ہے اور جو چیز نہایت دور ہو

باباغین

بغداد ع نام شہر جو مشہور ہے اور حضرت غوث الاعظم
کا وہان مزار ہے اور ایسے بہی وہان مزار ہین۔

بابالام

بلید ع کند ذہن آدمی جسکو علم پڑہنے کا مادہ نہو۔

بگند ف عظیم الشان بزرگ دراز اور دہلیز سکہ اوپر کی کڑی اور ہر چیز لمبی جاے اور کرگ چاہیے کو مثل زلف بند وغیرہ

بابا نون

بند ف قید و مکر و تدبیر و فریب و حیلہ و پیوند عضو و زنجیر و قفل و بند قبا و دوال تیغ اور بند پانی کا و عہد و پیمان و خیال

بنامیزد ف کلمہ قسم ہے اسکے معنے قسم ہے خدا کی۔

بابا واو

بویزید و نام ایک ولی کامل کا جو بسطام شہر مین قیام پذیر تھا

بوسعید و نام شد حضرت محبوب الاعظم گیلانی کے بغداد قدس سرہ

بابا ہاے

بہزاد ف نام نقاش جو ہم عہد شاہ اسمٰعیل صفوی کے تہا اور اپنے کام مین کمال استاد تہا۔

بابا یاء

بیدء جمع بیدا معنے بیابان پیوند جوڑ ہر چیز کا۔

بید ف نام درخت جو پہل نہین رکہتا دے بمعنے شعور و آگاہی و بیہودہ و نام دیو و نام کرم جو قالین و پشمینہ کو کہاتا ہے و نام کتاب ہنود جو چار بید مشہور ہے۔

بیہودہ ف بیہودہ بے فایدہ۔

بیداد ف ظلم و ظالم و جور و جفا کار و ستم و ستمگار۔

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول باے

فارسی اور اخیر مین دال ہے

بابا الف

پاید ف قایم رہے پایدار رہے ہمیشہ رہے۔

پایمرد ف مددگار مدد کرنیوالا حاجت کے بنیوالا

پازند ف دست پناہ آگ پکڑنیکا اور نام کتاب مجوس کا

پابند ف قید اور مقید جو قید مین ہو۔

بابا راے

پرند ف حریر سادہ ابریشمی و جوہر تیغ و پروین یعنے ثریا ستارہ ہاے آسمانے۔

پلید ف نجس و خراب و مکروہ نجلا ناپاک کے یعنی جو چیز پاک نہو

بابا نون

پند نصیحت جو کسی شخص کو بدی سے باز رکہنے کے لیے کیجاے۔

بابا واو

پود ف وہ سوت جو کپڑے کی عرض مین بنتے ہین جسکو بانا اور پیٹا کہتے ہین۔

پولاد ف ایک قسم کا بیش قیمت لوہا ہوتا ہے جس سے قیمتی ہتہیار بناتے ہین۔

بابا یاء

پیل بند ف بازی شطرنج مین ایک کہیل کا طریق ہے

پیش خورد ف چاشنی طعام اور کہانا تہوڑا ناشتہ کے طور پر

پیش آمد ف سلوک و مدارات جو کسی سے کیجاے۔

پیش نہاد ف ارادہ و منظور خاطر و عزم و قصد جو کیا جاے

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف تا اور اخیر مین دال ہے

تا با الف

تالد ع مال کُہنہ پُرانا مال اور پُرانا اسباب۔
تابید ع ہمیشہ کرنا ابد تک کرتے رہنا کسے کام کو۔
تاشکند ف توران مین ایک شہر مشہور ہے۔
تاکید ع باز رکہنا مضبوط کرنا بار بار کہنا اور کرنا۔
تائید ع مدد کرنا دستگیری کسے مشکل کام مین۔
تار و پود ف تانا بانا کپڑے کا سوت کپڑا بننے کا۔

تا با بار

تبرزد ف قند سفید نبات شفاف جو نہایت تخفہ ہوتا ہے۔
تبلد ع کند ذہنی و کم فہمی ہو کج فہمی و کم عقلے۔
تباعد ع دوری یعنی فاصلہ پر ہونا دور رہنا کسے مقام سے۔

تا با جیم

تجاہد ع کوشش کرنا سعی کرنا کسے کام مین دل لگانا۔
تجدید ع نئے سرے کام کرنا دو بارہ پہلی کام کے آغاز کرنا۔
تجرید ع بہنہ کرنا اکیلا کرنا اور نام ایک کتاب کا۔
تجوید ع نیکو کرنا سنوارنا حروف کو مخارج سے ادا کرنا۔
تجرد ع اکیلا ہونا مجرد ہونا برہنہ ہونا تارک دنیا ہونا فقیر ہونا۔
تجلد ع جلدی سے چالاکی کرنا جلدی سے کام کرنا۔

تا با حا

تحمید ع تعریف کرنا سراہنا حمد پڑہنا خدا کی جناب مین۔
تحدید ع حد مقرر کرنا تیز کرنا آمادہ کرنا کسے۔

تا با خا

تختہ بند ف حبس محبوس لوہا و لکڑیان جو شکستہ عضو پر باندہتے ہین۔
تختہ نرد ف وہ تختہ جسپر نرد کہیلین اور نرد نام ایک کہیل کا ہے جسکو نرد کے ذریعہ کہیلتے ہین۔

تا با راے

تربد ع نام دوا مسہل جسکو کہتے ہین نسوت ہندی اسکی کہانے سے دست آتے ہین۔
تردید ع رد کرنا پہرلانا پہیر دینا اور کرنا ردی کا۔
تردد ع پہرنا چلنا آنا جانا محنت کرنا زحمت کرنا۔
ترصد ع امیدوار ہونا کسی سے امید رکہنا طمع رکہنا۔
ترک تمام شد ع لا جو اہل بات ختم ہوئی تقریر کرنیکا۔
ترجیع بند ف یہ ایک قسم کی نظم ہے جو چند مصرعون کے بعد بار بار وہی دو مصرع لاتے ہین۔
ترکیب بند ف یہ ایک قسم کی نظم ہے جو چند مصرعے ایک قافیہ ردیف کے لکہہ کر دو مصرعے اور مختلف قافیہ ردیف کے لاتے ہین۔

تا با زاے

تزاید ع بڑہنا زیادہ ہونا ترقی پانا پہلی حالت سے۔
تزارید ع بہت سے جمع ہونا ہر شکل کے کسے چیز مین ہونا۔

تا با سین

تسافد ع جماع کرنا چارپایون کا جفتی ہونا نر کا مادہ سے۔

تسدید ع بہت درست مضبوط کرنا قایم کرنا کسے چیز کو۔

تسوید ع سیاہ کرنا اور لکھنا مسودہ کرنا۔

تا با شین

تشدید ع سختی کرنا استوار کرنا مضبوط کرنا سخت پکڑنا کسیکو۔

تشدد ع سخت کرنا سختی سے پیش آنا سخت گیری کرنا۔

تشہد ع گواہی دینا کلمہ شہادت پڑہنا۔

تشاہد ع باہم گواہی کرنا کسے کا غذ یا سند پر۔

تشئید ع بلند کرنا مضبوط کرنا دیوار کا چونہ اور گچ سے۔

تشحید ع تیز کرنا چھری و تلوار کا پتھر وغیرہ پر۔

تا با صاد

تصعید ع اونچے مکان پر چڑہنا بلند ہونا صعود کرنا۔

تصاعد ع اونچے جانا بلند مکان پر چڑہنا دو شخصوں کا۔

تصید ع شکار کرنا شکار کھیلنا۔

تا با عین

تعداد ع شمار کرنا گننا حساب کرنا کسے چیز کا۔

تعقید ع پوشیدہ سخن کہنا آہستہ بولنا گانٹھ دینا پیچیدہ کرنا۔

تعدید ع شمار کرنا گننا حساب کرنا۔

تعند ع عناد و دشمنی کرنا عداوت رکھنا کسے سے۔

تعہد ع ذمہ وار ہونا ضامن ہونا عہد کرنا کسے سے۔

تعبد ع بندگی کرنا عبادت کرنا تابعدار کرنا۔

تعود ع عادت کرنا خوگیر ہونا کسے بات پر۔

تا با فا

تفقد ع دلجوئی کرنا گم شدہ چیز کو ڈھونڈہنا خبر لینا کرنا

تفرد ع یگانہ ہونا الگ ہونا اکیلا ہونا فرد ہونا۔

تفرید ع یگانہ کرنا اکیلا کرنا فرد کرنا کسے کو۔

تفنید ع نسبت دینا کسیکو ساتھ ضعف رای اور دروغ کے

تا با قاف

تقیید ع قید کرنا بند میں رکھنا محبوس رکھنا کسے کو۔

تقصد ع پابند کرنا قایم و استوار کرنا کسے کو کسے بات پر

تقلد ع پیروی کرنا متابعت کرنا ساقہ گلے میں ڈالنا۔

تقاعد ع باز رہنا کسے کام سے ہٹ جانا۔

تقلید ع پیروی کرنا گلوبند گلے میں ڈالنا متابعت کرنا۔

تا با میم

تمجید ع بزرگ جاننا بزرگی کے ساتھ نسبت دینا کسیکو۔

تمہید ع بچھانا ہموار کرنا درست کرنا آراستہ کرنا۔

تمرد ع سرکشی کرنا سر پھیرنا نافرمانی کرنا۔

تمدد ع دراز ہونا کشیدگی جو کسے چیز میں ہو۔

تا با نون

تند ف تیز اور سخت بو اور ہوا وغیرہ۔

تنومند ف قوی جسم فربہ جسم زور آور پہلوان آدمی۔

تناد ع ندا کرنا اور یوم التناد روز قیامت کا نام ہے کہ اوس روز ہر ایک شخص حساب کتاب کے لیے بولا جائیگا۔

تا با واو

توکید ع پکے کرنے استوار مضبوط کرنے و استحکام و پایدار۔

تولد ع پیدا ہونا اولاد یعنی پسر و دختر کا۔

تولید ع جننا کسے لڑکی یا لڑکا کا۔

توالد ع اولاد پیدا کرنا لڑکے لڑکا جننا۔

توحُّد ۔ اکیلا ہونا تنہا ہونا فرد ہونا یگانہ ہونا۔
توحید ۔ اکیلا ہونا تنہا ہونا خدا کو ایک جاننا۔
توقّد ۔ روشن ہونا آگ کا سبب پانے ایندہن کے۔
تَوَدُّد ۔ دوستی پیدا کرنا باہم دوست ہونا پیار کرنا۔
توارُد ۔ دو شخصو ن کا ایک جگہہ پر اُترنا اور نکلنا ایک مصرع کا دو شاعرون کی طبیعت سے سرزد ہونا۔

تا با ہا ر

تہجّد ۔ رات کو بیدار رہنا نماز پڑہنا رات کا۔
تہدید ۔ ڈرانا خوف دلانا دہشت دلانا۔

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ثا اور اخیر مین دال ہے

ثا با راے

ثرید ۔ ٹکڑے روٹے کے شوربا مین بہیگے ہوے

ثا با میم

ثمد ۔ آب اندک تہوڑا پانی جو کسے تالاب یا حوض مین ہو
ثمود ۔ صالح پیغمبر کے قوم کا نام ہے جو خدا کے قہر سے ہلاک ہوے صالح نے اونکے کہنے سے دعا کی اور ایک اونٹنی مع بچہ کے پہاڑ سے بحکم اعجاز نکل آے تسپر بہی منکر رہے اور اونٹنی کو مار ڈالا اسپر اونپر عذاب نازل ہوا اور وہ سب اوس عذاب سے مر گئے۔

چہٹی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف جیم اور اخیر مین دال ہے

جیم با الف

جاداوف ۔ اسباب مکان وغیرہ سامان خانہ داری۔
جامد ۔ جما ہوا اور وہ لفظ جو مصدر سے نہ بنا ہو اسکو جامد کہتے ہین
جاوید ۔ ہمیشہ علی الدوام جو بات ہوتی ہو۔
جاحد ۔ وہ شخص جو جان بوجہہ کر منکر ہو۔

جیم با حا

جحد ۔ عمداً انکار کرنا جان بوجہہ کر منکر ہونا۔
جحود ۔ دیدہ و دانستہ انکار کرنا سچ بات سے منکر ہونا۔

جیم با دال

جدید ۔ نئی بات نئی چیز جو نئے سر سے ہو۔
جدد ۔ زمین ہموار اور صاف میدان کہلا صحن
جُدد ۔ جمع جدد یعنے بہت رستے و طریق۔
جد ۔ بخت و نصیب بزرگی و تونگری پدر و پدر کا پدر یعنے دادا نانا
جہد ۔ کوشش دیدہ و دانستہ محنت جس کا برابر ہو۔

جیم با راے

جراد ۔ ملخ یعنے ٹڈی جو ایک مشہور پرند ہے
جرید ۔ قاصد جاسوس پیک راستہ چلنے والا
جرائد ۔ بہت سے دفتر اور بہت سے کاغذات۔

جَزر و مَد ۔ قبض و بسط کہلا اور بند ۔

جیم با سین

جَسَد ۔ تن و جسم خاص آدمی کا انسان کا وجود ۔

جیم با عین

جَعْد ۔ مو خل مجازاً زلفین انسان کے ۔

جیم با کاف

جگر بند ۔ مجموع جگر و شش و دل وغیرہ مجازاً فرزند جیسے بیٹا ۔

جیم با لام

جَلِید ۔ برف جو آسمان سے گرتی ہے جیسے تاسنین
جَلَد ۔ تازیانہ لگانا چست چالاک تیز و شتاب
جِلد ۔ پوست انسان یا حیوانوں کے بدن کے کھال ۔
جُلُود ۔ حیوانوں کے چمڑے بدن کی کھالین جمع جلد
جَلْمَد ۔ سخت پتھر جو اور پتھروں سے سخت ہے
جَلّاد ۔ درہ مارنیوالا پوست کھینچنے والا قتل کرنیوالا جب حکم ہو حاکم کا
جُلْمُود ۔ سخت پتھر جو نہایت سخت ہو ۔

جیم با میم

جَماد ۔ جو چیز ذی جان نہو اور زمین طبعہ جیسے پتھر اینٹ
جُمُود ۔ جم جانا پانی کا اور افسردہ ہونا ۔
جُمُود ۔ جما ہوا اور بند ہا ہوا پانی یا کوئی اور چیز ۔
جَمَد ۔ یخ و برف جو پہاڑ پر گرتی ہے ۔
جَمْشید ۔ نام ایک بادشاہ عظیم الشان کا ہے

جیم با نون

جُنْد ۔ لشکر و سپاہ اور نام دوا کا جو خایہ سگ آبی ہے
جُنُود ۔ بہت سے لشکر اور بہت سے فوجین ۔
جُنَید ۔ نام ایک ولی بغداد کے جنہایت کامل بزرگ تھے

جیم با واو

جَود ۔ نیک چیزین یا اچھی اشیا مطبوع طبع ۔
جُود ۔ بخشش و سخاوت جو سخی کرتے ہین ۔
جَوانمرد ۔ بہادر سخی پہلوان نیکو کار آدمی ۔
جَوہر فرد ۔ جزو لایتجزے جو قابل قسمت نہو ۔
جَوّاد ۔ بہت بخشش کرنیوالا اور نام خدا تعالے جلشانہ ۔

جیم با ہائے

جُہْد ۔ طاقت و کوشش و جستجو و تلاش انسانی ۔
جَہْد ۔ رنج و مشقت و تکلیف جو کسی کام مین ہو
جَہد جَہید ۔ بہت کوشش نہایت سعی کمال جستجو ۔
جِہاد ۔ کفار کے ساتھ لڑنا دین کی ترقی کی لئے لڑنا ۔

جیم با یاء

جَیِّد ۔ خوب و نیک اور بہت اچھا دلپسند و مضبوط ۔
جِید ۔ گردن و عنق انسان کے ۔
جِیاد ۔ جمع جیّد خوب نیک اور اگر جمع جود تصور کیا جائے تو اسپان تیز رفتار و جمع جید گردنین ۔

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول جیم

فارسی اور اخیر مین دال ہے

جیم با الف

چاربند ف قید خانہ محبس مجازاً دنیا باعتبار چار طرف کے

جیم با را

چرند ف چارپایہ حیوان جو پانو چلتا ہو بخلاف پرند کے۔

جیم با شین

چشم زد ف طرفۃ العین آنکھ کا اشارہ ایک لمحہ اور ڈرانا۔

چشم بند ف وہ منتر جس سے نیند باندہ دیتے ہین اور جسپر وہ منتر کیا جاتا ہے اوسکو نیند نہین آتی۔

چشم بد ف کسیکے بدنظر جو دوسرے کو اثر کر جاتی ہے

جیم با غین

چغد ف بوم یعنی الو یا ایک جانور منحوس ہے اوسی جیسا ہوتا ہے

جیم با قاف

چقندر ف ایک ترکاری کا نام ہے جو پکا کر کہاتے ہین۔

جیم با کاف

چکاد ف پیشانی آدمی کا ماتہا۔

جیم با لام

چلقد ت چلتہ انسانکے پہننے کا جو جنگ مین پہنتے ہین۔

جیم با نون

چند ت یہ لفظ کبہی تنہا آتا ہے اور کبہی آخر دینے کے

جیم با یا

چیرہ بند ف وہ شخص جو دستار رنگین باندہ لیوے اور وہ توجوکر ہو۔

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف حا اور اخیر مین دال ہے

حا با الف

حاد ع تیز و تند چاہے کچہ چیز ہو۔

حاسد ع حسد کرنیوالا دوسرے شخص کا زوال نعمت چاہنے والا

حامد ع تعریف کرنیوالا خدا کے حمد کہنیوالا شخص۔

حافد ع یار دوست خادم رفیق نیکخواہ پیارا۔

حا با جیم

حجر الاسود ع سنگ سیاہ جو کعبہ مین لگا ہوا ہے جنتی پتہر ہے

حا با دال

حد ع کنارہ ہر چیز کا اور زنا گنہگار کو شریعت کے حکم سے جو سزا

حدود ع جمع حد بہت سے کنارے اور بہت سی سزا شریعت کی

حداد ع آہنگر یعنی لوہار لوہے کے کام بنانیوالا۔

حدید ع لوہا اور وہ چیز جسکو تیز کیا گیا ہو

حا با سین

حسد ع کسیکے نعمت کا زوال چاہنا دیکہکر جلنا۔

حسن تقید ع حسن گلو کا ... اور حسن عالم ایجاد کا

حسود ع بدخواہ اور بہت حسد کرنے والا۔

حسّد ع جمع حاسد یعنی بہت سے حسد کرنیوالے لوگ

حا با صاد

حَصَد ع کاٹنا زراعت و خشک گھاس کا اور محکم کرنا۔
حَصَاد ع زراعت کاٹنا خشک گھاس کا کاٹنا۔

حا با فا

حَفَد ع خدمت کرنا شتاب کرنا جلدی کرنا۔
حُفِدَ ع خدمت کیا گیا شتاب کیا گیا جلدی کیا گیا۔

حا با قاف

حِقد ع کینہ و عناد و بغض جو دل میں ہووے۔

حا با لام

حل و عقد ع کھولنا باندھنا انتظام کرنا بندوبست کرنا۔
حلوائے سپید ف و میوہ ہائے شیرین اور لذیذ مجازاً رطب۔

حا با میم

حَمِید ع تعریف کیا گیا سراہا گیا صفت کیا گیا۔
حمد ع ستایش کرنا جناب باری کی تعریف کرنا خدا کی۔
حَمَایِد ع نیک خصلتیں اور نیک خاصیتیں نیک خوئیں۔

نوین فصل

اون لغات کے بیان میں جن کے اول حرف خا اور آخیر میں دال ہے

خا با الف

خاوند ف مخفف خداوند جسکے معنی مالک شوہر عورت کا۔
خاربند ف کھیتی کی باڑھ جو چاروں طرف بنائی جائے۔
خالد ع ہمیشہ رہنے والا اور نام صحابی صلعم کا۔

خانہ خورشید ف برج اسد جو سورج کا گھر ہے۔
خاکزاد ف آدمی انسان جو خاک سے پیدا ہوا۔
خانہ زاد ف گھر کا جنا یعنی اپنے غلام کا فرزند۔

خا با با

خُبثُ الحدید ع لوہے کا میل جو مشہور چیز ہے۔

خا با جیم

خجستہ بنیاد ف لقب شہر اورنگ آباد کا جو دکن میں ہے۔
خجند ف ماوراء النہر میں ایک شہر ہے جسکا یہ نام ہے۔

خا با دال

خُداوند ف صاحب و مالک و آقا و ولی نعمت۔
خَدّ ع رخسارہ انسان کے گال۔

خا با رائے

خردمند ف دانا و ہوشیار عقلمند لیق۔
خِرَد ف عقل ہوش و دانائی انسان کی۔
خُرداد ف اسا دُہ کا مہینا اور چھٹا روز ہر ماہ کا۔
خُرسند ف خوش و رضامند صاحب فرحت و آرام۔
خَرّاد ع لکڑی کو چرخ پر چڑھا کر درست کرنا۔
خَرَایِد ع زنان بکر و شرمگین اور موتی ناسفتہ۔
خُردمُرد ف ریزہ ریزہ پارہ پارہ ٹکڑے ٹکڑے۔
خُرد ف چھوٹا ضد بزرگ و ریزہ ہر چیز کا۔
خورشید ف سورج مشہور یعنی خور سورج اور شید روشن۔

خا با شین

خُشنود ف خوش و خورسند خوشدل و رضامند و خوش۔

خا با لام

خُلد ع بقا ہمیشگی و نام بہشت اور ایک قسم موش کور کا۔

خُلُود ع ہمیشگی اور بقا یعنے ہمیشہ رہنا ہمیشہ جینا۔

خا با میم

خُمُود ع آگ کا بجھنا بیہوش ہونا آرام پکڑنا جانا۔

خا با واو

خورداد ف نام ایک ماہ شمسی کے منجملہ بارہ مہینوں کے۔

خویشاوند ف رشتہ دار قریبی یک جدی لوگ۔

خُورد ف طعام و چھوٹا و لایق اور کہا یا او متصل بجز۔

خُوشید ف خشک ہوا بے آب ہوا۔

خود ف لوہے کی ٹوپی جو جنگ مین سر پر رکھتے ہین۔

خود بخود ف آپ سے آپ بلا دخل کسے دوسرے کے۔

خواب صبا ف غفلت و مکر و فریب او دغا۔

خُوشنود ف خوش و خورم و خوشدل بخلاف غمگین کے۔

خُورشید ف سورج روشن یعنی خور سورج اور شید روشن۔

خُوید و خید سبز چارہ اور سبز گہاس مویشی کے۔

خا با یے

خیر باد ف کلمہ رخصت بوقت رخصت کرنے کسی دوست کے بولا جاتا ہے۔

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف دال اور اخیر مین بھی دال ہے۔

دال با الف

داد ف عدل و انصاف و عطا و بخشش و مہربانی۔

داوُد ع ایک پیغمبر کا نام ہے جو سلیمان پیغمبر کا باپ تھا۔

دارُ الجہاد ع وہ شہر جہان جہاد کرنا جائز ہو کفار کا شہر۔

داماد ف مرد لوکد خدا و بمحاورہ ہند شوہر دختر یعنی جوانی۔

دارُ الاسد ع مرض جذام کوڑہ کی بیماری جو مہلک ہے۔

ذال با دال

دَد ف ہر جانور پایہ چوپایہ و درندہ ہو مثل سگ و گرگ و شیر وغیرہ۔

دال با رے

دَربند ف نام شہر و نام قلعہ و گذرگاہ دریا حصار و دفادار میان بیچ کے

درد مند ف صاحب تکلیف و بیمار و مریض۔

دَروبند ف نام شہر و بند در و قفل دروازہ۔

دُرد ف شراب یا پانی کا میل جو نیچے بیٹھ جاے۔

دَر خور ف لایق و سزاوار۔

دُرود ف رحمت استغفار و دعا و تسبیح و رکاٹنا لکڑی کا۔

دَرد ف تکلیف و رنج و دکھ آزار و بیماری ہر ایک قسم کی۔

دال با زا

دزد ف چور جو کسیکے کوئی چیز چورا کر لیجائے۔

دال با سین

دست برد ف غلبہ و فیروزی و فتح پابی جو دشمن پر حاصل ہو۔

دست بند ف پہونچی جو ایک قسم کا زیور ہے۔

دست مزد ف اجرت مزدوری جو مزدور کو ملے۔

دال با لام

دلبند ف مجازاً فرزند پیارا اور دوست۔

دلپسند ف مطبوع چیز جسکو دل پسند کرے۔

دال با نون

دندان سفید ف ہنستا ہوا کہلتا ہوا خوش آدمی
دندان بلند ف منبت و پیر جسکے دانت بیٹے ہوں۔

دال با واو

دُود ع جمع دوده بہت کرم اور فارسی مین دہوان جو آگ سے نکلے
دوچند ف دوگنا یعنی پہلے حصہ سے ایک حصہ زیادہ یعنی پہلے دو چیز

دال با ہا

دہان بند ف زبان بندی کی تعویذ جسکے عمل سے زبان اوس شخص کی بند ہو جاوے جسپر وہ کیا جاوے

دال با یا

دیو زاد ف اسپ قوی ہیکل جو فربہ اور اونچا اور لمبا ہو
دیو زدہ ف آسیب جسکو جن یا دیو کا سایہ ہو۔
دیوار بلند ف کنایۃً دولتمند و صاحب جاہ و مالدار آدمی
دیو سپید ف وہ دیو جسکو رستم نے قتل کیا۔

گیارھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف ذال اور اخیر مین دال ہے

ذال با الف

ذات العماد ع مکان ستون دار بلند مستحکم اور اونچا محل

بارھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول

حرف رای اور اخیر مین دال ہے۔

رای با الف

راد ع سخی و بہادر و جوانمرد و مرد میدان۔
رادّ ع رد کرنیوالا دور کرنے والا۔
راوند ع ایک نبات زرد رنگ جسکو ریوند کہتے ہین۔
راصد ع منجم یعنے نجومی ستارہ شناس فال بین۔
راعی العباد ع پاسبان بندونکا یعنے بادشاہ وقت۔
راکد ع بند پانی جو جاری نہو یعنے کہڑا ہوا پانی۔

رای با با

ربع شداد ع باغ ارم جو شداد نے بنایا تہا خدا تعالے نے اوسکو لوگون کی آنکہون سے پوشیدہ کر دیا۔

رای با دال

ردّ ع موڑنا اور پہیرنا اور موڑانا اور رد دیوار کا جو لگاتے ہین
رِدّ ع یار دوست رفیق آشنا مینت پیارا۔
ردّ و بدل ع کچہ باتین جو بوقت بحث و مناظرہ کہتے ہین

رای با شین

رُشد و رَشَد ع راہ راست پانا امر خیر کو اشتیاق عمل کرنا
رشید ع راہ راست کو بتانیوالا و تدبیر درست و نام سپہ سالار
رشاد ع راہ پر ہونا و خردل ع تخم تیز کی یعنی مالون

رای با صاد

رَصَد ع بلند چبوترہ اور راستہ کہتا اور منیار بنانا کسی

رای با عین

رَعد ع نام فرشتہ موکل ابر جو گرجتا ہے اور اوسکی آواز

راے با غین

رغد۔ عیش خوش نعمت و مال و جاہ و آرام دنیا کا۔

راے با فا

رفدہ کاسہ بزرگ بڑا پیالہ لکڑی کا یا کسی اور چیز کا۔

راے با قاف

رقود۔ خواب کرنا اور خواب کرنے والے جمع راقد جسکے معنے خواب کرنیوالا ہین۔

راے با کاف

رکناباد ف نام تفرج گاہ مقام شیراز اور سبزہ زار شیراز
رگ بند ف پٹے جو زخم پر باندھتے ہین۔

راے با میم

رماد۔ خاکستر جسکو ہندی مین راکھ کہتے ہین۔
رمد۔ سرخ ہونا آنکھونکا آشوب آنکھونکا۔

راے با نون

رند۔ وہ منکر جو احکام شرع سے عمداً انکار کرے اور آپ کو رند کہے
رنید ف لیجانا چرانا خوشبو و گرد و کل د تیرا شہر لگیکا
رنود۔ بتصرف فارسیان عربی دان جمع رند سے بہت برقید ہو

راے با واو

روح مجرد۔ روح مطلق جبرئیل و عیسیٰ و قرآن بقر
روسپید ف سرخرو و ممتاز و لا غنی اور شرمندہ
رود ف نہر جاے رونا نام ساز و رودہ گوسپند و رودہ انسان کا
روے بند۔ برقعہ و بہتہ پوش یعنی وہ کپڑا جسکے تئین عورتین پہنتی ہین
روداد ف ماجرا و احوال و ہیئت کیفیت ہر چیز کے

راے با ہا

رہ آورد ف تحفہ و سوغات جو کوئی سفر سے لائے اور دوستون اور رفیقون کو دے۔

راے با یا

ریش خند ف استہزا و تمسخر و ہنسی جو کسی سے کیجائے
ریش پیر یاد ف غرور و تکبر اور ہوا و ہوس۔
ریوند ف نام ایک دوا کا جسکو راوند بھی کہتے ہین

تیرھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف زا اور اخیر مین دال ہے

زا با الف

زاد۔ عربی مین توشہ اور فارسی مین فرزند و سن سال
زاہد۔ زہد کرنیوالا عبادت کرنے والا محنت کرنیوالا
زامیاد ف ستائیسوین روز ماہ شمسی کا نام ہے
زاید۔ بڑھا ہوا زیادہ ہوا ہوا اپنے اندازہ سے

زا با با

زبان بند ف خاموش و تعویذ زبان بندی کا جو کسی پر کرین
زباد۔ گربہ صحرائی یعنی مشک بلاؤ جسکے خصیونکا عرق جو نہایت خوشبودار ہوتا ہے۔
زبد۔ مسکا اور روئے دریا چاندی سونے کی جھاگ
زبرجد۔ زمرد سبز جسکو پنا بھی کہتے ہین ایک قیمتی پتھر

ہوتا ہے کالی پتھر ہے۔

زاے با راے

زراد ع زره گر اور نام ایک فاضل کا جو اہل فاضل تھا۔
زرشفیده چاندی نقره جسکا رنگ سفید ہوتا ہے۔
زرلوند ف یہ دوا دو قسم ایک طویل دوسری مدحرجی ہوتی ہے
زرشناد ع زرکور جو ایک دوا کا نام ہے۔
زره ع گلے میں پہننا تار نا اور زره بنانا جو جنگ میں
پہنتے ہیں اسواسطے کہ جسم کو اوسکے زخم نہ پہنچے۔
زرنو ع زنده اور بہت کہانا و پیٹ بھر کے کہانا۔
زرتو ع قسم غلہ جسکو جوار کہتے ہیں زرت بھی صحیح ہے۔
زرود ف بہت کہانا پیٹ بھر کے کہانا۔
زرود ع مکہ کے راہ میں ایک مقام ہے آب کا نام ہے۔

زاي با غین

زغند ف جست کو دہبان جو کشتی میں کرتے ہیں۔

زاے با لام

زلہ بند ف جو شخص ہاسی کہانا کہاے ایک وقت کا کہانا دوسرے وقت کہاے۔

زاے با میم

زمرد ف مشہور جوہر ہے جسکو پنا کہتے ہیں ہندی میں اوسکا نام ہے
زمستان ف ستا میدان میں ہر راہ حسی کا۔

زاے با نون

زند ف نام کتاب مجوس زرتشت بعربی بحقوق ساحل غیر منی کی ہے
زنده رود ف نام نہر جو اصفہان میں ہے۔

زنده پیل خطاب شیخ احمد جام جسکو وحشی ہاتھی زنده ہو گیا
زنگانه زنده ف نام ساز جو زنگی بجاتے ہیں اور نام شہر

زاے با واو

زود ف جلد شتاب اور وہ کام جو بلا توقف کیا جاے۔
زورمند ف صاحب قوت پہلوان و صاحب طاقت۔

زاے با ہا

زہرخند ف وہ ہنسی جو غضب و ستم کی ہو یعنی دل ہنسا
زہد ع کوشش معنی جو عبادت میں کیجاے اور محنت شاقہ
زہاد ع جمع زاہد یعنی عبادت میں محنت کرنے والے۔
زہوزاد ف بچہ و فرزند و اہل و عیال اور گھر کے لوگ۔

زاے با یا

زیاده ع زیاده ہونا اور نام کافر جسنے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر دروغ گواہی زنا کی دی تھی مقام بازی۔
زیرخورد ف نام بیدہ سیقی جو اول صبح گاتے ہیں۔

چودھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن اول حرف سین اور آخر مین دال ہے

سین با الف

سالخورد ف پیر ضعیف اور بڑی عمر کا آدمی بزرگ
سازمند ف ساختہ و آراستہ و تیار کیے ہوے چیز
ساعد ع دست آرنج تا بازو یعنی کلائی کو بھی کہتے ہیں

سین با بار

سَبعِ شِداد سات آسمان اور سات طبقے افلاک کے۔
سَبَد ع لکڑی کا ٹوکرا جسمین میوے ڈالکر بیچتے ہین۔
سُپید ف ابیض سفید رنگ ف نام قلعہ ف نام دیو ف نام دود
سپید رود ف نام رود جو شہر ان اور گیلان مین جاری ہے
سپند ف نام کوہ و ہرمل جو ایک سیاہ تخم ہے اور جلانے کے کام آتا ہے۔
سپہبد ف سپہ سالار بادشاہ کا کہلاتا افسر فوج کا۔

سین با تا

سِتَد ف گرفت یعنی پکڑا اور لیا کوئی اسباب سامان

سین با جیم

سَجّاد ع سجدہ کرنیوالا نماز پڑہنے والا جھک جانیوالا

سین با دال

سَداد ع راستی و درستی کردار و گفتار مین صدق بیانی
سُداد ع ایک بیماری کا نام ہے جس سے ناک بند ہو جاتی ہے اور سینہ بھاری معلوم ہوتا ہے۔
سَد ع جو چیز دخل کی مانع ہو مثل دیوار یا کوئی اور چیز جس سے راہ بند ہو۔
سَدید ع درست محکم و ہموار و مضبوط دیوار وغیرہ

سین با را

سَرمَد ع ہمیشہ و دائم اور نام ایک مجذوب شخص کا جسکو عالمگیر اورنگ زیب نے شرع کے فتوی سے قتل کیا تھا۔
سُرود ف نغمہ سرود جو گاتے ہین۔
سرآمد ف سوار و افسر تمام شد اور خاتمہ ہر چیز کا۔
سَربند ف کوچہ بند و اختیار و آگاہی خبردار۔
سرو آزاد ف درخت سرو جسکو خزان سے نقصان نہین پہنچتا ہے
سرخ بید ف ایک قسم بید کا درخت ہے۔
سربلند ف اونچا سردار امیر دولت مند غنی آدمی
سرواد ف کلام منظوم و افسانہ و قصہ کہانی۔
سروشید ف عہد عصر و زمانہ اور وقت وغیرہ۔
سرگشتہ ف جائے پناہ جسجگہ کوئی پناہ لے۔
سرخ اسود ف نام ایک بزرگ کا۔

سین با عین

سَعد ع نیک و نیک بختی اور بائیسوین منزل منازل قمر سے
سُعد ع ناگرموتھا جو ایک بوٹے کی جڑ ہے۔
سَعد السُعود ع ستارہ مشتری اور چوبیسوین منزل قمر
سُعود ع ستارے سعد مثل زہرہ و مشتری و قمر
سَعید ع نیک آدمی بہت اچھا آدمی سعادت مند۔
سَعود ع نام چوبیسوین منزل قمر کا۔
سُعاد ع نام زن محبوبہ جو نہایت خوبصورت عربیہ تھی

سین با غین

سُغد ع زمین نشیب جسمین بارش کا پانی جمع رہے و نام قصبہ۔

سین با فا

سِفاد ع جفت ہونا حیوان نر کا مادہ سے جماع کرنا اونکا
سَفید ع ابیض دشمن ٹیا رنگ جو مشہور رنگ ہے
سَفود ع سیخ جسکو اہل زبان کہتے ہین کباب بھوننے کی سیخ

سین بامیم

سمرقند ۔ نام شہر ملک ماوراء النہر میں جو دارالسلطنت تیمور لنگ کا ہے

سین بانون

سنجد ۔ نام میوہ جو عناب کے طرح سرخ رنگ ہوتا ہے ۔

سند ۔ تکیہ گاہ اور وہ چیز جس پر بھروسا ہو مثلاً مستمسک وقبالہ وغیرہ ۔

سند ۔ حرامزادہ و بدگہر و بدسیرت و نام رود و نام خطہ میں زمین سندھ کے ۔

سند ۔ سرگین آدمی جو سخت وسطبر و گندہ ہو ۔

سندباد ۔ نام کتاب جسکو حکیم زرتشت نے نصایح میں لکھا اور نام ایک پسر پادشاہ کا

سناد ۔ عیوب قوافی میں سے ایک کا نام ہے ۔

سین باواو

سواد ۔ سیاہی جو گردا گرد شہر و نواحی ملک و ذہن میں سودہ جو لکھا ہوا

سودد ۔ سرداری و امارت و پیشوائی و عزت و حرمت ۔

سود ۔ جمع اسود سیاہ رنگ و فارسی میں نفع و فائدہ جو تجارت وغیرہ سے ملے

سین باہا

سہاد ۔ بے خوابی یعنے بیدار رہنا و نام بیماری کا ۔

سہرند ۔ نام شہر ہند میں جو بادشاہ چغتائیہ میں کا مقام تھا

سہ بعد ۔ طول عرض عمق تینوں مل کر ایک کا نام ہے ۔

سین بایا

سید ۔ گرگ درندہ یعنے بھیڑیا جو مشہور درندہ ہے ۔

سید ۔ سردار و مہتر اور وہ شخص جسکے صلب نسبت پیغمبر سے ہو

سیاہ و سفید ۔ دن و رات نیکی بدی مشرق و مغرب ۔

پندرھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف شین اور آخیر دال ہے

شین باالف

شاہد ۔ گواہ و حاضر و معشوق و محبوب و مرغوب ۔

شادمند ۔ خوش اصل میں شادی مند ہے

شاگرد ۔ خادم و نوکر و تلمیذ اصل میں شاہ گرد تھا ۔

شاد ۔ خوش و خورم جسکو کوئی کسیطرح کا غم نہو ۔

شارد ۔ چلنے والا پریشان و شیدا و پراگندہ دل

شادباد ۔ خوش و آسودہ ہو یہ کلمہ دعائیہ ہے ۔

شاید ۔ یا نہ ہو یا نہیں یہ کلمہ شبہ و شک کا ہے

شین بابا

شب گرد ۔ چور اور کوتوال و چوکیدار جو رات کو پھرتا ہے

شین بادال

شد ۔ ہوا گیا گذرا ۔

شدائد ۔ تکلیفیں و غم و اندوہ و سختیاں و رنج ۔

شدید ۔ سخت و محکم و مضبوط جس چیز میں نرمی نہو ۔

شد ۔ نام اعراب و استوار کرنا سخت کرنا ۔

شد و مد ۔ مال و دولت و حشمت و شوکت نام و نشان و عزت و آبرو

شین باغین

شغاد ۔ نام برادر رستم جسنے رستم کو بفریب ہلاک کیا تھا

شین باکاف

شکرخند ۔ خوشی کا ہنسنا جو انسان کی خوشی سے ہنسے

شین با میم

شمبلید ۔ ونام تخم جسکو میتھے کہتے ہین میتھی کا ساگ۔

شمشاد ۔ نام درخت جو بلند ہوتا ہے اور شعرا قد کو اسکے تشبیہ دیتے ہیں۔

شین با واو

شوارد ۔ رمندگان یعنی پریشان و جمع شاردہ شیر زدہ رمیدہ

شواہد ۔ جمع شاہد بہت سے گواہ اور بہت سے معشوق۔

شین با ہاء

شہربند ۔ حصار و محبوس و مقید جو کہین جا نسکے۔

شہید ۔ گواہ اور وہ شخص جو راہ خدا مارا جاوے و نام شاعر کا۔

شہود ۔ حاضر ہونا اور حاضر ہونیوالا اور گواہان اور وہ حالت جو مراتب کثرات و موہومات سے گذر کر بمقام توحید عیانی پہونچ جائے اور تمام خلق عین ذات خالق نظر آئے۔

شہرود ۔ نام قوم عراق مین ایک وادی و نام مسافر جسکو کہتے ہین۔

شین با یا

شیار ۔ کرد زمین تا جو کشت کیا جائے۔

شید ۔ بیابانی پھول روشنی و بیامتحرو ایک چونہ و گچ۔

شیاد ۔ مکار و فریبی و خاباز آدمے۔

سولہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کا اول حرف صاد اور آخر مین دال ہے

صاد با الف

صاعد ۔ اوپر چڑھنے والا بلند جانیوالا صعود کرنے والا۔

صاد با دال

صدد ۔ نزدیکی و مقابلہ و برابر و ارادہ دیکھنے ناک کے شخص کا

صدجند ۔ سیر بالا شین یعنی چوپھا و بہت بڑا جو مشہور ہے۔

صدید ۔ زرد آب جو دنبل یا زخم سے نکلتا ہے یعنی ریم

صفد ۔ ایک سکہ و ایک شہر ہے جو مشہور ہے۔

صاد با رائے

صرد ۔ جانور کا نام جسکو لٹورا کہتے ہین۔

صرح ممرد ۔ قصر درخشان و سادہ و ہموار اور برابر۔

صاد با عین

صعید ۔ خاک یا روئے زمین و ایک شہر مصر کے ملک مین ہے۔

صعود ۔ اوپر چڑھنا اوپر کو جانا بلند ہونا عروج کرنا۔

صعود ۔ اوپر چڑھنے والا بلند جانیوالا عروج کرنیوالا۔

صاد با لام

صلد ۔ سخت و صاف یعنی وہ چیز جو سخت و صاف ہو۔

صاد با میم

صمد ۔ بہتر بے نیاز جو کبھی گرسنہ و تشنہ نہ ہو کسی کا محتاج نہ ہو

صماد ۔ جگہ بلند و زمین سخت کو بہت کہتے ہین۔

صمد ۔ جو چیز اندر سے پولی نہو سخت ہو۔

صاد با نون

صنادید ۔ بہتر اور بزرگان گذشتگان یعنی سلف

صندید ۔ بہتر جنگ و سرگروہ و امیر سالار قوم۔

صاد با واو

صوابدید ء صلاح و تجویز جو کسی کے حق میں نیک ہو

صاد بایائے

صید ء شکار و شکار کرنا و شکار کھیلنا۔

صیّاد ء شکاری یعنے وہ شخص جو شکار کھیلے

سترھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ضاد اور اخیر مین دال ہے

ضاد بادال

ضدّ ء خلاف و دشمنی بکد گیر جیسا کہ دن و رات عدم و وجود و نیک و بد۔

ضاد بامیم

ضماد ء دوا رقیق جو کسی زخم پر لگاتے ہیں یعنی لیپ کرنا۔

اٹھارھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف طا اور آخر مین دال ہے

طا باراے

طارد ء ہانکنا کھدیڑنا وحوش و بشہ وغیرہ کو۔

طا باواو

طَود ء اونچا پہاڑ اور بلند گھاٹی پہاڑ کی و تودہ کوہ۔

اونیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف عین اور آخر مین دال ہے

عین باالف

عاد ء ہود پیغمبر کے قوم جو بسبب نافرمانی کے طوفان سے ہلاک ہوے

عاقد ء عہد کرنیوالا گرہ دینے والا باندھنے والا کسے چیز کو۔

عاید ء عود کرنیوالا واپس آنیوالا جہان سے گیا تھا۔

عابد ء عبادت کرنیوالا بندگے کرنیوالا آدمے۔

عاند ء دشمن عداوت کرنیوالا دشمنی رکھنے والا۔

عین بابا

عبداللہ بن زیاد ء یہ ایک امیر لشکر یزید لعین سے تھا جسکے حکم سے امام حسینؑ شہید ہوئے تھے۔

عَبد ء بندہ و غلام تابعدار خدمتگزار خدا کا بندہ۔

عَبید ء بہت بندے اور غلام یہ اسم جمع ہے بہت بندگی کرنیوالے

عُبَید ء تصغیر عبد یعنے کمتر بندہ غریب آدمی عاجز بندہ۔

عِباد ء جمع عبد بہت بندے بہت بندگی کرنیوالے۔

عُبّاد ء جمع عابد بہت سے عبادت کرنیوالے بندگے کرنیوالے

عین باتا

عَتاد ء تیاری اسباب سفر کی اور باندھنا اور لادنا اسباب کا

عَتید ء حاضر و مہیا و موجود و تیار و آمادہ۔

عین بادال

عَدّ ۔ شمار کرنا گنتے کرنا کسے چیز کا۔

عَدَدْ ۔ شمار گنتی کسے چیز کی جو کیجائے۔

عین با سین

عَسْجَدْ ۔ زر و طلا و جواہرات و ہر چیز قیمتی و گران بہا۔

عین با ضاد

عَضُدْ ۔ بازو و زور و قوت دنیا۔

عَضَدْ ۔ یاری دینا مدد دینا اور نام بادشاہ شیراز کا۔

عین با طار

عُطَارِدْ ۔ نام ستارہ جو دوسرے آسمان پر دبیر فلک ہے و نام دوا جسکو سنبل رومی کہتے ہین اور حسبت کا بھی نام ہے۔

عین با قاف

عَقْدْ ۔ گرہ دینا عہد و پیمان و نکاح و بیع و شرا جو آپس مین ہو

عَقَدْ ۔ گرفتگی زبان سخن مین یعنے لکنت کرنا بات میں۔

عِقْدْ ۔ سلک مروارید گلوبند یعنی ہار جو گلے مین پہنتے ہین

عُقَدْ ۔ جمع عقدہ یعنے بہت سے عقدے اور مشکلین جو پڑجائیں۔

عَقَایِدْ ۔ جمع عقیدہ کہ باتیں جو دل مین رکھتا ہے اعتقاد و ثبوت سے بہت سا۔

عین با کاف

عَکْسْ و طَرْدْ ۔ صنعت شعری کا نام ہے کہ نصف مصرع کو اگر الٹا کرئیں تو وزن و قافیہ و ردیف درست نکلتا ہے۔

عین با میم

عَمِیدْ ۔ پیشوائے قوم سرگروہ قافلہ سالار و حاکم قوم کا

عَمُودْ ۔ ستون و چوب خیمہ و گرز شاخ و دوسرگروہ [illegible]

عِمَادْ ۔ بہت سے ستون و بنیاد [illegible]

عَمْدْ ۔ جان بوجھ کر کام کرنا اور دانستہ مرتکب جرم کے ہونا۔

عُمُدْ و عَمَدْ ۔ جمع عمود بہت سے ستون جو مکان میں ہوں۔

عین با نون

عِنْدْ ۔ نزدیک قریب پاس پاس۔

عُنُودْ ۔ ستیزہ کرنا حق کے برخلاف کرنا ناحق مرتکب ہونا۔

عَنُودْ ۔ ستیزہ کرنیوالا و گمراہ و ناحق شناس۔

عَنِیدْ ۔ ستیزہ کرنیوالا سرکش و عداوتی و جنگ آور۔

عِنَادْ ۔ ستیزہ و سرکشی و عداوت ناحق و لڑائی۔

عُنْقُودْ ۔ خوشہ انگور جو ایک مشہور میوہ ہے۔

عَنَاقِیدْ ۔ جمع عنقود یعنے بہت سے خوشے انگور کے۔

عین با واو

عَوَایِدْ ۔ پھر آنیوالے و سود و منافع و صلہ کو پھر پانا۔

عَوْدْ ۔ پھر آنا اور قصہ و یعنے [illegible]۔

عُودْ ۔ مطلق لکڑی اور ایک قسم کی سیاہ لکڑی جو آگ مین جلانیسے خوشبو دیتی ہے اگر بھی اسکو کہتے ہین۔

عین با ہار

عَہْدْ ۔ زمانہ قول اقرار عہود اسکی جمع ہے یعنی بہت سے زمانے۔

عین با یار

عِیْدْ ۔ ہر چیز بار بار آنیوالی اور نام تیوہار مسلمانوں کا جو سال میں دو مرتبہ آتا ہے ایک عید فطر بعد گذرنے ماہ رمضان کے پہلی شوال کو اور دوسرے عید اضحے یعنی کعبے کے دسوین تاریخ ذی الحجہ کو جس روز مسلمان قربانی بکرے وغیرہ کی کرتے ہین۔

بیسوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے اول حرف غین اور اخیر مین دال ہے

غین با دال

غُدد ع جمع غدہ جو غدود گوشت و چربی سے نکلتا ہے

غَد ع صبح آیندہ یعنے جو روز کل آئے گا۔

غین با میم

غِمد ع تلوار اور چھری کا میان جو مشہور چیز ہے۔

غین با نون

غُنجد ع پیچیدہ جمع ہوا ہوا اکٹھا ہوا ہوا فراہم ہوا ہوا

اکیسوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن کے اول حرف فا اور اخیر مین دال ہے

فا با دال

فاسِد ع بگڑا ہوا اور بگاڑنیوالا فساد ڈالنے والا۔

فارِد ع یگانہ زمان وحید اور فرد آدمی اکیلا۔

فاقِد ع گم کرنیوالا مفقود کرنیوالا نابود کرنیوالا۔

فا با دال

فدفد ع صحرا اور زمین ہموار اور لق و دق جنگل بیابان [illegible]

فا با رائے

فَرُود ف زیر و تحت نیچے اور آگے اور پائین۔

فرکند ف زمین جسمین گڈھے ہون زیر و بالا زمین ناہموار اور جس زمین مین پانی بہرا ہوا ہو۔

فریاد ف دُہائی دینا ظلم کے داد مانگنا۔

فرہاد ف نام عاشق شیرین جسنے تیشہ کے ساتھ اپنی جان دیدی

فرجد ع پدر و جد باپ دادا نانا بزرگ لوگ۔

فرح آباد ف ایک شہر ایران مین ہے۔

فرخ آباد ف ایک شہر ہند مین ہے۔

فرغند ف اکاس بیل جو خاردار درخت پر پیدا ہوتی ہے

فرصاد ع توت جو میوہ و درخت مشہور ہے۔

فرقد ع گوسالہ اور دو ستارے جو قطب کے پاس ہین۔

فرند معرب پرند شمشیر و جوہر شمشیر اور نام پارچہ۔

فرستند ف بھیجین فرستد غلط ہے۔

فرزین بند ف ایک چال شطرنج کی ہے۔

فرزد ع ایک گہاس کا نام ہے جو نہایت سرد ہے

فرزند ف پسر و دختر دونو کو کہتے ہین یعنے اولاد۔

فرید ع یگانہ اور نام ایک کامل ولی کا جنکا مزار پاکپٹن پنجاب مین ہے خاندان چشت کا بزرگ تھا۔

فرد ع یگانہ اکیلا لاثانی اور یکتا شخص۔

فرائد ع جمع فریدہ جسکے معنے منفرد و یکتا ہین۔

فا با صاد

فصد ع رگ سے خون نکلوانا خون لینا۔

فصاد ۔ خون نکالنیوالا جو شخص اپنی نشتر سے خون نکالے

فا با قاف

فقد ۔ گم کرنا اور گم ہونا جیسے جانا آنکھون سے نابود ہونا ۔

فا با نون

فند ۔ دروغ و خطا و سستی رائے و مکر و حیلہ و فریب ۔

فا با واو

فواد ۔ بوزن مراد دل درد دل اور دل کا ارادہ ۔

فولاد ۔ معرب پولاد جو ایک قیمتی لوہا مشہور ہے ۔

فا با یار

فید ۔ مکہ کے راہ مین ایک قلعہ کا نام ہے ۔

فیل بند ۔ بازی شطرنج کے ایک چال ہے ۔

بائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف قاف اور اخیر مین دال ہے

قاعد ۔ بیٹھا ہوا اور بیٹھنے والا اور جو عورت حیض و بچہ جننے سے رہ گئی ہے ۔

قاید ۔ اندھے کی لکڑی پکڑنے والا اور سردار و لشکر کش ۔

قاصد ۔ ارادہ کرنیوالا رستے چلنے والا مستعد صاحب ارادہ ۔

قاف با بار

قباد ۔ معرب کیقباد نام پدر نوشیروان و ہر بادشاہ عظیم الشان زبردست امیر ۔

قاف با تار

قتد ۔ خوشہ ن خیار یعنی ککڑی کہانا جو ایک سبزہ ہے ۔

قند ۔ شتر بزرگ بڑا اونٹ جو بارکش اونٹ ہو ۔

قندہ ۔ بادرنگ جو خیار سے چھوٹا ہوتا ہے ہندمین اسکو کہیرا کہتے ہیں

قاف با دال

قد ۔ بیخ سے نکالنا چیرنا کوتاہ کرنا سن کا جنگل کاٹنا قد و قامت و تقطیع اعتدال و پوست بزغالہ جس سے برتن بنائیں ۔

قدید ۔ وہ گوشت جو دہوپ مین سکھا کر کسی خشک کر کے خستہ ۔

قاف با رائے

قرد ۔ بوزنہ یعنی بندر جو ایک چارپایہ مشہور ہے ۔

قراد ۔ چیچڑ جو کتون اور گائے وغیرہ کے جسم پر اکثر ہوتے ہیں

قاف با زائے

قزاگند ۔ ایک جامہ کچے ابریشم کا بنا کر جنگ مین پہنتے ہیں اور تلوار اور سپر کارگر نہین ہوتی ۔

قاف با صاد

قصد ۔ ارادہ اعتدال اور چلنا راہ راست پر یعنی مستعد ہونا کسی کام کے

قاف با طار

قطرہ زرد ۔ کنایہ آفتاب یعنی سورج و بادل

قاف با عین

قعود ۔ بیٹھنا اور بیٹھنا بعد سونے کے اور جوان اونٹ

قاف با فار

قفل ابجد ۔ ایک قسم کا قفل ہوتا ہے جو بدستی حروف ابجد کے کھولا جاتا ہے

قاف با لام

قلاید ۔ جمع قلادہ گلوبند اور پٹہ کتے کے گلے مین ڈالتے ہیں

قلم بند ۔ قلم بنانیوالا اور جو مضمون تحریر ہوا ہو

قلعہ لغداود ف تو پر بنگی جو اصطلاح مین قلم کو کہتی ہین۔

قاف با نون

قَندہ ع معرب کند ماخوذ کہانڈ سی یعنی کہانڈ مصری۔

قَنَاد ع قندساز و حلوائی جو شیرینی بناتا ہے۔

قاف با واو

قُوَاد ع دلال بیغیرت قلتبان و قرمساق جسکو اپنی عورت کی غیرت نہین ہندی مین اسکو بہڑوا کہتی ہین۔

قَوَد ع قصاص لینا بدلا لینا کسے سے کسی بات کا۔

قَوَاعِد ع جمع قاعدہ و نام کتاب ہے قواعد کے علم مین ہے۔

قاف با یار

قَید ع مشہور لفظ ہے یعنی کسیکو بند کرنا بے بس کرنا۔

قید بند ف قید حصار او بند مکان جسمین قیدیکو رکہا جاے۔

تیئسوین فصل

ان لغات کے بیان مین جن اول حرف کاف اور اخیر مین دال ہے

کاف با الف

کاسِد ع بی رونق اور وہ چیز جسکے خرید کو کوئی رغبت کرے نا اہل۔

کاربند ف عمل کرنیوالا اطاعت کرنیوالا فرمانبردار مطیع۔

کارد ف چہری لوہے کی جسسے کوئی چیز چیرین۔

کالبد ف قالب ہر چیز کا و تن و بدن انسان و حیوان کا۔

کاغذ باد ف پتنگ جو ہوا مین اڑاتے ہین ایک کاغذ کا کھیل ہے۔

کاد ع حرص ہوا اور شہوت و خواہش نفس کے۔

کاید ع مکار یعنی مکر کرنیوالا فریب دینے والا فریبی آدمی۔

کارمند ف خدمتگار کام کرنیوالا کام کا آدمی۔

گاد ف صیغہ ماضی گادن ہے جسکے معنے گاییدن یعنی عرد ہے۔

کاف با بار

کَبِد ع جگر جو عضو رئیس پہلو کے راست مین ہے اکباد اسکی جمع ہے۔

کُبَاد ع درد جگر یعنے وہ درد جو جگر کے مقام پر ہو۔

کَبود ف رنگ نیلگون یعنے آسمانے رنگ۔

کاف با دال

کُدُود ف کہوا چاہ جسکو عربی مین بیر کہتے ہین۔

کاف با رے

کَرد ف کار دل او بکیا یعنی فلان فلان کار کرد صیغہ ماضی کردن ہے۔

کُرد ف نام قوم صحرا اور روز مین جو کنارے بلند بیچ مین زراعت ہو یعنے آنگست شبان جو مولیشی چراتا ہے۔

گرہ نا کشاد ف بچہ جب پیدا ہوے نہوئی ہو نہ زچہ ہو۔

گُرد ف پہلوان دلاور جوانمرد بہادر جنگ آور آدمے۔

گَرد ف شہر اور ایک قسم کا ابریشم آفتاب و قمر و نعم و غبار۔

گربہ بید ف قسم درخت بید۔

گرگ بند ف گرفتار گرگان یعنی اسیر و قیدی آدمی۔

گردباد ف ہوا کا بگولہ جو پہرتا ہوا جاتا ہے۔

کاف با زا

گزید ف باج و خراج جو جزیہ جو مسلمان بادشاہ کافر رعیت سے لیتی ہے۔

گزند ف آفت و آسیب و رنج و دکہ جو کسیکو پہونچے۔

کاف باسین

کُسَاوُف بے رونقی اور عدم خریداری اور رسانی کسی چیز کے

کاف باشین

گُشَادُف خوشی و فتح و فراخ اور چھوڑنا تیر کا کمان سے اور کہلا ہوا کھلا ہوا اور

کاف بالام

کِلَنْدُف زمین کھودنیکا آلہ جسکو کسّی کہتے ہین اور پہاوڑا اوسکا نام ہے

کِلِیْدُف جیسے قفل کھولا جاے ہندی مین اوسکو تالی کہتے ہین۔

کُلَہ قَنْدُف کوزہ قند جو مشہور چیز ہے۔

گُلْقَنْدُف معروف چیز ہے اور کنایۃً لب معشوق۔

گُلْبَنْدُف نام جامہ رنگین جسکو باندھو کہتے ہین۔

کاف بامیم

گُمَنْدُف اصل مین خمند تھا کہ خم و پیچ اوسمین ہوتے ہین۔

گَمَرْبَنْدُف جس سے کمر باندہین اور غلام و چاکر جو خدمت حاضر ہے

گِمَادُف کوئی چیز جو آگ سے گرم ہو کے عضو کو گرم کرنا اور سینکنا۔

کاف بانون

کُنْجُدُف تل جس سے تیل نکالتے ہین نام ایک غلہ کا ہے۔

کُنْدُت گانو و جراحت ریش و بہاگنا و تند و شکر۔

کُنُوْدُ ہونا ناسپاس آدمی و زمین شور جسمین کچھ پیدا نہو۔

کُنُوْدُ ہونا ناسپاسی کرنا ناشکری کرنا کافر نعمت ہونا۔

گَنْجِ بَادْآوَرْدُف خسرو پرویز کے خزاین سے ایک خزانہ کا نام ہے وجہ تسمیہ اسکا یہ تھا کہ بادشاہ روم نے اپنا خزانہ جہاز مین لا دکر روانہ کیا تھا ہوا ایسی مخالف ہوئی کہ جہاز خزانے کا لادا ہوا ایران کے علاقہ مین آ گیا اوسکا پیدا از اہل ایران نے

وہ خزانہ لیکر بادشاہ کے پاس بہیجدیا چونکہ وہ خزانہ ہوا کے ذریعہ سے آیا تھا بادشاہ نے اوسکا نام گنج بادآورد رکھا۔

گُنْبَدْ عمارت مدور و چاروں قلم سے کونا بنا او گہوڑے کا

گُنْدُن بیکار تلوار وغیرہ جسکے تیزی جاتی رہی ہو۔

گُنْبَدِ چَارْبَنْدُف بلحاظ اربع عناصر و چار طرف کے دنیا یا بیابان

گَنْدْ بوئی بد و بوئی مطلق ہے خواہ خوش ہو خواہ بد۔

کاف باواو

کُودُف خرمن غلہ جو جمع ہو لعبک جانے کہیتی کے۔

کَوْنْ وْ فَسَادُف ہونا نہونا عالم و دنیا ہست و نیست۔

کوہِ زمرّدُف کنایۃً شے محال جو کسیکو مل نسکے۔

کوچہ بَنْدُف محفوظ و مامون چیز جسکو کوئی لے نسکے۔

گُوگِرْدُف گندھک جو مشہور معدنی چیز ہے۔

گُوسْپَنْدُف دنبہ جو مشہور جانور ہے۔

کاف باہاء

گُہِیدُف زاہد گوشہ نشین و خلوت نشین عبادت کرنیوالا۔

گَہْبَدُف صراف و خزانہ دار و خزانچی جسکے پاس روپیہ ہے

کاف بایاء

کَے قُبادُف شاہ عادل و ظالم بادشاہ۔

گُیْدُف مکر و فریب خاکرنا او دنیا کسیکو۔

کَیْدُ ہ نام راجہ ہند جو ہم عصر سکندر تھا اور علم رکھتا تھا جسکو کید کہتے ہین

کَیَادُ و مکار و حیلہ گر جس شخص کو بہت فریب یاد ہون

چوبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن اول لام اور اخیر مین دال ہے

لام با الف

لَابُدّ ع ضروری مرکب لا اور بد سے لا بمعنی نفی اور بد بمعنی چارہ۔

لَادَ ع ردہ دیوار اور ایک قسم سیاکا اور ایک قسم کا عطر و قلعہ۔

لَاتَعُدّ ع بے شمار اور بہت یعنی اندازہ بے تعداد۔

لام با بار

لَبَادَہ لکڑی جو بیل کے گردن پر رکھکر قلبہ رانی کرتے ہین یعنی جوا۔

لَبَادَہ جامہ بارانی جو نمدسے بناتے ہین یعنی بارش مین پہنتے ہین۔

لَبَد ع بہت مال جمع رکہا ہوا اور خزانہ جمع رکھا ہوا۔

لَبِید ع جوال خوردہ اور نام شاعر کا جو عرب مین تہا۔

لام با حار

لَحَد ع قبر جسمین مردہ دفناتے ہین اور وہ جگہہ جہان مردہ کو غسل دیتے ہین۔

لام با دال

لُدّ ع جمع الد بمعنے گمراہ تر اور ستیزندہ تر اور جنگ آور زیادہ۔

لام با واو

لُورَکَنْدَہ بو الہجبل وہ مغاک جو سیلاب سے زمین میں پڑجا ہے۔

لَوِیدَہ باو الہجل دیگ یتیلہ سرکشادہ جو قسم دیگ کا ہے۔

پچیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن اول

حرف میم اور اخیر مین دال ہے

میم با الف

مَانَنْد ف حرف تشبیہ اور مثال کا ہے۔

مَارِسْفَنْد ف نام روز بست ونہم ہر ماہ شمسی۔

مَاسْت بَنْد ف پنیر ساز جو پنیر بناکر بیچتے ہین۔

مَاءُالْوَرْد ع عرق گلاب جو پہولون سے نکالتے ہین۔

مَاجِد ع مرد بزرگوار اور بڑا باپ دادا اور استاد وغیرہ۔

میم با بار

مَبَادَ ف نہو یعنے خدا کرے یہ بات نہو۔

مِبْرَد ع سوہان آہنی اوزار لوہار وغیرہ کا۔

مُبَرِّد ع سرد کرنیوالا جو کسی چیز کو سرد کرے۔

مُبَرَّد ع نام ایک نحوی کا ہے جو علم نحو مین فاضل تہا۔

میم با تار

مُتَعَوِّد ع خوگیر اور عادت کرنے والا۔

مُتَضَاد ع مخالفت کرنیوالا ضد کرنیوالا دشمنی کرنیوالا۔

مُتَرَدِّد ع فکر کرنیوالا اور چلنیوالا اور رجعت کرنیوالا۔

مُتَعَنِّد ع دشمن بدخواہ اور عناد کرنیوالا۔

مُتَعَبِّد ع بہت عبادت کرنیوالا بندگی کرنیوالا۔

مُتَصَاعِد ع اوپر چڑہنیوالا بلند جانیوالا۔

مُتَمَرِّد ع سرکش نافرمان مغرور متکبر۔

مُتَبَلِّد ع کندذہن احمق دیر فہم۔

مُتَرَصِّد ع امیدوار طمع رکہنیوالا۔

مُتَّحِد ع اتحاد کیا گیا ایک کیا گیا یگانہ کیا گیا۔

مُتَزَایِد = زیادہ ہونیوالا ترقی کرنیوالا۔
مُتَعَدَّد = شمار کیا گیا گنا گیا حساب کیا گیا۔
مُتَعَہَّد = ذمہ دار آدمی یعنی جسکا ذمہ کیا گیا ہو
مُتَقَاعِد = پست ہونیوالا سستی کرنیوالا۔
مُتَوَلِّد = پیدا ہونیوالا موجود ہونیوالا۔

میم با جیم

مُجتَہِد = جہد و اجتہاد کرنیوالا راہ صواب ڈھونڈنے والا
مَجِید = بزرگوار و گرامی اور پاک نیک کردار آدمی
مُجَلَّد = جلد کیا ہوا یعنی کوئی کتاب جسکی جلد ہو چکی ہو
مُجَمَّد = چیز رقیق جو سردی سے جم جائے جس طرح پانی جم جاتا ہے
مَجہُود = کوشش کیا گیا جہد کیا گیا سعی کیا گیا۔
مُجَعَّد = پیچدار بال پیچیدہ زلفین۔
مُجَدِّد = نئی سر سے پیدا کرنیوالا تازہ کرنیوالا
مُجَدَّد = نئی سر سے پیدا کیا گیا دوبارہ کیا گیا۔
مجدود = صاحب بخت و روزی و نام حکیم سنائی جو مشہور ہے
مُجَاہِد = کافرون کے ساتھ لڑنے والا جہاد کرنیوالا۔
مَجد = بزرگی و بزرگواری و نیکی و خوبی۔
مُجِدّ = کوشش کرنے والا لوگ سعی کرنے والے۔
مُجَرَّد = تنہا و مرد بے زن بے تعلق و علاقہ و ایک ہی ہو

میم با حا

مَحسُود = حسد کیا گیا جسکو دیکھ کر حاسد حسد کرے
مَحصُود = کھیتی کٹی ہوئی غلہ کاٹا ہوا۔
مَحَامِد = جمع محمدت تعریفین نیک خصلتین خوبیان۔
مَحمُود = تعریف کیا گیا اور نام بادشاہ غزنین کا۔
مُحَمَّد = بہت صفت کیا گیا اور نام پیغمبر صلعم کا۔
مَحدُود = حد کیا گیا کنارہ بنایا گیا خاص کیا گیا

میم با خا

مَخضُود = درخت پاک کیا گیا یعنے اسکی کانٹے دور کر دئے گئے
مُخَلَّد = ہمیشہ رہنے والا نہ مرنے والا۔

میم با دال

مَدَد = کمک حمایت کرنا بوقت کسی مشکل کے۔
مِدَاد = لکھنے کی سیاہی جس سے کتاب لکھیں
مَدِینَہ = شہر اور نام ایک شہر کا بجوار نجف سے۔
مَدّ = کشش و دراز ہے اور کشش جو الف پر لکھتی ہین۔
مُدّ = نام پیمانہ بمقدار دو رطل یعنی دو رطل کا مقدار۔

میم با را

مُرداد = نام مہینہ فصلی تقسیم ماہ بہادر دن ہر مہینہ مشہور ہے
مُرتَدّ = اسلام سے پھرا ہوا آدمی جسنے اسلام چھوڑ دیا ہے۔
مَرمَد = جسکی آنکھیں دکھتی ہون رمد بیماری اور مرض ہے آنکھوں کا
مَردُود = پھیرا گیا رد کیا گیا بیکار کیا گیا مرتد کیا گیا
مَرِید = متمرد سرکش و نافرمان و مردود کافر۔
مُرِید = ارادہ کرنے والا حسب ارشاد فرمانبردار تابع۔
مَرقَد = خوابگاہ یعنے جسجگہ پر انسان سوئے
مَرقَد = خوابگاہ صیغہ اسم ظرف رقود سے مجازاً گور یعنی قبر
مِربَد = اونٹ بندھنے کی جگہ یعنی جسجگہ اونٹ بیٹھے
مُرقَد = کاسہ بزرگ بڑا پیالہ پانی کا یا شراب کا

مَرْدُوْد ۔ رد کیا گیا دور پھینکا گیا منکر خدا و رسول کا۔

مُراد ۔ ارادہ کیا گیا مطلب مقصد دلکی خواہش۔

مُرْوارید ۔ موتی جو مشہور جواہر ہے۔

مَرَدْن بے ریش ہونا حد گذرنا اپنے مقام سے بڑھنا

مُرْد ۔ جمع امرد اور فارسی میں مراد فوت ہوا۔

مَرَد ۔ نفس سے ملنا اور پانی میں تر کرنا درخت و میوہ اراک۔

مِرْصاد ۔ راہ فراخ جسمیں کسے طرح کی بندش نہو

مَرْصَد ۔ جائے امید جائے طمع اور جگہ حصول لقمہ کے

مَرَاصَد ۔ جمع مرصد بہت سے مقام امید کے۔

مُرْشِد ۔ راہ راست دکھلانے والا ارشاد دینے والا پیر گورو

مَرْصُوْد ۔ امید کیا گیا طمع رکھا گیا۔

مَرْ سیادف لغزش میں ہو خدا کرے نہ گرے۔

مرگ نو مبارکباد فتنہ تازہ برپا ہونیکے وقت کہتے ہیں

میم با زے

مَزِید ۔ زیادتی و افزونی اور بڑھنا اور ترقی کسے چیز کی

مُزَرَّد ۔ زرہ پوش یعنے جس شخص نے زرہ پہنی ہو

مَزَاد ۔ توشہ دان جسمیں راہ کا خرچ رکھیں۔

مُزَاد ف زیادہ کیا گیا افزون کیا گیا ترقی دیا گیا۔

مُزْد ف مزدوری۔

میم با سین

مُسْتَمِدّ ۔ کمک چاہتا جتنا درست غم کے معنی کہتا ہے

مُسْتَبْعَد ۔ دور بعد شوار یعنے جتنا ممکن الوجود ہو

مَسَد ۔ ریشہ درخت و رسیان ابریشم فتر۔

مُسْتَسْعِد ۔ سعادت چاہنے والا یا مانگنے والا۔

مُسْتَزَاد ۔ زیادہ کیا گیا بڑھایا گیا ترقی کیا گیا۔

مُسْتَرَدّ ۔ واپس دیا گیا پھیر دیا گیا موڑا گیا۔

مُسَاعِد ۔ یاری دہندہ مدد دینے والا حمایتی۔

مُسْتَهَد ۔ بیدار کیا گیا جگایا گیا نیند سے

مَسْنَد ۔ تکیہ گاہ اور جائے قیام و جائے پناہ۔

مُسْنَد ۔ روزگار و زمانہ و پسر خواندہ حرامزادہ جاگیر

مُسْتَبِد ۔ تنہا کسے کام پر کھڑا ہونے والا اکیلے کام کرنیوالا

مُسْتَجَد ۔ از خود جدید نیا بنایا گیا تازہ کیا گیا۔

مُسْتَنَد ۔ جس چیز پر پشت کی جائے تکیہ و پشت پناہ

مُسْتَنِد ۔ پشت دینے والا حمایت کرنے والا۔

مُسْتَعِد ۔ ساختگی و آمادگی رکھنے والا کام پر مضبوط

مُسْتَعَاد ۔ نفع لیا گیا اسم مفعول استعادہ بمعنی ماخوذ جا سے

مُسْتَفَاد ۔ فائدہ لیا گیا نفع لیا گیا کسے سے۔

مُسْتَرْشِد ۔ رہنمائی طلب کرنیوالا ارشاد مانگنے والا

مَسْجَد ۔ جائے سجدہ جمع اسکی مساجد ہے سجدہ کا مقام

مُسْتَفِیْد ۔ فائدہ پایا گیا نفع پایا گیا کسے سے

مُسْتَوْقِد ۔ آگ بھڑکانیوالا آگ روشن کرنیوالا

مَسْدُوْد ۔ بند کیا گیا دیوار بنایا گیا کسے مقام پر

مَسْعُوْد ۔ ضد نحس سعادت نیک بخت نیکوکار آدمی

مِسْمَرَوْد ۔ آلہ آہنی جس سے گھر دومین سوراخ کرتے ہیں ہند میں آر کہتے ہیں

میم با شین

مُشَاہِد ۔ دیکھنے والا نظر کرنے والا۔

مُشَدَّد ؏ تشدید دیا گیا سخت کیا گیا۔
مَشہُود ؏ حاضر کیا گیا گواہی دیا گیا دیکھا گیا۔
مَشہَد ؏ حاضری کا مقام اور قبرستان شہید کا اور نام شہر ایران میں جسکو پہلے طوس کہتے تھے۔ چونکہ روضہ علے بن موسے رضا امام کا وہان ہے اسلئے مشہد اوسکا نام ہے۔
مُشَیَّد ؏ گچ کیا گیا مضبوط کیا گیا قایم کیا گیا۔
مُشَیَّد ؏ گچ اور چونہ سے بنایا گیا۔
مُشَیِّد ؏ گچ اور چونہ سے بنانیوالا اور شید بمعنی گچ چونہ
مُشک بید ف ایک قسم بید ہے جسکے پہول خوشبودار ہوتے ہیں۔
مشک را کافور کردن سیاہ کو سفید کیا بد کو اچھا کیا جاہل کو عالم بنایا کافر کو مسلمان کیا۔

میم با صاد

مَصَاعِد ؏ جاہائے بلند اونچے مقام بہت بلند محل۔
مَصعَد ؏ اوپر جانیکی جگہہ اونچا مقام بلند محل۔
مُصَعِّد ؏ بلندی پر چڑہنے والا اوپر جانے والا۔
مَصَایِد ؏ جمع صید شکار انداز یان خلاف قیاس۔
مصرع تند ف وہ اچھا مصرع ہے جو تلاش حاصل ہو۔

میم با طا

مَطرُود ؏ مردود ہوا ہوا راندہ دکیا گیا نامنظور کیا گیا۔
مُطَّرِد ؏ ایک تیرو پر ہونیوالا ایک طریق پر چلنے والا۔
مِطرَد ؏ چہوٹا نیزہ اور کپڑا جو ایک کپڑہ کو دوسرے کیڑہ کو نیچے بہنیرہ

میم با عین

مَعَابِد ؏ جمع معبد عبادت کی جگہہ خدا کی بندگی کی جگہہ

مُعِید ؏ بار بار کام کرنیوالا ایک کام پر اعادہ کرنا۔
مُعِدّ ؏ تیار کرنیوالا درست کرنیوالا مضبوط کرنیوالا
مُعَدّ ؏ تیار کیا گیا درست کیا گیا قایم کیا گیا۔
مَعدُود ؏ تیار کیا گیا اور تہوڑی چیز تعداد جو کم ہو
مُعتَضِد ؏ یاری پکڑنیوالا و نام خلیفہ عباسیہ جو زمان قرہ کا تھا
مَعَاقِد ؏ گرہ باندھنی عہد کرنی ضامنی کرنیکی مقام و مقام اور
مَعبَد ؏ جائے عبادت بندگی کا گہر مسجد وغیرہ۔
مُعَبَّد ؏ عبادت کیا گیا یعنی وہ شخص جسکی عبادت کی گئی ہو
مَعدُود ؏ گنا گیا سازو سامان دیا گیا شمار کیا گیا۔
مُعَربِد ؏ جنگجو و بدخوار آدمی بدخو بد مزاج۔
مَعَاد ؏ جائے بازگشت عالم آخرت روز قیامت۔
مُعتَمِد ؏ اعتماد کرنے والا صاحب اعتبار۔
مُعَاضِد ؏ مددگار حمایتی یاری دینے والا۔
مُعَاقِد ؏ عقد کرنیوالا گرہ باندھنے والا۔
مُعَاوِد ؏ عود کرنے والا پہر آنے والا۔
مُعَاہِد ؏ عہد کرنے والا اقرار کرنے والا۔
مَعبُود ؏ عبادت کیا گیا یعنی جسکی عبادت کیجائے خداوند تعالے کا یہ نام ہے۔
مُعتَقِد ؏ صاحب اعتقاد یعنے وہ شخص جو اخلاص رکھتا ہو اور دل سے کسی کی نسبت صاف ہو۔
مَعقَد ؏ جگہہ باندھنے کی یعنی جگہہ گرہ باندہیں۔
مَعقُود ؏ باندھا گیا یعنے جسکو گرہ میں باندہ لیا ہو۔
مُعتَمَد ؏ اعتبار کیا گیا یعنے جس پر اعتماد کیا گیا ہو۔

مُعَانِدْ ۔ دشمن عناد کرنیوالا خصومت و عداوت کرنیوالا
مَعْہُوْد ۔ قدیم و کہنہ و عہد کیا گیا قول و اقرار کیا گیا
مُعْتَادْ ۔ عادت پکڑا گیا اور عادت پکڑنیوالا انسان
مُعْتَدْ ۔ حد سے بڑھنے والا ستمگار اندازہ سے نکلنے والا

میم با غین

مُغْمَدْ ۔ پوشیدہ اور تلوار غلاف میں کی گئی اور پوشیدہ راز

میم با فاء

مُفْسِدْ ۔ فساد کرنیوالا فتنہ و شور برپا کرنے والا۔
مِفْصَدْ ۔ خون نکالنے کی جگہ فصاد فصد لینے والا۔
مُفِیْدْ ۔ فائدہ مند چیز یعنی ایسی چیز جس سے فائدہ ملے
مَفْقُوْد ۔ گم کیا گیا نیست و نابود کیا گیا دور کیا گیا
مُفْتَقَدْ ۔ گم کیا گیا باز پرس کیا گیا نابود کیا گیا۔
مُفْرَدْ ۔ فرد کیا گیا اور بندہ فرمانبردار و مطیع و تابع حکم
مَفَاسِدْ ۔ جمع فساد کی بہت سے خرابیاں۔

میم با قاف

مَقْصَدْ ۔ جائے قصد یعنی قصد درست نہیں ہے یعنی جائے ارادہ
مَقَاصِدْ ۔ نام کتاب علم کلام میں جو معتبر کتاب ہے۔
مَقَامِ مَحْمُوْد ۔ بڑا درجہ و نام مقام جو مختص بمقام محمدی
مُقَلِّدْ ۔ بغیر دلیل کے عمل کرنیوالا و نقال و پیروی کرنیوالا
مَقْعَدْ ۔ بیٹھنے کی جگہ مجازاً دُبر جس پر انسان بیٹھتا ہے
مَقْصُوْد ۔ ارادہ کیا گیا عزم کیا گیا خواہش کیا گیا
مُقَیَّدْ ۔ قید کیا گیا بند میں ڈالا گیا اور وہ مقیدی جو قید خانہ میں ہو

مَقَاعِدْ ۔ جمع مقعد یعنی بہت سے بیٹھنے کے مقام
مِقْوَدْ ۔ ریسمان یا لگام جو چارپایہ پر باندھتے ہیں
مَقَالِیْدْ ۔ جمع مقلید بمعنی کلید یعنی قفل کی کلی اور تالیاں

میم با کاف

مَکَائِدْ ۔ جمع مکیدہ بمعنی بدسگالی و بداندیشی و مکر و فریب
مُکِیْدْ ۔ کید کنندہ یعنی مکار و دغاباز و فریب باز۔

میم با لام

مُلْحِدْ ۔ فاسق و بیدین اسکی جمع ملاحدہ ہے یعنی بہت سے بد دین
مُلَنْدْ ۔ یعنی لاف مزن کیونکہ لند بمعنے لاف کے ہیں۔
مُلْتَحَدْ ۔ جائے پناہ امان کی جگہ جہاں پناہ پائیں۔

میم با میم

مُمْتَدْ ۔ کھینچا گیا دراز ہوا ہوا لمبا ہوا ہوا مد ڈالا گیا
مُمَہَّدْ ۔ بچھایا گیا ٹھیک کیا گیا تمہید اور بچھایا گیا۔
مُمَہِّدْ ۔ بچھانے والا ٹھیک درست کرنیوالا۔
مُمَرَّدْ ۔ لونڈا بے ریش سادہ و ہموار جس میں نشیب و فراز نہو
مُمِدْ ۔ مدد کرنیوالا حمایت کرنیوالا دستگیری کرنیوالا۔
مُمِدّ ۔ ایک رگ کا نام ہے جس سے اعضا بدن کو پہنچتی ہے غذا
مَمْدُوْد ۔ دراز کیا گیا لمبا کیا گیا کھینچا گیا۔
مُمْکِنُ الْوُجُوْد ۔ مخلوقات اور پیدا یعنی عالم موجود جسکے

میم با نون

مُنْقَادْ ۔ مطیع و فرمانبردار جسکو حکم سے عدول نہو
مُنْعَقِدْ ۔ گرہ دیا ہوا باندھا ہوا منسوب و متعلق۔
مُنْسَدْ ۔ بند ہونے والا۔

مَن یَزِید ۶ نوع بیع کہ جو کوئی زیادہ قیمت دے جنس خریدہ اوسکا ہو
مُنشِد ۶ شعر پڑھنے والا جو شایق شعر خوانی کا ہو۔
مُنضَّد ۶ چُنا ہوا انتخاب کیا ہوا بہت عمدہ۔
مُنجَمِد ۶ پانی یا روغن سردی سے جم جاوے اور وہ چیز جو جم گئی ہو
مُنتَقِد ۶ نقد لینیوالا جو شخص اوو نار نہ کرے۔
مُنتَقَد ۶ سرد کیا گیا اور پاک کیا گیا نقد کیا گیا۔
مُنفَرِد ۶ تنہا اکیلا جسکے ساتھ کوئی دوسرا نہو۔
مُنَدِّد ۶ پردہ پھاڑنیوالا راز افشا کرنے والا۔

میم با واو

مَولِد ۶ جاے ولادت وطن و زمان ولادت جہان کوئی پیدا ہوا ہو
مُوَلِّد ۶ بمعنے والا پیدا کرنیوالا جس سے بچہ پیدا ہو۔
مُوَلَّد ۶ شخص عجمی جسنے عرب مین پرورش پائی ہو
مَورُود ۶ ورد کیا گیا وظیفہ کیا گیا ہر روز بلا ناغہ کیا گیا
مَولُود ۶ پسر یا دختر اور پیدا ہونیکا وقت بچہ جو جنا گیا ہو
مَوَالِید ۶ جمع مولود فرزندان و موالید ثلاثہ یعنے نباتات و جمادات و حیوانات۔
مَوعِد ۶ وعدہ کا وقت و مقام وعدہ جس وقت کا اقرار ہو۔
مَوَاعِید ۶ جمع میعاد وعدہ کرنا جاے وعدہ یا زمان وعدہ۔
مَوعُود ۶ وعدہ کیا گیا اقرار کیا گیا کسیکے ساتھ
مَودُود ۶ دوست رکھا گیا رفیق بنایا گیا یار بنایا گیا
مَوَاجِید ۶ حالات و قیض جو مستی فقرا کو آتی ہے
مُوجِد ۶ پیدا کرنیوالا ایجاد کرنیوالا خدا وند تعالے
مُوبَد ۶ حکیم دانشمند فقیہ ہیبان آتش کا جو سب کا پیشوا ہو

مُوبَدَ ۶ پیر پیفروش کیونکہ مو بمعنے انگور کے اور بد بمعنے صاحب۔
مَوَاد ۶ جمع مادہ بمعنے اصل ہر چیز کا اور مادہ ہر چیز کا
مَوَائِد ۶ جمع مائدہ بمعنے خوانچہ طعام۔
مُؤَکِّد ۶ تاکید کرنیوالا مضبوط کرنے والا کسی بات پر
مَورِد ۶ اُترنے کیجگہ دمیون و جانورونکی پانی پینے کیجگہ
مُوَرَّد ۶ گلگون و سرخ رنگ مشابہ بگل یعنے جو چیز گلاب کے پہول کیطرح ہو۔
مَوجُود ۶ ایجاد کیا گیا بنایا گیا ظاہر کیا گیا واضح ہو کہ اطلاق اس لفظ کا ہر ایک چیز پر ہے جو عالم ایجاد مین خالق حقیقی خداوند تعالے کے حکم سے پیدا ہوئی ہے۔
مُورِد ۶ ف نام درخت جسکو عربی مین آس کہتے ہین۔

میم با ہا

مُہَنَّد ۶ جو تلوار ساختہ ہند کے ہو یعنے تلوار ہندی۔
مَہد ۶ گہوارہ اور جہولنا اور بچہانا اور فرش و بستر۔
مِہَاد ۶ بستر و بساط و فرش جو بچہاے جائین۔
مُہرہ سفید ف ناقوس یعنے سنکہ جو ہنود بجاتے ہین۔

میم با یا

مِیلاد ۶ زمان ولادت و نام شہر و نام پہلوانی جو بڑا زور آور تہا
مِیعَاد ۶ وعدہ کرنا و جاے وعدہ و مدت وعدہ جو مقرر ہو
مَیمَنَد ۶ نام قصبہ نواح غزنین مین جو مشہور قصبہ ہے

پچیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول

حرف نون اور آخیر مین دال ہے

نون با الف

ناوَرْد ف جنگ و جدل و لڑائی و معرکہ جو آپسمین ہو۔
نامحدود ف جس چیز کی حد نہو یعنی بڑا انتہا و بے حد۔
نامزد ف مشہور و معروف اور جس نام سے موسوم ہو۔
ناگزد ف ضروری و ناگزیر بات جسکا کرنا ضرور ہو۔
ناقد ع سرہ کرنیوالا درہم و دینار کا پرکھنے والا۔
نامراد ف بے مراد صحیح ہے مگر رایج ہے۔
ناپدید ف پوشیدہ اور چھپا ہوا نظر سے جو ظاہر نہو۔
نابود فنگم جو پیدا نہو جسکی ہستی و وقوع مین نہ آئی ہو۔
ناشاد ف غمناک و دلگیر جو خوش نہو۔
نامرد ف جو مرد نہو یعنے مردونکے کام نہ کر سکتا ہو۔
ناامید ف جو امید نہ رکھتا ہو یعنے طمع و بے آس۔
نامہ سفید ف نیکوکار آدمی جو اچھے کام کرتا ہو۔
نارد ع پیچ جو جانور مشہور ہے اور گائی و بیل وغیرہ کو نیچے جا پکڑتے۔
ناہد ع نوجوان عورت جسکی پستان چھوٹے چھوٹے ہون یا کرعود۔
ناہید ف ستارۂ زہرہ جو تیسرے آسمان پر ہے مطرب فلک۔

نون با با

نبرد ف جنگ و جدل و لڑائی و معرکہ جو آپسمین ہو۔

نون با جیم

نجاد ع روۂ تلوار جو گردن مین حایل ہو۔
نجد ع بالگر زمین جو ملک عرب مین ہے۔

نون با خا

نخلہ بنی محمود ع مکہ اور طایف کے درمیان ایک مقام مشہور ہے۔
نخود ف غلہ چنا جو ایک غلہ مشہور ہے۔
نخلبند ف باغبان جو باغ کی پرورش کرے اور درخت لگائے۔

نون با دال

ندید ف ہمتا و نظیر و مثال و شبیہ۔

نون با را

نرد ف نام بازی و تن درخت۔

نون با زا

نزد ف مخفف نزدیک یعنے پاس اور قریب۔
نژاد ف اصل و نسب انسان کا و ذات و قوم وغیرہ۔
نژند ف سرنگون و پست و خوار و اندوہگین و غمناک۔

نون با سین

نسق بند ف عامل ملکی یعنی کاردار و تحصیلدار وغیرہ۔

نون با شین

نشید ع شعر پڑھنا آواز بلند کرنا بلند آواز سے شعر پڑھنا۔

نون با عین

نعلبند ف گھوڑون کی نعل باندھنے والا لوہار۔

نون با فا

نفاد ع سونپا جانا سپرد ہونا حوالہ ہونا۔

نون با قاف

نقاد ع درہم و دینار کو پرکھنے والا جسکو صراف کہتے ہیں۔
نقد ع آمادہ کرنا دینے پر کھنا درہم و دینار کو و زر و سیم

مسکوک روپیہ و پیسہ و اشرفی۔

نقش زیاد نام دوسرے بازی کا ہفت بازی میں سے

نقود جمع نقد کے جسکے تشریح تحریر ہو چکی ہے۔

نون با میم

نمرود نام بادشاہ کافر جسنے ابراہیم نبی کو آگ میں ڈالا تھا

نمود علامت نشان رونق و خوبی ظاہری۔

نمد نمدہ ایک قسم کا فرش جو اون سے بناتے ہین۔

نون با واو

نوند اسپ تیز رفتار یعنے وہ گھوڑا جو تیز چلنا ہو

نود نوے عدد۔ ۹۰ ۔ لغت عربی مین تسعین کہتے ہین

نومید نا امید وہ شخص جسکو کچھ امید طمع نہو۔

نوشاد نام ایک شہر کا ہے۔

نوید خبر خوش اور بشارت خوشی کی جو کسیکو پہونچے

نورد پیچ و تاب و لپیٹا ہوا فرش برابر جنگ و خصومت و لڑائی

و گوشہ و سرا پردہ و باد اور لکڑی جو اوسپر کپڑا لپیٹتے ہین۔

نون با ہار

نہود ابھرنا نہنا عورت کے چھاتیون کا۔

نہاد بنیاد و خلقت و اصلیت مزاج و طبیعت

نہاوند نام شہر جو عراق مین ہے و نام پردہ موسیقی

چھبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف واو

اور اخیر مین دال ہے

واو با الف

واسطۃ العقد گوہر کلان جو وسط مین سلک مروارید کے ہو اور ہر دو نوطرف اوسکی چھوٹے موتی ہون۔

وافد ایلچی بننے والا اور وہ شخص جو بخیب بخشش کے پیشوا ہون

واجب الوجود ہاریتعالے جسکے ذات مقتضی اوسکی وجود کے ہے

واماند باقی رہنا و پیچھے رہنا کسے سے کسی کام مین

واجد وجد دینے والا یہ نام خدا تعالے کا ہے۔

واحد ایک تنہا یگانہ اور نام خدا تعالے کا۔

واعد وعدہ کرنیوالا اقرار کرنیوالا۔

والد باپ جسکے نطفہ سے کوئی ہو فارسی مین پدر کہتے ہین اور عربی مین اب کہتے ہین۔

واو با تار

وتد میخ چوبین یعنے لکڑی کے کیلا اور لکڑی کی میخ۔

واو با جیم

وجد حالت و رقص جو صوفیون کو سماع مین پیدا ہوتی ہے اور اندوہگین ہونا شیفتہ ہونا ایک حال سے دوسرے حال مین آنا۔

وجد توانا و تونگر ہونا اور پانا اور حاصل کرنا۔

وجود جسم و بدن اور موجود ہونا عالم ایجاد مین۔

واو با حار

وحید یگانہ و یکتا اور ایسا شخص جسکا ثانی نہو

وحدت الوجود تمام موجودات کو ایک وجود

خدا کا جاننا فقرا سے صوفیہ مین یہ ایک مقام ہے جب سالک اس مقام پر پہونچتا ہے زمانہ کا وجود اسکو خدا کا وجود نظر آتا ہے۔ بلکہ اپنے آپ کو بھی خدا کا وجود تصور کرتا ہے چنانچہ حسین بن منصور حلاج اسی مقام پر پہونچ کر کلمہ انا الحق زبان پر لایا تھا اور اسی حالت مین دار پر کھینچا گیا۔

واو با دال

وَدُوْد ء دوست مہربان اور نام خداوند تعالے جل شانہ

وُدّ ء دوستی دونائی محبت و پیار و بکسر ہے جیسے —

وِداد دوستی۔

وَدّ ء نام بت جسکو قوم نوح علیہ السلام کی پوجتی تھی۔

واو با رے

وَرْد ء گل سرخ جسکے عرق کو گلاب کہتے ہین اور وہ بھی گلاب کہلاتا ہے۔

وِرْد ء وظیفہ روزمرہ کا اور مقام پانی پینے اور نہانے کا

وُرُود ء آنا یا اترنا کسی منزل یا مقام پر سے —

وَرِید ء رگ گردن کی جسکو شاہ رگ کہتے ہین۔

واو با سین

وَسَایِد ء جمع وسادہ بالشہا یعنے بہت سے بالشین اور تکیے جسپر پشت لگا کر بیٹھین۔

واو با عین

وَعِید ء وعدہ بد یعنے عذاب کا وعدہ جو کفار کو قیامت پر دیا گیا ہے۔

وُعُود ء جمع وعدہ یعنے بہت سے وعدے و اقرار۔

واو با غین

وَغْد ء کمینہ و فرومایہ و ناکس آدمی زیاں کار آدمی

واو با فا

وَفْد ء جمع وافد رسول ہونا ایلچی ہونا پیغامبر ہونا کسیکا

وُفُود ء جمع وفد و وفد اسم جمع وفد وافد یعنی ایلچی ہونا پیغامبر ہونا

واو با قاف

وَقَاد ء روشن ہونیوالا بھڑکنے والا مشتعل ہونیوالا آگ سے

وَقُود ء ہیزم وغیرہ جس سے آگ روشن کرین یعنی ایندہن آگ کا

وُقُود ء آگ جلانا مصدر ہے آگ روشن کرنا بھڑکانا۔

وَقِید ء سامان آگ جلانیکا یعنے ہیمہ خشک وغیرہ۔

واو با لام

وَلِیُّ الْعَہد ء حاکم وقت اور جسکو بادشاہ بعد اپنے جانشین مملکت کر دیوے

وَلُود ء وہ عورت جسکی اولاد بہت ہو جسے صاحب اولاد عورت۔

وَلِید ء کودک اور نام چند شخصوں کا اور نام خلیفہ کا جو بنی امیہ سے تھا۔

وَلَد ء بیٹا جو اپنے تخم سے ہو۔

واو با ہا

وَہَاد و وَہْد ء پست زمین اور نشیب زمین۔

ستائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکا اول حرف ہا اور آخر مین دال ہے

ہا با جیم

ہجود ع بیدار ہمامات کو اور شانگزار رات کو۔

ہا با دال

ہدہد ع پرند مشہور ہے جسکے چونچ بہت لمبی ہوتی ہے

ہا با زاے

ہزبد ع جانور ہے جسکو ادھ بلکتے ہین۔

ہا با فاء

ہفتاد ف ستر عدد ہین جسکو سبعین کہتے ہین

ہفتصد ف سات سو عدد حساب مین۔

ہا با میم

ہم آوردن حریف جنگ یعنی وہ شخص جو جنگ مین حریف ہو

ہا با نون

ہند نام ولایت نام زوجہ ابو سفیان دہ عازیہ امیر حمزہ عم رسول اللہ صلے اللہ وسلم کو مثلہ کیا اور جگر نکالکر منھ مین چبایا تھا یہ عورت بڑی ظالم تھی۔

ہنود ہند و لوگ ہند و لایت کے رہنے والے لوگ۔

ہا با واو

ہود ع نام پیغمبر جنکی بددعا سے قوم عاد کی ہوا کے طوفان سے ہلاک ہوئی و نام سورۂ قرآن قرآن کی سورتون مین سے ایک سورۃ ہے

ہور مروف ستارہ مشتری سے

ہا با یار

ہیربد ع نام آتشکدہ کے محافظ کے معنے آگ اور بد بمعنی صاحب۔

اٹھائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف یا اور آخر مین دال ہے

یا با الف

یاد ف یاد کرنا اور دل مین خطرہ اور خیال کسی چیز کا جو دل مین ہو

یادبود ف یادگار اور نشان جس سے انسان یاد کیا جاوے

یا با دال

ید ع ہاتھ و نعمت و دولت و نیکی و ملک و منت و قدرت

یا با زاے

یزدجرد ف نام بادشاہ زادہ نوشیروان عادل۔

یا با واو

یوم التناد ع روز ندا کردن یعنے یہ روز قیامت جو کو بلایا جائیگا

نوان باب

اون لغات کے بیان مین جنکے اخیر مین حرف ذال اور پہلی حرف برعایت حروف تہجی کے اپنے اپنے موقع پر بدلتی جاتے ہین اسمین گیارہ فصل ہین

پہلی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف الف اور اخیر مین ذال ہے

الف با تا

اِتّخاذ ع پکڑنا ہاتھ مین لانا قبضہ کرنا کسے چیز پر۔

الف با جیم

اِجلواذ ع دوڑنا تیز رفتاری کرنا چلنا جلدی سے۔

الف با خا

اَخذ ع پکڑنا لینا کسے چیز کا کسے سے۔

اِخاذ ع پکڑنا اور تالاب جس مین پانی جمع ہوتا ہے اور زمین جو بادشاہ کے قبضہ مین ہو

اَخّاذ ع سخت پکڑنے والا اور بہت پکڑنے والا۔

آخذ گیر ع یعنے پکڑنے والا قبضہ کرنیوالا۔

الف با سین

اِستلذاذ ع لذت لینا مزہ پانا ذوق پانا۔

اَسفندارمذ ف بارہوین ماہ شمسی کا نام ہے۔

الف با عین

اَعوذ ع پناہ مانگتا ہون امان چاہتا ہون۔

الف با فا

اَفخاذ ع رانہا یعنے رانین بہت سے گوشت کے ٹکڑے

الف با لام

اِلتذاذ ع لذت پانا مزہ پانا شیرینی حاصل کرنا ذوق پانا

اَلَذّ ع نہایت لذیذ چیز اور مزہ دار کہانا۔

الف با نون

اِنفاذ ع جاری کرنا روان کرنا بہیجنا ظاہر کرنا ظاہر ہونا۔

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف تا اور اخیر مین ذال ہے

تا با عین

تَعوِیذ ع پناہ دینا اور پناہ مین لانا منتر اور کاغذ جسکو تعویذ کہا جاتا ہے

تا با لام

تِلمیذ ع شاگرد جسنے علم پڑہا یا کوئی ہنر سیکہا ہو

تَلامیذ ع شاگردان یہ لفظ جمع تلمیذ کے ہے۔

تَلمُّذ ع شاگردی کرنا کسی سے علم پڑہنا یا ہنر سیکہنا

تَلذُّذ ع لذت لینا مزہ پانا شیرینی حاصل کرنا۔

تا با نون

تَنفیذ ع روان کرنا جاری کرنا کسے حکم وغیرہ کو

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف حا اور اخیر مین ذال ہے

حا با نون

حَنیذ ع بریان کیا ہوا لاغر بکری کا بچہ۔

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف شین اور اخیر مین ذال ہے

شین با الف

شاذ ع جدا رہا ہوا اکیلا اور جو لفظ خلاف قیاس ہو

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف عین اور اخیر مین ذال ہے

عین با واو

عوذ ع پناہ بردن یعنے پناہ مانگنا امان چاہنا۔

عین با یا

عیاذ ع پناہ اور پناہ لینا امان چاہنا کسے سے۔

چھٹی فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف فا اور اخیر مین ذال ہے

فا با الف

فانیذ ع شکر سفید یعنے کہانڈ جسکو چینی بہی کہتے ہین

فا با خا

فخذ و فخذ ع ران جو ایک عضو اعضا جسم سے ہے

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول حرف قاف اور اخیر مین ذال ہے

قاف با نون

قنفذ ع خارپشت ایک جانور مشہور ہے کہ ہند مین سیہی نام ہے

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف کاف اور اخیر مین ذال ہے

کاف با الف

کاغذ ف مشہور چیز ہے جسپر کوئی کتاب یا خط لکھیں

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف لام اور اخیر مین ذال ہے

لام با ذال

لذائذ ع جمع لذت یعنی لذتین جو کسی طعام وغیرہ سے حاصل ہون

لذیذ ع لذت دار چیز مزے دار طعام ذائقہ دار حلوہ وغیرہ

لام با یا

لیاذ ع پناہ مانگنا کسی سے امان چاہنا خاص مین آنا کسی کا چاہنا۔

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف

میم اور اخیر مین ذال ہے

میم با الف

ماخذ ۔ جس مقام سے کوئی چیز لین یعنی اوس چیز کے نکلنے کی جگہ
ماخوذ ۔ پکڑا گیا لیا گیا اپنے تصرف مین لایا گیا ۔

میم با سین

مستلذ ۔ لذت لینیوالا پانے والا ذائقہ حاصل کرنیوالا

میم با عین

معاذ ۔ جائے پناہ اور پناہ دینا کسیکو حمایت مین لانا ۔

میم با لام

ملاذ ۔ جائے پناہ اور جگہہ امان و حمایت کے ۔
ملاذ ۔ جمع ملذ چیزہای لذیذ مزیدار و ذائقہ دار چیزین
ملذ ۔ لذت دینیوالی چیز یعنے وہ چیز جو ذائقہ دار ہو
ملاذ ۔ دروغ گو جو زبان سے کہکر عمل نکرے عہد ہ دے ۔

میم با نون

منفذ ۔ رستہ اور جائے رہونیکی جگہہ وان سے ہوکا مقام ۔

گیارھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جنکے اول
حرف نون اور اخیر مین ذال ہے

نون با الف

نافذ ۔ جاری ہونیوالا رواں چلنیوالا ظاہر ہونیوالا

نون با بار

نبذ ۔ تہوڑی چیز اور بقیہ اور نبذ بزیادت پاکی بہی جاتا ہے لکھا ہے

نبیذ ۔ وہ شراب جو درخت خرما سے نکالتے ہین یعنی بوزہ ۔

نون با فار

نفاذ ۔ جاری ہونا حکم و فرمان و نامہ وغیرہ احکام شاہی کا
نفوذ ۔ جاری ہونا روان ہونا اجرا پانا ۔

دسوان باب

اون لغات کے بیان مین جنکے اخیر مین
حرف رای ہے اور پہلے حروف بہ ترتیب
حروف تہجی کے اپنے اپنے موقع پر
بدلتے جاتے ہین اوس مین اونتیس
فصل ہین

پہلی فصل

اون لغات کے ذکر مین جنکے
اول حرف الف اور اخیر مین را ہے

الف با بار

آب گوہر ۔ بیاری نخ ول الماء جس سے انسان نہیں ہوتا ہے جاتا ہے
آب خور ۔ نصیب و قسمت و روزی و حصہ و تالاب نہر وغیرہ ۔
آبار ۔ جمع بیر یعنے چاہ و بفارسی مین اسے سرچشمہ کہتے ۔
آبلار ۔ کشمیر مین ایک رود کا نام اور نام چشمہ کا ۔
آبشخور ۔ روزی و قسمت و محل اتفاق و جائے آب خوردن ۔
آبشار ۔ رہگذر آب جہان پانی بلندی سے پستی کو گرے
آب انگور ۔ شراب انگوری جو انگور سے نکالی جاتی ہے

آب انار ف شراب سرخ باعتبار اوسکی رنگت کے۔

آب خضر ف آب حیات جسمین خضر نے پانی پیا تھا۔

آبگیر ف تالاب حوض و جہیل جسمین پانی رہتا ہو۔

اَبُو البَشَر ع باپ آدمیون کا آدم علیہ السلام جو سبکا باپ ہے۔

اَبکار ع جمع بکر کنواریان عورتین جمع بکرہ بمعنی بامداد و صبح و وقت

آبرف مزید علیہ بر بمعنے بالا۔

اَبر ف بادل جسکو عربی مین سحاب کہتے ہین۔

اَبتَر ع دم بریدہ ناتمام و بیفرزند و پراگندہ خاطر و پریشان

اَبی جَعفَر ع کنیت امام محمد باقر کے اور نام ایک امام کا۔

اَبحار ع جمع بحیر بہت سے دریا اور ندیان پانی کے۔

اَبرار ع نیکوکاران یعنے نیک کام کرنیوالے اچہے لوگ۔

اَبقَر ع شورہ ایک مشہور چیز ہے جس سے بارود بناتے ہین

اَبخار ع نام ایک ولایت کا گرجستان کے ولایت کی طرف

آبدار ف تروتازہ و بارونق و سرسبز۔

آبکار ف شراب فروش جو شراب بیچتا ہے۔

الف با تار

آتش تر ف شراب باعتبار اوسکی سرخ رنگت کے۔

آتشکار ف آگ دینا اور گرم کرنا کسے چیز کو آگ سے

آتش خوار ف نام مرغ جو آگ کہاتا ہے بعض حکیم کہتے ہین مرغ شتر یعنی جو گرم لوہا کہاتا ہے

آتشگیر ف دست پناہ آلہ آہنی جسکے ساتہ آگ پکڑتے ہین

اتجار ع تجارت کرنا سوداگری کرنا آسیمین یا فروخت کرنا۔

الف با ثار

اَثیر ع عالی و بلند جیادہ آسمان و طبقہ عالم بالا۔

اَثَر ع نشان و علامت حدیث محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اَثَر ع جوہر شمشیر و نقل سخن و حدیث نبوی علیہ الصلوۃ والسلام

اَثَر ع نشان کسے چیز کا جو باقی رہ جائے اوسکی مرنیکے بعد

آثار ع نشانہا و نشان قدم جمع اثر یعنے یادگار اور نشان۔

اَثمار ع جمع ثمر کے بہت میوے درختونکے جو کہائے جاتے ہین

الف با جیم

آجُر ع وہ اینٹ جو آگ مین پکا کر پختہ ہو جائے۔

آجار ف زمین ہموار اور وہ زمین جسمین نشیب و فراز نہو۔

اَجِیر ع مزدور جو کسیکا کام اجرت پر کرے۔

اِجبار ر جبر و زبردستی کرنا کسے پر جبر کرنا ظلم کرنا۔

اِجہار ع ظاہر کرنا بلند آوازی سے پڑہنا کسے کتاب وغیرہ کا

اُجُور ع جمع اجر بہت سے مزدوریان اور اجرتین۔

اَجہَر ع روزکور جسکو دن مین نظر آوے اور رات کو بینا ہو جائے۔

الف با حار

اَحوَر ع نام ستارہ مشتری و مرد سفید بو و سیہ چشم و خوبصورت

اِحضار ع حاضر ہونا کسیکے حضور مین جانا روبرو ہونا۔

اَحجار ع جمع حجر بمعنے سنگ جسکو پتہر کہتے ہین۔

اَحبار ع دانایان یعنے بہت سے دانا و عقلمند لوگ۔

اَحمَر ع سرخ و سخت و درشت و مقتول۔

اَحرار ع حر بمعنے آزاد و لقب خواجہ احرار نقشبند رحمۃ اللہ کا

اِحتکار ع وہ غلہ جو بامید گرانی و حصول نفع خریدا جاوے اور رکہ چھوڑیں

الف با خاء

آخِر ع ضد اول یعنے جو بات اخیر و انتہا مین ہو۔

آخرع بمعنے دیگر ہندی مین اور بعد ازان۔

آخُرف مخفف آخور علف ہپان و دہ ہڈی جو انسان کے گردن کے نیچے اور سینہ کے اوپر ہے یعنے ہنسلی۔

آخور ف گہوڑون کے چرنے کی جگہہ مخفف آہخور۔

آخور سالار ف طویلہ کا داروغہ جسکے حکومت میں طویلہ ہو۔

اَخیرع پچھلا ہونکا انتہا کا۔

اَختَرف ستارہ و فال و شگون و طالع و علم و دوات و ناف و سفتہ۔

اَخضَرف سبز رنگ یعنے وہ چیز جسکا رنگ سبز ہو۔

اَخبارع جمع خبر و احادیث نبوی و تواریخ جہان و حالات مختلف۔

اِخبارع خبر دینا کسیکو اطلاع پہونچانا واقف کرنا۔

اِختبارع خبر لینا آزمانا کسیکو کسی بات پر۔

اِختیارع برگزیدن و مختار کرنا کسیکو کسے کام پر۔

اِختصارع مختصر کرنا تہوڑا کرنا بڑے کو چھوٹا کرنا۔

اَخگرف ٹکڑا آگ کا تہوڑی سی آگ انگار آگ کا۔

الف با دال

اِدبارع پشت دینا دولت کا مجازًا کم بختی و کم قسمتی و بدنصیبی

اَدوارع گردشین آسمان اور زمانہ اور دورے قیمت جو گذرے ہوئے ہون۔

اِدرارع روان ہونا برسنا بادل کا یا پیشاب آنا بار بار پیشاب کرنا یا وظیفہ و ترتیب روزینہ اور جاری کرنا کسی چیز کا۔

اِدبیرع اہالہ ادبار بضرورت قافیہ و غیرہ یعنی بدبختی و کم نصیبی و کم قسمتی ہے۔

الف با ذال


مُظَفَّر ع فتح مند کے دیا گیا یعنے جس شخص نے فتح پائی ہو۔

مَظْهَر ع جائے ظہور و جائے جلوہ اور اظہار کا مقام۔
مُظْهِر ع اظہار کرنے والا بیان کرنیوالا اپنے حال کا۔
مُظَاهِر ع پشت دینے والا۔

میم با عین

مِعْصَر ع اوزار نچوڑنے کا جس سے کوئی چیز نچوڑیں۔
مُعَطَّر ع خوشبودار اور جس چیز کو عطر لگایا گیا ہو۔
مَعْمُور ع آباد اور بسا ہوا اور عمارت کیا ہوا۔
مُعَنْبَر ع خوشبودار وہ جس چیز میں عنبر ملایا گیا ہو۔
مُعَدِّلُ النَّهار ع ایک دائرہ آسمانی کا نام ہے کہ جب آفتاب اوسپر پہونچتا ہے دن اور رات برابر ہوتے ہیں۔
مِعْیَار ع ترازو سونا تولنے کا اور محک یعنے کسوٹی۔
مَعْشَر ع گروہ دوستان و خویشان جنکی ملنے میں خوشی ہو۔
مُعْسِر ع تنگدست و درویش و صاحب عسرت مفلس و نادار۔
مُعَسَّر ع دشوار و سخت اور ناممکن۔
مَعَاذِیر ع جمع ہے معذرت کے۔
مُعْتَبَر ع جائے اعتبار جائے اعتماد مقام لینے کے۔
مُعْتَذِر ع عذر کرنے والا معافی مانگنے والا۔
مِعْمَار ع بہت سے عمارتیں کرنے والا عمارت بنانے والا۔
مُعَصْفَر ع کسونبہ کے پھولوں سے رنگی ہوئی چیز۔
مُعَصْفَر ع گل کا چہرہ یعنے کسونبہ کے پھول جنکو عصفر بھی کہتے ہیں۔
مِعْشَار ع دس سے ایک حصہ لینا یعنے دسواں حصہ لینا۔
مُعَسْکَر ع لشکرگاہ جہاں فوج اوتری ہو۔
مَعْبَر ع جائے عبور جائے عبور اور گذرنے کا مقام دریا کا گذر۔

مُعبَر ع کشتی وغیرہ جسکے ذریعہ سے دریا اوترین۔
مُعَبَّر ع تعبیر کیا گیا بیان کیا گیا عبور کیا گیا۔
مُعَبِّر ع تعبیر کرنیوالا بیان کرنیوالا عبور کرانیوالا۔
مَعابِر ع گذرگاہیں گذرگاہ دریا جس سے گذرین۔
مُعِیر ع عاریت دینے والا کسی چیز کا۔
مُعاصِر ع ہم عہد ہم زمانہ و ہم وقت و ہم عصر
مَعرکہ گیر ف کشتی گیر پہلوان جو میدان میں لڑے
مِعجَر ع اوڑھنی عورتوں کے پہننے کی جو سر پر اوڑھتی ہیں۔

میم با غین

مِغفَر ع خود مغفر سے جسکو سپاہی پہنتے ہیں بجائے زرہ
خفتان اور جنگ کی پوشاک۔
مُغِیر ع غارت کرنے والا تاراج کرنے والا۔
مَغرُور ع صاحب غرور جو متکبر ہو۔
مَغفُور ع بخشا گیا یعنے جسکے گناہ خدانے بخشدئے ہوں۔
مُغبَّر ع غبار آلودہ و تیرہ رنگ۔

میم با فاء

مُفَکِّر ع فکر کرنے والا اندیشہ کرنیوالا غور کرنیوالا۔
مُفتَقِر ع فقیر و محتاج و مفلس نادار و بے زر۔
مُفتَخِر ع فخر کرنیوالا بڑائی کرنیوالا صاحب عزت و حرمت۔
مُفَسِّر ع بیان کرنے والا قرآن کی تفسیر کرنیوالا۔
مُفتَخِر ع کسی چیز پر فخر اور ناز کرنے والا۔
مَفَرّ ع جس مقام پر کوئی بھاگ کر جائے اور جس راستے سے کوئی بھاگے۔
مُفطِر ع روزہ کھولنیوالا کھانا کھانے والا۔
مُفقِر ع فقیر کرنے والا مفلس و محتاج کرنے والا۔

مُنفُور ع بھاگنے والا۔
مَفطُور ع پیدا کیا گیا اور چیرا گیا نکالا گیا جاک کیا گیا۔

میم با قاف

مَقَرّ ع جائے قرار و آرام یعنے جسجگہ سکونت ہو۔
مُقِرّ ع اقرار کرنیوالا وعدہ کرنے والا اقبال کرنیوالا۔
مُقَشَّر ع وہ چیز جسکا پوست دور کیا گیا ہو۔
مُقامِر ع قمار باز و حریف یعنے جوا کھیلنے والا مقابل
مُقَطَّر ع قطرہ قطرہ ٹپکائی ہوئی چیز خلاصہ کی ہوئی
مُقَوَّر ع قوارہ دار کیا گیا گڑھے کیا گیا۔
مُقَعَّر ع جائے عمیق و جائے مغاک۔
مَقابِر ع جمع مقبرے کی بہت سے گورستان۔
مُقتَدِر ع قدرت رکھنے والا یعنے خداتعالےٰ۔
مُقتَصِر ع تھوڑی چیز کرنیوالا کم کرنیوالا قصد کو کرنیوالا۔
مَقدُور ع طاقت قوت جسقدر ہو۔
مَقَرّ ع جائے قرار اور ٹھہرنے کی جگہ۔
مُقَرَّر ع قرار پایا ہوا گیا ٹھہرایا گیا ایک بات پر لایا
گیا۔
مَقولاتِ عَشَر ع ایک جوہر اور نو عرض پس
جوہر کے افراد پانچ ہیں جسم۔ ہیولےٰ۔ صورت۔ نفس ناطقہ۔
عقل یعنے ملائکہ اور تفصیل نو عرض کی یہ ہے کیف۔
کم۔ این۔ متےٰ۔ اضافت۔ وضع۔ فعل۔ انفعال۔
مِلک۔
مُقاطِر ع ٹپکانیوالا پانی وغیرہ کے چیزیں۔

مَقْصُور ع کوتاہ کیا ہوا کفایت کیا گیا کم کیا گیا۔

مُقَادِیر ع جمع مقدار اندازہ ہا یعنے بہت سے اندازے

مِقْدَار ع اندازہ کسے چیز کا چاہے ازروے وزن ہو چاہے ازروے عرض و طول کے۔

مَقْہُور ع قہر کیا گیا غضب کیا گیا یعنے وہ شخص جسپر کوئی قہر کرے۔

مَقَاہِیر ع قہر کئے گئے یہ لفظ جمع مقہور کے ہے

میم با کاف

مِکْثَار ع کثیر الکلام و لب یار گو و فضول گو و باد فروش

مَکْسُور ع ٹوٹا ہوا زیر کے حرکت دیا ہوا حرف۔

مُکَفِّر ع کنارہ دینے والا اور کافر کہنے والا۔

مُکَرَّر ع بار بار کیا گیا بہت مرتبہ کیا گیا۔

مَکَس گیر ف عنکوت جسکو مکڑی کہتے ہین۔

مُکَابِر ع بزرگی جتانے والا بڑائی ظاہر کرنے والا۔

مُکَدَّر ع کدورت آمیز چیز۔

مَکْر ع فریب دغا داؤ جو کسے سے کیا جائے۔

مَگَر ف لیکن پر سوائے اسکے۔

میم با لام

مَلِک عنبر ع ایک بادشاہ کا نام ہے۔

میم با میم

مَمَر ع راستہ اور گذرگاہ و باعث و سبب

مُمْطِر ع مینہہ برسانے والا بارش کرنے والا۔

میم با نون

مِنْقَار ع نول مرغ یعنے چونچ پرند جانور کے۔

مِنْشَار ع آرہ لکڑی چیرنے کا۔

مُنْذِر ع ڈرانے والا اور خطاب محمد صلعم کا۔

مَنْظَر ع جائے نظر و دریچہ اور آبگینہ اور چہرہ آدمی کا

مَنَاظِر ع جمع منظر بہت سے دریچے اور آبگینے و چہرے

مَنْخَر ع سوراخ بینی منخر بھی اسیکو کہتے ہین۔

مُنْکَر ع قبیح و ناشائستہ و بد و نامشروع اور نام ایک فرشتہ خدا کے ہے کا جسکے ساتھ دوسرا فرشتہ نکیر ہے

مُنْکِر ع انکار کرنے والا حق بات سے جان بوجھکر۔

مُنْجَر ع کھینچے جانے والا کشش کرنیوالا اپنے طرف

مَنَار ع چراغدان اور مقام بلند و جائے روشنی مجازاً مسجد کے منار جسپر چڑہکر اذان دیتے ہین۔

مُنَافِر ع نفرت کرنے والا بیزار ہونے والا۔

مُنْقَشِر ع چھیلی ہوئی چیز جسکا پوست اوتارا ہوا

مُنِیر ع روشن و صاحب نور روشنی دینے والا۔

مَنْشُور ع پراگندہ کیا گیا مجازاً فرمان شاہی جو کسیکے حق مین لکھا جائے اور مشہور کیا جائے۔

مَنَاشِیر ع جمع منشور کے یعنے بہت سے بادشاہی فرمان

مُنْتَشِر ع پراگندہ و پریشان خلاف جمع مجتمع کے۔

مِنْبَر ع آلہ بلند ہونیکا جسپر چڑہکر خطیب خطبہ پڑہتا ہے۔

مَنَابِر ع جمع منبر کے یعنے بہت سے آلے جسپر چڑہکر خطبہ پڑہتے ہین۔

مُنْدَبُور ع ماندہ و پریشان حال و غمگین و بیچارہ آدمی

منوچہر و مینوچہر ع نام بادشاہ جو نبیرہ ایرج بن فریدون تھا۔

مناصر ع یاری دینے والا مددگار و حمایتی۔

مناصر ع مقام امداد و جگہ یاری مکان امداد و حمایت۔

منکدر ع تیرہ و با کدورت و غبار آلودہ خاک سے ملا ہوا۔

منکسر ع ٹوٹنے والا کسر پہنچنے والا کاٹنے والا۔

منصور ع یاری دیا گیا اور نام ایک لے کا جسکا

اصلی نام حسین بن منصور تھا حلاج بھی اوسکو کہتے ہیں۔

منثور ع ناسفتہ و متفرق و پراگندہ اور وہ کلام جو منظوم نہ ہو

مناخیر ع سوراخہا بینی اور دروازہ کے تختی کے

بیچ جسپر دوسرا تختہ ٹھہرتا ہے۔

منحدر ع اوپر سے نیچے کو آنیوالا تنزل کی حالت میں آنیوالا۔

منزجر ع باز رہنے والا مٹ جانیوالا ایک کام سے۔

منشطر ع پھٹ جانے والا۔

من الاخیر ع اتنا بار جسکے صدمہ سے کشتی غرق ہو جائے۔

میم با واو

موفور ع بہت کیا گیا زیادہ کیا گیا بڑھایا گیا۔

موسیقار ع نام ساز و نام پرندہ جسکی چونچ میں سوراخ بہت ہوتے ہیں اور ان سوراخوں سے طرح طرح کے سرود نکلتے ہیں حکمانے علم موسیقی اوس سے ایجاد کیا ہے۔

موثر ع ایثار کرنے والا۔

موسر ع دولتمند و غنی و مالدار و صاحب فراخی۔

موتمر ع فرمانبردار اور مشورت کرنے والا کسی کام میں

موخر ع وہ گوشہ آنکھ کا جو کان کی طرف ہو۔

موخر ع نام منزل قمر اور تاخیر کیا گیا انجام کو پہونچایا گیا۔

موفر ع زیادہ کرنے والا بڑھانے والا کسی چیز کا۔

موفر ع زیادہ کیا گیا اور بڑھایا گیا۔

موت احمر ع سخت موت بڑی طرح کی موت۔

موش کور ف مشہور جانور ہے جسکو چمگادڑ کہتے ہیں۔

موقر ع توقیر کرنے والا عزت کرنے والا۔

موقر ع توقیر کیا گیا عزت کیا گیا۔

مور ع بواو مجہول چیونٹی جو مشہور جانور ہے۔

میم با ہا

مہذار ع بیہودہ گو و فضول گو آدمی جسکے بات کا کچھ ٹھکانا نہو۔

مہاجر ع جدا ہونیوالا وطن اور خویش و اقربا سے اور خطاب اونکا جو ہمراہ پیغمبر صاحب کے مکہ سے نکل آئے تھے

مہر ف محبت و آفتاب و نام شمسی یعنے کا تک کے مہینے کا

مہر ع حق کابین عورت جو نکاح میں مقرر ہو۔

مہر ف مشہور لفظ ہے جو فارسی میں لفظ کردن و زدن سے مستعمل ہے یعنے مہر کردن مہر زدن۔

مہجتہ الاحجار ع جواہرات مثل سبزہ و الماس و لعل جو پتھر سے نکلتا ہے۔

مہار ع وہ چھوٹی لکڑی جو اونٹ کے ناک میں ہوتی ہے اور رسی اوسکے ساتھ باندہی جاتی ہے۔

مہجور ع جدا و محروم ہوا ہوا الگ ہوا ہوا شخص

میم با یا

مُیَسَّر ع آسان کیا گیا وہ کام جو مشکل تہا -

مُیَسَّر ع قمار کھیلنا جوا کھیلنا مُتَیَسِّر بھی اسکو کہتے ہین -

مِئزَر ع تہہ بند چادر دستار رومال بندیلی جو مشہد بار بجاتے ہین

مِیزَر ع زیر جامہ و شلوار وغیرہ کپڑے جو کمر مین باندہی جاتی ہین

مَیسُور ع آسانی آسان ہونا کسی مشکل کام کا -

مِیرِ شکار ع شکاریون کا سردار اور شکاریون کا افسر

مِینار ع چراغدان اور ستون بلند مجازاً مسجد کا مینار -

مِیر ع مخفف امیر صاحب دولت و حاکم و صاحب امر -

مِیر آخور ع داروغہ اصطبل اور سائیسون کا افسر

مِیر شبگیر ف کوتوال شبگرد جو رات کو گشت کرتا ہے -

مِیر بحر ف داروغہ گذر دریا جو دریا پر محصول لیتا ہے -

چھبیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف نون اور اخیر مین یا ہی ہے -

نون با الف

ناگوار ف بدمزہ و بدذائقہ و ناخوش کہانا جسکو طبیعت نہ چاہے

ناچار ف لاعلاج و لابد جسکا کوئی چارہ نہو -

ناہار ف وہ شخص جسنے صبح سے کچھ نہ کہایا ہو وہ خالی معدہ ہے

ناگزیر ف ناچار و لاعلاج و بالضرور بحالت ناچاری -

ناسور و ناصور ع وہ زخم جو ہمیشہ جاری رہے بند ہونے مین نہ آئے -

ناصِر ع یاری دینے والا مددگار و نام خدا تعالے کا -

ناظِر ع دیکھنے والا افسر منشیون کا اور خواجہ سرائے

نافِر ع نفرت کرنیوالا بہاگنے والا بیزار ہونے والا

ناہموار ف بے ادب و نالایق و زمین جو برابر نہو

ناقور ع نائے بزرگ و کرنائے جسکو جنگ مین بجاتی ہین

ناپایدار ف جو چیز دیر تک نہ رہے فنا ہو جائے -

نابکار ف جو بیکار ہو کسی کام نہ آسکے -

ناضِر ع تر و تازہ و بارونق و شاداب -

نامور ف مشہور شخص جسکو ہر کوئی جانتا ہو -

نامدار ف عزت دار نامی آدمی -

ناہنجار ف بد چلن خراب آدمی -

نادِر ع عجیب شے قلیل و کمتر معدوم و کمیاب -

ناموسِ اکبر ع دستور شریعت مجازاً و بمعنی جبرئیل ع کا

ناشِر ع پراگندہ کرنے والا ظاہر کرنیوالا پھیلانے والا -

نار ف میوہ انار اور عربی مین آگ اور ہندی مین عورت

نادار ف مفلس و تنگ دست اور جسکے پاس کچھ نہ ہو

نابرخوردار ف نالایق و بے نصیب و کم قسمت -

ناطور ع نگہبان و چوکیدار و پاسبان و محافظ -

نون با با

نَبائِر ع جمع نبیرہ پسر زادگان پوتے دہوتے -

نَبَر ع بلندی بلند کرنا اونچے لیجانا چڑہانا -

نَبِیرہ ع پوتا یعنی بیٹے کا بیٹا -

نون با تا

نتائج و آثار ع موالید ثلاثہ و حرارت و برودت و رطوبت و یبوست۔

نون با تا

نِثار ع جھاڑنا اور بخشنا قسم نقد و جنس و تصدق کرنا
نُثار ع جو چیز جھاڑی اور بخشی اور تصدق کیجاے۔
نَثر ع پراگندہ کرنا اور وہ کلام جو منظوم نہو۔

نون با جیم

نَجّار ع درود گر بڑہی۔

نون با حا

نَحر ع اونٹ کو ذبح کرا اور سینہ پر زخم لگانا۔
نِحریر ع مرد دانشمند و زیرک و صاحب عقل و ہوش۔
نَحارِیر ع جمع نحریر دانشمندان و زیرکان۔

نون با خا

نَخیر ع آواز بینی یعنے ناک کی آواز۔
نَخیر ع وہ زمین جسمین تخم بوئین جب سبز ہو تو وہان سے اوکھاڑ کرا اور جگھہ لے جائین۔
نَخل طُور ع وہ درخت جسپر موسے کو تجلے ہوئے۔
نَخچیر ع شکار کرنا اور شکار کیا گیا اور جانور صحرائے مثل آہو وغیرہ و شکارگاہ۔

نون با دال

نَدِیر ع منفرد و تنہا و غریب۔

نون با ذال

نَذِیر ع ڈرانیوالا اور نام محمد صلے اللہ علیہ وسلم

نَذر ع جو چیز اپنے اوپر واجب مثل روزہ و صدقہ و طعام فاتحہ روح بزرگان و پیشکش امرا و سلاطین۔
نُذر ع ترس و بیم و خوف و اندیشہ۔

نون با رے

نَرد ف جو مادہ نہو مرد ہو۔

نون با زے

نَزر ع اندک و قلیل اور جو چیز تھوڑی ہو۔
نِزار ع لاغر و ناتوان و کمزور و کم قوت۔

نون با سین

نَسترَن ف مخفف نسترن جو ایک پھول مشہور ہے۔
نَسطُور ع نام ایک فاضل ترسا کا جو حکیم تھا۔
نَسر طایِر ع آسمان پر ایک شکل کرگس کی شکل پر ہے۔
نَسر ع کرگس مشہور جانور ہے۔

نون با شین

نِشتَر و نیشتر ف وہ جس سے خون لیتے ہین۔
نَشر ع خوشبو اور دوبارہ سبز ہونا گھاس کا اور بچھانا اور ظاہر کرنا و زندہ ہونا اور راڑنا لکڑی کا آرہ سے۔
نَشر ع پراگندگی و پراگندہ و پراگندگان اور جمع برابر۔
نُشخوار ف جگال جو جانور کرتی ہین اور کھائی ہوئے چیز معدہ سے نکالکر چباتے اور پہر نگل جاتے ہین۔
نِشوارت نشخوار دو نو لفظ ایک معنے رکھتے ہین۔
نُشُور ع زندہ ہونا اور صبح نشور روز قیامت۔
نِشاپور ف نام شہر خراسان میں او رشاپور نام بادشاہ کا تھا

نون با صاد

نَصر ع یاری دینا یا مدد کرنا حمایت کرنا کسی کا۔
نُصَّار ع جمع ناصر یاری دینے والی مدد کرنیوالے۔
نَصِیر ع مدد گار و نام قبیلہ جو یہود کی قوم میں ہے۔

نون با ضاد

نُضار ع زر و طلائی خالص یعنی بہت اچھا سونا۔
نَضِیر ع تازہ و آبدار و بارونق و سرسبز۔
نَضر ع زر دہ تازہ رنگ و سرسبزی و شادابی۔
نَضر ع چیز خالص جسمیں کسیطرح کی آمیزش نہو۔

نون با ظا

نَظر ع نگاہ توجہ و فکر جو کسیطرف کیجائے۔
نَظِیر ع مانند و صاحب نظیر و نام شاعر اکبر آباد کے۔
نَظَائِر ع جمع ہے نظیر کے لفظ کی۔

نون با فا

نَفسُ الامر ع حقیقت کار و اصل مدعا و اصل مطلب
نَفِیر ع فریاد و نالہ و آواز اور نفرت کرنے والا۔
نَفَر ع گروہ مردم اور فارسی میں ایک کس و نوکر و چاکر
نُفُور ع گریزندہ و رمندہ یعنی بھاگنے والا۔
نَفَّار ع بہت نفرت کرنیوالا اور بھاگنے والا۔

نون با قاف

نِقَار ع کینہ و غبار و بغض جو دل میں رکھا جائے۔
نَقِیر ع اصل و حسب و نقطہ سپید خرما و ختہ خرما و رشتہ
جو ختہ خرما میں ہوتا ہے و قسم ظرف شراب جو لکڑی کا
ہوتا ہے و بمعنے حقیر و فقیر و ناکارہ۔
نَقر ع کوٹنا کسی چیز کو لکڑی سے چھیڑنا نائی بجانا عیب کرنا۔
نُقطۂ جانگیر ف کنایۂ زمین۔

نون با کاف

نِگار ف نقش و بت و معشوق اور نقش حنا کا جو تصویر جاندار کا
نُکر و نُکر ع ناسپاسی و ناخوشی و کفران نعمت۔

نون با میم

نَمر و نُمر ع پلنگ یعنے چیتا۔
نَمِیر ع آب شیریں و خوشگوار۔
نُمُودار ظاہر اور وہ چیز جو آنکھ کے روبرو ہو۔

نون با واو

نَوبَر ف میوۂ نورس و دختر دوشیزہ یعنے کنواری لڑکی۔
نُوبَر ف شگوفہ سفید و زرد و گلزار دو رنگ بروزن نور
نَوبَہار ف موسم بہار و نام آتش خانہ گیران۔
نَوحہ گر ف چلا کر رونے والا آواز سے رونیوالا۔
نَوکَر ت چاکر خدمتگار جو حوالہ دار کسی خدمت کا ہو۔
نُوش آذر ف نام آتشکدہ معبد آتش پرستان
نَوشادر ف مشہور چیز ہے اور معروف دوا ہے۔
نُور ع روشنی چمک چمکنا یا جلوہ کسی روشن چیز کا۔
نَوَائِر ع جمع نائرہ شعلہ ہائے آتش یعنی آگ کی چمکاریں
نَوذَر ع نام پسر منوچہر جو مشہور بادشاہ ہے۔
نَوشہر ع نام شہر نزد یک شروان۔
نُور علیٰ نُور ع بہت روشن نہایت چمکنے والی چیز۔

نون با ہار

نہار رف جسنے صبح سی کچھہ نہ کھایا ہوا ور عربی مین دن
نہی منکر ع باز رکھنا اور منع کرنا بری کام سے
نہر ع چھوٹا اجرا پانی کا یعنے پانی کی نہر ۔

نون با یار

نیلوفر ع کنول کا پہول جسکو پہل کو کنول ڈوڈا کہتی ہین
نے عسکر ف وہ قلم جو شہر عسکر مین عمدہ پیدا ہوتا ہے ۔
نیشاپور ف خراسان مین ایک شہر ہے جسکو شاپور نے آباد کیا تھا
نیک محضر ف نیک شکل خوبرو آدمی خوبصورت انسان ۔
نیکو کار رف جو کام نیک کرتا ہو ہر کام سی پرہیز رکھے ۔
نیّر ع ستارہ روشن مجازاً آفتاب ۔
نیّر اکبر ع سورج جو سب سے بڑا ستارہ ہے ۔
نیم کار رف وہ شخص جو اپنے کام مین کمال نرکھتا ہو
نیم برف کشتی کے ایک فن کا نام ہے ۔

ستائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین کہ جن کے اول حرف واو اور اخیر مین ہائے ہے

واو با الف

واگیر ف پہلوانون کی ایک ورزش کا نام ہے ۔
وار ف مانند یہ لفظ تشبیہ کے مقام پر کہا جاتا ہے
وافر ع بہت و زیادہ و افزون ۔

واو با بار

وبر ع نام ایک جانور کا جو بلی کی شکل سے ہوتا ہے
وبر ع پشم شتر وغیرہ ۔

واو با تاء

وتر ع تنہا طاق اکیلا یگانہ ۔
وتر ع کمان کی زہ ۔

واو با جیم

وجار ع وہ جگہہ جہاں گفتار یا گرگ رہتا ہو
وجور ع رقیق دوا جو حلق مین ڈالی جاوے ۔

واو با را

وزیر ع وہ شخص جو کسیکے بار اوٹھانے مین شریک ہو مجازاً بادشاہ کا مقرب و منتظم امورات سلطنت و مشیر سلطانی ۔
وزر ع گرانی و بوجھہ و ہتھیار کام کرنیکی جمع اوزار لفظ ہے

واو با طاء

وطر ع حاجت و ضرورت و احتیاج ۔

واو با عین

وعور ع مشکل جگہہ اوترنے کی ۔

واو با فاء

وفادار ف صاحب وفا اور پورا کرنے والا عہد کا ۔
وفر ع زیادتی و افزونی و ترقی و بہتایت ۔
وفور ع بہت ہونا تمام ہونا پورا ہونا زیادہ ہونا ۔

واو با قاف

وقر ع وہ بار جسکو گدھا یا خچر اوٹھا سکے ۔

وقر ع گرانبار ہونا صاحب عزت و آبرو ہونا۔

وقار ع آرامیدگی و آہستگی و گرانباری عزت و آبرو۔

وقور ع صاحب عزت و وقر و آبرو۔

واو با کاف

وکر ع آشیانہ مرغ پرند کے رہنے کا گھونسلا۔

اٹھائیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف ہا اور آخیر مین را ہی ہو

ہا با الف

ہارو ہاریہ ع گرا ہوا اور گرنے والا اور ہند مین جاہل۔

ہامر ع ابر بہت برسنے والا بادل۔

ہاپور ع نام شہر جو علاقہ دہلی مین آباد ہے۔

ہا با تا

ہتر ع سخن بیفائدہ و سختی زمانہ و غیبت در پردہ در۔

ہا با جیم

ہجر ع اسم مصدر جدائی کرنا جدا ہونا کسی شخص یا مقام سے۔

ہجر ع جگہ جو درمیان دو دو ستونکے واقع ہو۔

ہجیر ع خود عادت و خصلت و طبیعت انسان کی۔

ہجیر ع گڑھا پیروزہ و حوض فراخ جسمین بہرا ہوا۔

ہا با دال

ہدر ع قتل کرنا باطل و ضائع و ناچیز ہونا۔

ہدیر ع بانگ کبوتر و بانگ شتر یعنی کبوتر و اونٹ کی آواز

ہا با ذال

ہذر ع بیہودہ گوئی سخن بیہودہ و تقریر لاطائل۔

ہا با را

ہر ع گرہ بیعنی بلی و ساخت اسپ زین لگام وغیرہ سامان گھوڑے کے۔

ہر ف یہ لفظ افادہ معنی عموم کرتا ہے چنانچہ ہر کہ وغیرہ

ہریر ع بعض فقیر بانگ سگ یعنی کتی کی آواز۔

ہا با زا

ہزار ع وس ف سو کا عدد اور بلبل جسکو ہزار داستان بھی کہتے ہین۔

ہزبر ف شیر درندہ جنگل کا شیر۔

ہا با فا

ہفت اختر ف قمر۔ عطارد۔ زہرہ۔ شمس مریخ مشتری زحل۔

ہفت کشور ف سات ولایتین جو سات ستارون سے متعلق ہین

ہفت خوان اسفندیار ف اسفندیار سات خوانچہ جو اسنے سات مقام شکل سے گذر کر بطور شکرانہ تیار کئے تہے

ہا با میم

ہمدگر ف آپسمین چند آدمی جو ملکر کوئی تجویز کرین۔

ہمدیوار ف ہمسایہ جسکی دیوار ساتھ اپنے دیوار ہو۔

ہمشیر ف بہن اور بہائی جو ماکے دودہ مین شامل ہون مجازاً بہن۔

ہَمسَر ف برابر دزوجہ منکوحہ وہم عمر وہم قد۔
ہَمَار ف اندازہ وحساب ہمیشہ۔
ہَمَار ع بسیار گو وفضول گو یاوہ گو آدمے۔

ہا ء با نون

ہنجار ف راہ وجادہ طرز وروش و قاعدہ و رنگ و لون
ہنگامہ گیر ف ہجوم کرنے والا بازیگر و مکار و فریبی آدمے
ہنگار ف جلدی شتابی و تیزی و تندی مجازا غرور و تکبر

ہا ء با واو

ہُور ف بواو مجہول آفتاب و نام ستارہ جو ہزار برس بعد کے نکلتا ہے
ہوادار ف دوست خواہشمند و صاحب محبت و پیارا۔
ہوشیار ف دانا عقلمند صاحب ہوش لیق۔

اونتیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف یا اور اخیر مین بھی یاء ہی ہی

یا با الف

یادگار ف نشان و علامت جو کسیکی طرف سے قایم ہو
یار ف دوست اور مددگار اور رفیق اور پیارا۔
یازدہ ف گیارہ سوراخ جسم انسان کے چنانچہ دو سوراخ بینی دو دو گوش دو دو چشم دو دو سوراخ حلق دو دو سوراخ بول و منی متعلق بذکر و یک سوراخ مقعد۔

یار غار ف لقب ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالے عنہ جب محمد صلے اللہ علیہ وسلم کفار سے پوشیدہ مدینہ کو روانہ ہوئے تو ابو بکر صدیق ہمراہ تھے دو روز راہ مین بمقام غار حضرت پوشیدہ رہے تو ابو بکر رضی اللہ تعالے عنہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین حاضر تھے اوس روز سے ملقب بہ یار غار ہوئے۔
یاور ف یار و مددگار و خبر گیر و حمایتی۔
یاذرت بدال مہملہ بارہوان و زہرماہ شمسی کا۔
یا متشکرات یعنے داخل ہوئے ہین۔

یا با زائے

یزکدار ف سردار فوج سپہ سالار لشکر کا افسر۔
یزدجرد ف نام بادشاہ شہزادہ نوشیروان عادل۔

یائے با سین

یسار ع تونگری و ثروت و دست چپ و جانب چپ
یُسر و یُسُر ع آسان ہونا کہ مشکل کام کا و فراخ ہونا
یسیر ع اندک و آسان اور تھوڑا کام جو جلد بانجام پہونچ جاوین۔

یا با قاف

یقلمشہرت یعنے خوش آئی مین اچھی طرح سے آئی بیز

یا با کاف

یکتا ف شے اندک یعنے تھوڑی چیز اندک مقدار۔
یک چشمہ کار ف کار خوب و آراستہ جو اچھی

طرح سے انجام پا چکا ہو۔

یا با لام

یلغار و یلغرت دوڑنا دشمن کی فوج پر حملہ کرنا دھاوا کرنا

یا با واو

یوم النشور ع قیامت کا دن پھیل جانے کا دن

یورزت بمعنے بیان کرتا ہے ظاہر کرتا ہے۔

یوم الباحور ع تپ کی حالت مین بحران کے دن

گیارھوان باب

اون لغات کے بیان مین جن کے اخیر مین زا ہی اور پہلے حروف برعایت حروف تہجی کے اپنے اپنے موقع پر بدلتے جاتی ہین اسمین تئیس فصل ہین

پہلی فصل

اون لغات کے ذکر مین جن کے اول حرف الف اور اخیر مین زا ہی۔

الف با با

آبخیز ف زمین سیلاب خیز تر زمین آبدار زمین

آب باز ف شناور دریا مین تیرنے والا تیراک

آب شیراز ع کنایۃً شراب عمدہ شیراز کے۔

ابراز ع ظاہر کرنا نکالنا ظہور مین لانا کسے چیز کو

ابریز ع خالص زر و نقرہ یعنی اچھا سونا اور عمدہ چاندی

الف با جیم

آجز ع اینٹ خشت جو عمارت مین لگائی جاتی ہے

الف با حا

احراز ع استوار کرنا نگاہ رکھنا جمع کرنا پناہ مین آنا۔

احتراز ع پرہیز کرنا اور اپنے آپ کو بچانا ناپاک سے صاف رکھنا۔

الف با رے

ارمزوف پہلی تاریخ ہر مہینہ شمسی کی یعنی غرہ ہر مہینے کا

ارزیز ع قلعی جسکو رانگ کہتے ہین ایک قسم دھات کا ہے

آرز ع برنج جو غلہ مشہور ہے یعنی چانولوں کا غلہ۔

آرزو ف قیمت بہا و کسے چیز کا جو مقرر ہو۔

الف با زے

آز ف حرص ہوا طمع امید جو بیفایدہ ہو۔

آز ف فارسی مین یہ لفظ ابتدا و علت وغیرہ کے معنے دیتا ہے

الف با عین

اعزاز ع عزت دینا معزز کرنا فخر بخشنا صاحب عزت کرنا۔

اعجاز ع خصلتین جا و تین خو مین طبیعتین ان کی۔

اعجاز ع عاجز کرنا اور قایل کرنا منکر کو باظہار خوارق عادت معجزہ و کرامت کے

الف با فا

افراز ف بلند کرنیوالا اور بعصا لہ طعام جو اصل مین افراز تھا۔

الف بالام

البرز ع مازندران مین ایک پہاڑ ہے جسکا نام ہے۔

الغاز ع چیستان و معما جسکے معنے ظاہر سوا غور کے سمجھہ مین نہ آئین۔

الترز ف شاہ خوارزم کا نام ہے جسکی سلطنت ایران وغیرہ ملکون مین تہی۔

الدگز ع نام پدر طغرل ارسلان جو مشہور شاہزادہ تھا۔

الف بامیم

امروز ف آج کا دن جو گذر رہا ہے۔

الف بانون

انداز ف ادای دلپذیر و قصد و حملہ و قدرت و مقدار و مرتبہ و حال و اندازہ و فکر رسا و طرز دلپسند۔

انگزہ و انکس ف آلہ آہنی جو فیلبان ہاتھہ مین رکہتے ہین۔

اندرز ف نصیحت و پند و وصیت جو کسیکے بہلائی کیلئے کہی جاوے۔

انتہاز ع فرصت پانا قابو پانا وقت حاصل کرنا۔

انباز ف شریک و سہیم اور کسیکے کام کا ساجھی۔

انجاز ع وعدہ وفائی و حاجت روائی و صدق و اخلاص۔

الف باواو

اوز ع مرغابی جو ایک دریائی جانور پرند مشہور ہے۔

آواز ف جو انسان کے گلے سے نکلے بول منہہ کا۔

الف باہا

اہواز ف خوزستان مین ایک شہر ہے۔

اہتزاز ع جنبش کرنا خوشحال ہونا سرسبز ہونا۔

الف بایا

ایجاز ع سخن کوتاہ کرنا اختصار کرنا مختصر بات کرنا۔

ایاز ف نام غلام و محبوب سلطان محمود غزنوی۔

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن اول حرف با اور اخیر مین زائے ہے

با با الف

باز ف دہ مسافت اور فاصلہ جو دو ہاتہون کہلے ہوون کے درمیان ہو جسکو ترکی مین قلاج کہتے ہین و تکرار و معاودت کار و کشادہ و نشیب و تمیز و تفرقہ و جانب و گذرگاہ و جدا و نام طایر شکاری و شراب و باج و خراج و برگشتہ ہونا اور صیغہ امر باختن سے یہ سب تیرہ معانی ہوئے۔

باخرز ف خراسان مین ایک قصبہ ہے اور نام شعبہ موسیقی۔

بارز ع ظاہر ہونیوالا پیدا ہونیوالا ظہور مین آنیوالا۔

باران گریز ف مکان کا چہجہ جس سے مکان بہیگنے سے بچے۔

بارانداز ف فرود کش ہونا مقام پکڑنا آرام کرنا۔

با با رائے

بروز ع نکلنا اور ظاہر ہونا رو برو آنا ہویدا ہونا۔

بروز ع کپڑے کا سنجاف جو لگایا جاتا ہے۔

برآمد ع باہر نکلنا مجازاً سر گین آدمی جو اوس کے پیٹ سے نکلتا ہے۔

بُرز ع قدر و شکوہ و مرتبہ و رفعت و قامت انسان جو بلند ہے۔

بَرز ع زراعت و زیبائی و زینت کسے چیز کی۔

برد عجوز یہ سات دن مستان کے اخیر مین ہوتے ہین۔
تین روز اخیر پہاگن اور چار روز ماہ چیت کے۔

باب با زاے

بُزّ ع جامہ یعنے کپڑا گہر کا اسباب مال و متاع۔

بزّاز ع جامہ فروش جو کپڑا فروخت کرتا ہے۔

بُزرف بکری مسخرہ و برج حمل جو زحل کا خانہ ہے۔

بُز آویز ف ایک کشتی کا داؤ ہے جو کشتی کی وقت کیا جاتا ہے۔

باب با سین

بستان افروز ف گل تاج خروس یعنی گل کلغا جو مشہور ہے۔

باب با غین

بلغار ع جو لکڑی گرد کی دو سر لکڑی مین ٹہوکین۔

باب با واو

بوئی افزا ف گرم مصالحہ جو کہانا پکاتے وقت ڈالتے ہین۔

بونا ز ف ایک گہاس کا نام ہے جو خوشبو ہوتا ہے۔

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول بائے فارسی اور اخیر مین زا ہی ہے

بائے فارسی با الف

پالغز ف پہسلنا اور پہسلنے کا مقام و خرابی و جرم و خطا۔

پاسپز ف سیاہی و دولا و شوم قدم یعنی خشک قدم۔

پا افزار ف کفش و پاپوش جو پانو مین پہنتے ہین۔

پاتیز ف موسم خزان و سرما یعنی جاڑے کا موسم۔

پا انداز ف وہ فرش جہان جوتا اوتارتے ہین۔

پارہ دوز ف فقیر و درویش و محتاج و خیمہ دوز۔

پاکباز ف نیک آدمی اچھا آدمی جو بدکام سے پرہیز کرتا ہے۔

پاکیز ف پاک طیب آلایش و آمیزش سے خالی۔

پالیز ف خربوزہ و ککڑی و کہیرا وغیرہ ترکاریان۔

بائے فارسی با رائے

پرویز ف نام بادشاہ عاشق شیرین جسکا نام خسرو بن
ہرمز بن نوشیروان تھا چونکہ پرویز مچہلی کو کہتے ہین
اور وہ مچہلی شکار کرتا تھا اسلئے اسکو پرویز کہتے
تھے عزیز اور ارجمند کے معنے بہی ہین۔

پرواز ف بدال مہملہ تحریر باریک جو تصویر وغیرہ کے چار طرف کہینچتے ہین۔

پَرَوَز سنجاف جامہ جو کپڑے کو لگاتے ہین۔

پرواز ف جانور کا اوڑنا بلند جانا اور پر کو چیر دینا۔

پرویز ف نام اسپ نوشیروان عادل یعنی اسکو فتح مند۔

پرہیز ف گناہ سے بچنا اور اوس چیز سے جو مضر ہو۔

پریروز ف پرسون کا روز تیسرا دن جو گذر چکا ہو۔

بائے با سین

پس خیز ف شاگرد و خدمتگار و نوکر و خادم۔

بائے با شین

پشیز ف دمڑی ایک پیسے کا چوتہا حصہ۔

بار فارسی با نون

پنبہ دوز ف گودڑی فروش و کہنہ فروش۔

بار با واو

پو ز ف بینی و چہرہ جا یا پایان یعنے ناک و چہرہ جا پایو پکام

با با ہا

بہوز ع پہن چشم و شوخ و بے حیا و بیشرم آدمی۔

با با یار

پیشواز و پیشیاز ف استقبال کرنا و قسم جامہ جو عورتین پہنتی ہین

بے نیاز ف بے پرواہ جسکو کسیکی حاجت نہو۔

پیروز ف فتح مند صاحب قسمت صاحب نصرت۔

پیش خیز ف خدمتگزار نوکر چاکر۔

چوتھی فصل

اون لغات کے بیان مین جن اول حرف تا اور اخیر مین زائے ہے۔

تا با الف

تاز ع مخفف تازہ و محبوب اور دوڑنا اور دوڑنیوالا۔

تا با بار

تبریز ف آذربایجان مین ایک شہر مشہور ہے۔

تا با جیم

تجہیز ع تیار کرنا اسباب میت اور عروس کا جو اسکے جہیز مین دیا جاے

تجاوز ع حد سی بڑہنا اندازہ سے باہر جانا۔

تجویز ع جایز کرنا کسی کام کی درستی کے لئے کوئی بات قرار دینا۔

تجہز ع آمادہ ہونا مستعد ہونا تیار ہونا کسی کام پر۔

تا با حا

تحزیہ ع بہروپ آمیختہ تیز کرنا۔

تحرز ع پرہیز کرنا اپنے آپ کو بچانا کسی ضرر چیز سے

تا با را

ترکتاز ف تاختن و تاخت آوردن یعنے حملہ کرنا جنگ یا غارتگری

تراز و طراز ف نام شہر و نقوش جامہ و زیب و زینت ہر چیز کے

تا با میم

تموز ف موسم گرمی اور مہینہ ساون کا جب بہت گرمی ہوتی ہے۔

تمییز و تمیز ع جدا کرنا نیک کو بد سے مجازاً عقل و ہوش۔

تا با نون

تنگوز ت خنزیر یعنی خوک جسکو ہند مین سور کہتے ہین اور مسلمانون کے مذہب مین اس جانور کا کہانا قطعی حرام ہے۔

تا با واو

توز ف بواو مجہول ڈہونڈنیوالا جمع کرنیوالا کہینچنے والا و نام پوست درخت یعنے بھوج پتر و صیغہ امر اندوختن

تا با یا

تیرساز ف تیر بنانیوالا اور مضراب ساز۔

تیرانداز ف تیر چلانے والا جو کمان سے تیر چلائے۔

تیز ع بیاے معروف آواز گوز جیسا یعنی جانور کے گوز کی آواز

تیز ف بیاے مجہول مشہور لفظ ہے مثلاً شمشیر تیز وغیرہ۔

پانچوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول
حرف جیم اور آخیر مین زا ہے

جیم با الف

جایزہ ع جو بات شرعاً ممنوع ہو بد مذہب کے سبب سے روا ہو اور اسکا کرنا روا ہو

جانباز ف محنتی و جفاکش یا وہ آدمی جو کام انجام مین جان تک دریغ نکرے

جالبوز ترکستان مین ایک شہر ہے۔

چارمغز ف میوہ مشہور ہے یعنے اکہروٹ۔

جیم با با

چپ انداز ف جو شخص بازگشتی تیر چلاوے۔

جیم با زاے

جراز ع شمشیر بران تیز تلوار ترچہی تلوار۔

جُبُرز ع زمین بے گیاہ یعنے وہ زمین جسمین گہاس نہو۔

چرز ف نام طایر جسکا گوشت حلال ہے۔

چرخ انداز ف کمانداز و تیرانداز اور پہلوان تلوریا۔

چراغ روز ف آفتاب و شخص بے عزت و بی آبرو۔

جیم با زاے

جُز م مخفف جزو ٹکڑا کسی چیز کا و نام علم ہندسی و بمعنی سوا اغیار

جیم با لام

جلوریز ف سبک عنان و جلد و شتاب گہوڑا چلانے والا سوار۔

جیم با میم

جمع انداز ف وہ شخص جسکا تیر خطا نہ جاے نشانہ پر پڑے

جیم با واو

جوز ع اکہروٹ و ثمر درخت جو مدور ہو و گردگان مغز نارییل

جُواز ع کوہ تیل نکالنے کا جسے تیلی تلو نکا تیل نکالتے ہین

جواز ع گذرنا روان ہونا جاری ہونا جایز ہونا۔

جوایز ع عطایا و انعامات و تحایف جو کسیکو دی جائین

چوب گز ف لکڑی کا گز جس سے کپڑا وغیرہ ناپتے ہین

جیم با ہا

جہیز ع ساختگی اسباب خر اور میت کے دفن کرنیکا سامان

جہاز ف بڑی کشتی اور فرج دیالان شتر۔

جُہاز ع اسباب عروس اور اسباب میت دفن کرنیکا

چہرہ پرداز ف مصور نقاش جو کسیکی تصویر یا نقشہ کہینچے

چہرہ خیز ف روشن و مجلا و مصفا چیز جو صاف نظر آے۔

جیم با یا

چیز ف کوئی شے چاہے کسی قسم کی ہو۔

چیزمیز ف اندک و قلیل اور بہت تہوڑی چیز۔

چیزلیز ف بضاعت مزجات۔

چھٹی فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول
حرف حا اور آخیر مین زا ہے

حا با الف

حاجز ع جو چیز دو چیزون کے بیچ مین مانع اور حائل ہو -

حا با جیم

حجاز ع نام ملک جسمین مکہ و مدینہ و طائف وغیرہ آباد ہین -

حجز ع دو چیزون کے درمیان آنا چونکہ ملک حجاز نجد اور تہامہ کے درمیان ہے، اسلئے اوسکو حجاز کہتے ہین -

حجیز ع امالہ حجاز جسکے معنے بیان ہو چکے ہین -

حا با رائے

حرف گلو سوز ف کلام تند و تلخ جو سخت ناگوار ہو

حرز ع جائے پناہ و جائے استوار اور مضبوط مکان جسکے گرنے کا خوف نہو -

حا با زائے

حراز ع سیو سرکہ جسکو بہپا کہتے ہین -

حا با سین

حسن گلو سوز ف حسن شیرین دلچسپ مطبوع و دلپسند

حا با قاف

حقہ باز ف بازیگر و عیار و مکار و فریبی آدمی -

حا با کاف

حکم انداز ف تیرانداز کامل فن جسکا نشانہ خطا نہ جائے -

حا با یائے

حیز ع کنارہ و مکان و احاطہ مکان جسمین چار طرف دیوار ہو -

حیز و ہیز ف مخنث ہیجڑا یہ لفظ اگرچہ بجائے حطی مشہور ہے مگر ہائے ہوز سے صحیح ہے کہ حاء حطی فارسی مین نہین آسکتی -

ساتوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن اول حرف

خا اور اخیر مین زائے ہے

خا با الف

خام سوز ف جو چیز اوپر سے جلی ہو اور اندر سے کچی رہ جائے

خاک بیز ف منتی نیاریہ جو خاک سے سونا چاندی نکالتا ہے

خایہ ریز ف خاگینہ نان خورش جو انڈے سے بناتی ہین

خاک انداز ف خاک جو چوری کے موقع پر مشتبہ لوگون سے ڈلواتی ہین اس امید پر کہ چور اپنا سرقہ خاک مین ڈالدیوے -

خا با بائے

خباز ع نان پز روٹی پکانیوالا طباخ باورچی -

خبز ع روٹی جسکو کہاتے ہین -

خبز ع روٹی پکانا یہ لفظ مصدر ہے -

خا با رائے

خرخیز ترکستان مین ختا کے پاس ایک خطہ ہے -

خرد سوز ف ایک بڑے آتشخانہ کا نام ہے -

خرخز ف نام شہر -

خرز ع موزہ سینا جوتا سینا -

خرز ع مشک اور موزے کی درزین -

خراز ع چرم دوز موچی جوتا سینے والا -

خا با زائے

خز ع نام ایک قسم کی پوستین کا اور نام کپڑے کا جو ریشم و پشم سے بنا جاتا ہے

خز ف بلندی اور صیغہ امر خیزیدن سے -

خا با شین

خشک مغز ف سودائی و دیوانہ و بیہودہ گو اور فضول باتین کرنیوالا -

خا با واو

خون ریز ف خونی اور خون کرنا کسی کا۔

خا با یا

خیز ف بیائے مجہول موج آب و مستی مادہ کی وقت تریو نشانہ کی۔
خیز و میز ف ذوق شوق و اختلاط و ارتباط باہمی

آٹھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول دال اور آخیر مین رائے ہے

دال با الف

دانش آموز ف اوستاد و شاگرد دونو معنی اس سے حاصل ہوتے ہین
دار باز ف بازیگر جو بانس اور رسن پر چڑھ جاتا ہے۔
دارالمرز ع تختگاہ بادشاہ جہان وہ رہتا ہو۔
دارای شب اندر روز ف قسم دارائی کا جو سیاہ و سفید ہوتی ہے

دال با با

دُر بہیز ع موتی جو ڈل دار چیز ہو۔

دال با خا

دختر رز ع شراب انگوری جو انگور سے نکلتی ہے۔

دال با را

دراز ف لمبا جسکو عربی مین طویل کہتے ہین۔
درز ف شگاف جو کسی چیز مین پڑ جاتی ہے۔

دال با زا

دژ ف قلعہ و حصار و زشت و بد و زبون۔

دال با سین

دست افزار ف وہ ہتھیار جو کاریگرون کے کام کرنیکے ہوتے ہین
دست آموز ف پرورش یافتہ شخص اور شاگرد۔
دست انداز ف دخل دینے والا مداخلت کرنیوالا چھیننے والا
دست آویز ف سند و تمسک و قبالہ جو آپس مین لکھا جاتے

دال با غین

دغا باز ف جو شخص فریبی و مکار و حیلہ گر ہو۔

دال با لام

دلاویز ف جو چیز دلپسند و مطبوع و دلربا ہو۔

دال با میم

دُمور ع بے اجازت گھر جانیکا اوسکی گھر مین جانا۔
دم باز ف دم دینے والا مکار و فریبی حیلہ گر آدمی

دال با نون

دندان دراز ف صاحب حرص ہوا و صاحب طمع آدمی

دال با واو

دُوز ف بواو مجہول سینے والا جیسے خیمہ دوز وغیرہ اور صیغہ امر دوختن سے یعنی سی۔
دوال باز ف دغا باز فریبی و مکار آدمی

دال با ہا

دہلیز ف دروازہ اور وہ لکڑی جو دروازہ کو لگتی ہے
دہیز ف اسباب شادی دختر و سامان کفن و دفن میت۔

دال با یا

دیر باز ف زمانہ دراز اور بہت مدت جو گذر چکی ہو۔

دِ یریز ف بیائے مجہول زنگ و بون کسے چیز کا۔

دیروز ف کل کا دن جو گذر چکی ہو۔

نوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف

رائے اور آخیر مین زا ہے

رائے با الف

راز ف دل کا بہید دل کی بات جو دل مین ہو۔

رائے با جیم

رِجز ع پلید و غذات و شرک و کارہائے نامشروع۔

رَجز ع نام بحر نظم و اضطراب و سرعت و نام بیماری شتر اور وہ کلمات جو پہلوان میدان جنگ مین فخریہ پڑہتے ہین۔

را با زا

رَز ف درخت و میوہ انگور اور صیغہ امر و زیدن سے جسکے معنے رنگ کرنے کے ہین۔

را با سین

رَسَن باز ف ادیگر جو رسن کے ذریعہ سے بلند جگہ چڑہجاتے ہین۔

رستخیز ف روز قیامت حشر کا روز۔

رستاخیز ف روز قیامت حشر کا روز۔

را با شین

رِشتہ میز ف فرزند شیشہ یعنی کرم جو شاہ خوا یعنی وہ کرم جو لگکر کیو کہا تا ہے

جسکو عربی مین ارضہ اور ہند مین دیمک کہتی ہین اور زمین کے اندر رہوتا ہے۔

را با کاف

رِکاز ع خزانہ جو زمین مین دفن ہو یعنی خزینہ دفینہ۔

را با میم

رَمز ع اشارہ رموز اسکی جمع ہے یعنی بہت سے اشارے۔

رَمّاز ع اشارہ کرنیوالا اسم فاعل رمز کے لفظ کا۔

را با نون

رنگریز ف رنگ بنانیوالا کپڑا رنگنے والا شخص۔

رنگ آمیز ف نقاش جو کئی ایک طرح کے نقش لکھے۔

رنگ ساز ف رنگ بنانیوالا کپڑا رنگنے والا شخص۔

را با واو

روز ف دن یہ وقت طلوع آفتاب سے غروب تک ہے۔

روئین دژ ف نام قلعہ جو فارس کے ملک مین تہا۔

رود خیز ف موج دریا کے پانی کے دریا کی لہر۔

را با یا

ریش چغز ف وہ دنبل کہ جب تک اوسکو نہ چیرین نہ اچہا ہو۔

دسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول

حرف زا اور آخیر مین بہی زا ہے۔

زا با الف

زادہ شش ر وزف عالم کائنات جو چہ روز مین پیدا ہوا تھا

ژاژ ف ایک گہاس سفید بدمزہ خاردار کا نام ہی کوئی جانور اوسکو کہا نہین سکتا ژاژ خائی اوسی سے مراد ہے

زار با خاء

زخم تیز ف زخم عمیق یعنے وہ زخم جو گہرا ہو ۔

زار با میم

زمین دوز ف ایک قسم کا خیمہ لپست ہوتا ہے ۔

زار با واو

زود خیز ف چست و چالاک و کارگزار آدمے ۔

گیارھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف سین اور آخیر مین زا ہی

سین با الف

ساز ف سامان اور اسباب اور گانے بجانے کا ساز جیسے دف و چنگ و ستارہ طبلہ و طنبورہ وغیرہ ۔

سین با بائے

سبز ف معروف رنگ ہے و معشوق ملیح سبزہ رنگ

سبز و نیم سبز ف وہ کپڑا جو ایک طرف سے سبز اور ایک طرف نیم سبز ہوتا ہے

سبک خیز ف زود خیز و چالاک و کارگذار آدمے ۔

سبک مغز ف بیوقوف و نادان و بیعقل آدمے ۔

سپوز ف صیغہ مرسے چتن یعنی کسی کو بزور گلے مین اتار

سپُرز ف تلی جو عضو پیٹ کے اندر ہے ۔

سین با تا

ستیز ف جنگ و خصومت و خشم و ناموافقت ۔

سین با رے

سرسبز ف جوان و فایق و بہتر و خوش و آباد و تازہ و بارونق

سرتیز ف نوکدار چیز و مرد سرکش و شوخ مزاج ۔

سروناز ف کنایۃً معشوق و سرو خوشنما و خوش قطع

سرانداز ف معجر و مقنعہ یعنی اوڑھنی یا پہنچی کی اور ایک قسم کا کام بادلہ کا جو زری اوپر ہوتا ہے

سرباز ف بہادر و جوانمرد و صاحب حوصلہ ۔

سین با عین

سعتر باز ف جو عورت آلت چرمین سے ساتھ دوسری عورت سے جماع کرے یعنی چپٹی باز عورت ۔

سین با کاف

سکز ف زابلستان مین و مکران ایک پہاڑ ہے

سین با نون

سنگ انداز ف فلاخن و روزنہائے دیوار قلعہ جس مین سے گولہ دشمن پر مارتے ہین سوراخ مورچہ جو ہو اوسکو کہتے ہین اور قلعون کی دیوارون مین اکثر جو سوراخ بنے ہوئے ہوتے ہین ۔

سنگساز ف وہ کاریگر جو پتھر کا کام بنائے ۔

سنور ژ ف جو قلعہ سرحد پر ہو میان علاقہ دو سلطنت کے

سین با واو

سوز ف جلن و گرمی جو آگ سے پیدا ہو یا غم و فراق سے

سین بایار

سیلینه بازف جو چیز سیاه و سپید مجازاً آسمان کو کہتے ہیں۔

بارھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف شین اور آخیر مین ز اہی

شین باالف

شاہباز و شہباز ف بڑا باز کنایۃً مرد بزرگ و صاحب ہمت و دلاور و بہادر و پہلوان۔

شین بابار

شب افروز ف کنایۃً جامہ زربفت جو نہایت روشن ہوتا ہے۔

شب خیز ف شب بیدار مرد عابد کو اور مرغ کو کہ آخر شب کو جاگتا ہے اور

شبار روز ف رات دن الف بجائے واو عاطفہ کے ہے

شبدیز ف نام اسپ خسرو پرویز جو سیاہ رنگ تھا۔

شین باعین

شعبدہ باز ف بازیگر و مکار و فریبی حیلہ گر آدمی۔

شین باکاف

شکر ریز ف شیرین کلام و خوش گفتار فصیح و بلیغ و خوش تقریر۔

شین باواو

شورہ گز ف درخت گز جو شور زمین مین پیدا ہوتا ہے

شونیز ف کلونجی جو مشہور چیز ہے۔

شین باہار

شہنیمروز ف رستم سے مراد ہے جو ولایت نیمروز کا رہنے والا تھا

شہناز ف موسیقی مین ایک نوا ہے۔

شہر سبز ف سمرقند کے پاس ایک شہر ہے۔

شین بایار

شیراز ف مشہور شہر ہے فارس کی ولایت مین۔

شیشہ باز ف مکار و دغاباز و فریبی حیلہ گر آدمی۔

تیرہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف طا اور آخیر مین زا ہی۔

طا با را

طراز ف نقش و نگار و نقوش جامہ اور سنجاف کپڑے کا۔

طراز و تراز ف نام شہر حسن خیز جو ترکستان مین واقع ہے

طرز ع طریق و روش و نقش و نگار۔

طا با نون

طنز ع رمز و کنایہ جو آپس مین دو شخص کرتے ہو۔

چودہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف عین اور آخیر مین زا ہے

عین باالف

عاجز ع کمزور ناتوان بیبس بیے نہتیا آدمی۔

عین با جیم

عجز و عجز ع عاجز کمزور ناتوان ہونا بیبس بی اختیار ہونا
عجز ع سرین یعنی چوتڑ اور بیٹھنے کا مقام آدمی کا۔
عجوز ع پیرزال اور عجوزه کہنا خطا ہے۔
عجائز ع جمع عجوز پیرزنان۔

عین با رار

عرق ریز ف محنتی خدمتگزار اور ترشح مند دینے والا

عین با زاء

عز ع عزت و افتخار بخلاف ذل جسکے معنی بعزتی کی ہین
عز ع غلبہ و نصرت و فتح مندی و مرتبہ بلند۔
عزیز ع مرغوب کمیاب و غالب و لقب حاکم مصر کا۔

عین با واو

عود سوز ف مجمر یعنی انگیٹھی و آتشدان جسمین خوشبو جلاتے ہین

پندرھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن اول حرف عین اور آخر مین زا ہے

عین با زائے

غز ف نام قوم جو سلطان سنجر سلجوقی پر غالب آئی تہی
غژ ف صیغہ امر غژیدن سے یعنی لڑکون کی طرح گھسٹکر چلنا۔

غین با لام

غلیواز ف زغن یعنی چیل جو یکسال نر اور یکسال مادہ ہوتی ہے

غین با میم

غمز ع آنکھ سے اشارہ کرنا تہمت کرنا چغلی کرنا سخن چینی
غماز ع سخن چین اشارہ کرنیوالا آنکھ سے چغل۔

سولہوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن اول حرف فا اور آخر مین زا ہے

فا با الف

فائز ع پہونچنے والا کامیاب ہونے والا اپنے مقصود پر۔

فا با رار

فراز ف کھلا ہوا اور بند کیا ہوا اور برا اور نیچے و فراخ و عقب و نزدیک و آگے و روشن و بلند۔

فرز ف مخفف فرزین جو مہرہ شطرنج کا مشہور ہے
فراویز ف سجاف جامہ جو کپڑون کو لگاتے ہین
فرابرز ف نام پہلوان جو دارا کے امراؤ مین سے تہا
فریبرز ف نام بادشاہ کا ہے شاہان قدیم سے۔
فرامرز ف نام پسر رستم بن زال سیستانی۔
فروز ف بتا بش روشنی و روشن کرنیوالا چمکنے والا اور چمکانے والا
فروز ف مخفف فراویز یعنی سجاف دامن جو کپڑونکو لگاتے ہین۔
فرییز ف نام ایک خوشبودار گہاس کا جسکو مرچا کہتے ہین

فا با لام

فلزہ و فلز۔ وہ جوہر کانی جو آگ مین گل جائے مثل چاندی سونا وغیرہ۔

فا با واو

فوزؔ مقصد پہونچنا مقیاب ہونا مراد پر پہونچنا مطلب پانا۔
فوز و لوز ف یعنی چارپایان چہرہ بہایم یعنی چارپایو نکے ناک اور اونکے چہرے۔

فا با یا

فیروز و پیروز ف کامیاب و فتحمند و نام شہر۔

سترھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف قاف اور اخیر مین زا ہی

قاف با الف

قادر انداز و قدر انداز ف تیرانداز کامل جسکا تیر نشانہ سے خطا نہ جائے۔
قایم انداز۔ شطرنج باز کامل و غالب جو بازی تہہ سے ہو ہوندے۔
قاز ت نام ایک جانور کا رہ کے قسم سے ہے۔

قاف با با

قبق انداز ف تیرانداز۔

قاف با را

قرمز۔ جس سے ریشم کو سرخ کرتے ہین اور اصل مین وہ جانور ہوتے ہین۔

قاف با زا

قزؔ کچا ریشم جو ابہی پکایا اور رنگ نکیا گیا۔

قاف با لام

قلاوز ت رہرو و مقدمہ لشکر و حافظان لشکر و نیابان فوج۔

قاف با نون

قندز ت نام تولا مابین بلخ و بدخشان و جانور آبی جسکو سگ آبی کہتے ہین اوسکے پوست کی پوستین بناتے ہین اور جند بید ستر اوسکی خایہ کو کہتے ہین جو ایک دوا ہے۔

قاف با یا

قیماز ت کنیزک و خدمتگار و پرستار خادم و نوکر۔

اٹھارھوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف کاف اور اخیر مین زا ہی

کاف با الف

کاز ف جھونپڑا اور ٹٹی جسپر انگور وغیرہ کی بیل چڑہائی جاتی ہے و صومعہ عابدان و مقراض و دندان و گلگیر شمع و علف و گیاہ سبز جسکو چارپائے کہاتے ہین۔
کاریز ف وہ نہر جو زمین کے اندر جاری ہو یعنی جہتی ہوئی ہو۔
کاژ ف اول آدمی قسم درخت صنوبر جو بہت بلند ہوتا ہے۔
کاژ ف جا و مقام و سکونت کی جگہہ ٹہیرنے کا مکان۔
گاز ف مقراض و گلگیر و گیاہ وغیرہ گاز و گاز کی ایک ہی معنے ہین۔

کاف با یا

گبز ف قوی و سطبر و فربہ اندام موٹا جسم۔

کاف با را

گراز ف خوک نر و مرد بہادر دلاور اور بیل زمین کھودنیکا۔

گربز ف مکار و حیلہ گر و حسین و فریبندہ و دغاباز۔

گرم خیز ف چالاک۔

گرز ف ایک ہتھیار کا نام ہے جسکا سر موٹا اور نیچے سے پتلا ہوتا ہے۔

گریز ف نفرت و کراہت۔

گراز ف بوتل و شیشہ جسکا منہہ تنگ ہو۔

کاف با زاے

گز ف ایک درخت ہوتا ہے جو اکثر دریا کنارے پر پیدا ہوتا ہے اوسے ہندی میں اوسکو جھاو کہتے ہیں اور وہ گز جسے کپڑا ناپتے ہیں۔

گزاز ف ایک درد و بیماری کا نام جو بسبب سردی کے پیدا ہوتی ہے۔

گز ع ابریشم کم قیمت و کج یعنی ٹیڑھا و خم دار۔

کاف با شین

کشاورز ف مزرع و دہقان یعنی زمیندار کھیتی کرنیوالا۔

گشنیز و گشنیز ع مشہور تخم ہے جسکو دھنیا کہتے ہیں۔

کاف با فا

کفلیز و کفچلیز ع نام جانور آبی جسکو کچھہ کہتے ہیں اور کچھوا بھی اوسکا نام ہے۔

کاف با لام

گلوخ انداز ف فلاخن اور سوراخ جو اوپر دیوار قلعہ یعنی قلعے کی برج ہو۔

گلوسوز ف خوشنما و دلپسند و شیرین و مطبوع طبع۔

گلگز ف رنگ عباسی جو گل عباسی کا ہوتا ہے۔

گلریز ف قسم آتشبازی جسکو پھلجھڑی کہتے ہیں۔

کاف با میم

گمیز و گمیزت بول یعنی پیشاب ہندی میں مت۔

کاف با نون

کنز ع خزانہ اور نام کتاب کا جو علم فقہ میں سند ہے۔

کنوز ع جمع کنز یعنی خزانے بے شمار۔

کنیز ف زن مملوکہ و پرستار و دختر و دوشیزہ یعنی کنواری لڑکی۔

کاف با واو

کوز ع عربی میں کوزہ اور فارسی میں ٹھہرا ہوا پشت خمیدہ۔

گوزت آنکہ تہ جبہ میں بواو غیر ملفوظ صحیح ہے۔

گودرز ف نام پہلوان ایرانی جو بڑا بہادر تھا۔

گوز ف بواو مجہول وہ ہوا جو مقعد سے نکلے یعنی پاد۔

کاف با یا

کینہ توز ف صاحب کینہ یعنی وہ شخص جو دل میں دشمنی رکھے۔

اونیسویں فصل

اون لغات کے بیان میں جن کے اول حرف لام اور آخر میں زا ہے

لام با الف

لال شہباز ف سند میں ایک ولی کامل گذرا ہے جو بہادر الذکی سیر تھا۔

لام با واو

لوز ف بادام جو مشہور چیز ہے اور مغز اوسکا نہایت مفید ہے۔

لام با ہا

لہز ع ملنا اور سینے پر مکا مارنا کسیکو۔

بیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف میم اور اخیر مین زاے ہے

میم با با

مَنبَرز ع پائیخانہ جہان بول و براز کرتے ہین۔
مُبْرَز ع ظاہر و روشن جو چیز سب کو نظر آئے۔
مُبارِز ع لڑنے والا بہادر سپاہی پہلوان جوانمرد۔

میم با تا

مُتجاوِز ع گذرنے والا فرق کرنے والا۔

میم با جیم

مُجتاز ع چھوڑا گیا اور تجاوز کرنے والا۔
مَجاز ع راہ و جاے گذشتن اور وہ کلمہ جو مجازاً کسی پر مستعمل ہو
چنانچہ کسی احمق کو گدھا کہدیا جائے حالانکہ وہ
گدھا نہین ہے۔
مُجوَّز ع تجویز کیا گیا اور روا رکھا گیا۔
مُجہِّز ع تیاری کرنے والا اور اسباب رکھنے والا

میم با حا

مُحتَرِز ع پرہیز کرنے والا بچنے والا کسی چیز سے۔

میم با را

مَرکُوز ع محکم جھلایا گیا نزدیک سے جسکے معنے
زمین مین نیزہ گاڑتے کے ہین۔

مَرجَز ع ایک قسم تین قسم کی شعر سے جو مرخوو مسجع
و عاری ہے اور مرجز کے دو فقرے اکثر مقامات پر
ہم وزن ہوتے ہین اور ایک قسم کا شعر۔
مَرز ف زمین و زمین آبادان و قابل زراعت و سرحد
و خیابان و موش۔
مُرزّ ع سوراخ متعدد مجامعت کرنا۔
مَرمَز ع ایک مقام کا نام ہے۔
مَرکَز ع ٹھہرانے کا مقام اور میانہ کسی چیز کا اور وہ
لفظ جو دایرہ پرکار کے اندر ہوتا ہے ماخوذ رکز سے۔

میم با زا

مُز و مُزّ ع چوسنا اور وہ مزہ جو ترش و شیرین ہو۔
مَز ع افزونی و زیادتی و ترقی جو کسیکو حاصل ہو۔

میم با طا

مُطَرَّز ع زینت دیا گیا نقش کیا گیا رونق دیا گیا۔

میم با عین

مُعجِز ع عاجز کرنیوالا معجزہ دکہلانے والا یعنی نبی و پیغمبر۔
مَعز ع بز یعنے بکری جو مشہور چارپایہ ہے۔
مُعَزّ ع عزت دیا گیا و نام خدا تعالے۔

میم با غین

مُغَمِّز ع آنکھہ سے اشارہ کرنیوالا غمازی کرنیوالا۔
مُغز ف مشہور لفظ ہے تشریح کی حاجت نہین۔
مَغمُوز ع متہم و معیوب جسکو کوئی تہمت و عیب لگا ہو۔
مُغَزّ ف بیٹھ کر چلنا لڑکون کی طرح ماخوذ دیدن سے۔

میم با فار

مُفرُوز ع جدا کیا گیا الگ کیا گیا ـ علیحدہ کیا گیا

میم با کاف

مُکنوز ع خزانہ کیا گیا دفن کیا گیا ذخیرہ کیا گیا ـ

میم با لام

مَلک نیمروز ف رستم بن زال جو نیموز یعنی سیستان کا امیر تھا

میم با میم

مُمَیِّز ع جدا کر نیوالا تمیز کرنیوالا الگ کرنے والے ـ

مُمتاز ع سر بلند و علیحدہ و الگ و ضامن عزت حرمت ـ

میم با نون

مُغتنِم ع فرصت پانے والا غنیمت جاننے والا جنبش ـ

میم با واو

مُوجَز ع کوتاہ و مختصر و نام کتاب کا جو طب کے علم میں ہے

مُوز ع بروزن جوز کیلہ کا درخت جو مشہور درخت ہے اتنی

موج خیز ف دریا جس سے لہرین یا پانی کی طاہر ہوں ـ

مَوِیز ع انگور کلان دانہ دار جسکو داکھ کہتے ہیں ـ

میم با ہا

مُہمُوز ع عیب دار اور وہ کلمہ جو ایک ہمزہ اوسکے حروف اصلی سے ہو

مِہماز ف لوہے کا کانٹا جو سواری کی موزہ کی ایڑی پر ہوتا ہے

مِہمیز ع امالہ مہماز ـ

مُہر نماز ف نماز کی ٹکیا جو امامیہ مذہب والے زیر سجدہ رکھتے ہیں

مِہم ساز ف مرد مفعول اور دلال جو رتون کا ـ

میم با یاد

مَیز ف بیائے مجہول اسباب ضیافت اور چوکی جسپر رکھکر کہانا کہاتے ہیں ـ

مَیخ دوز ف عدیم الحرکت یعنی جس چیز کو حرکت نہو ـ

اکیسوین فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف نون اور آخر مین زا ہے

نون با الف

ناشِز ع بلند بیٹھنے والا اور امیر عالیشان صاحب دولت

ناساز ف ناموافق جو چیز اپنی طبیعت کے موافق نہو ـ

ناچیز ف بیقدر و بیکار و بے عزت ـ

ناز ف درخت نورستہ و درخت سرو و صنوبر ہیلیما غے و بے پروائی و استغنا و فخر معشوق ـ

نون با سین

نَشَز ع بلند ہونا بلندی چاہنا و مقام بلند و اونچا مکان ـ

نُشوز ع ناموافقت کرنا عورت کا شوہر سے ـ

نون با ظا

نظرباز ف جو آنکھ مین تاڑ جائے فی الفور سمجھنے والا ـ

نون با میم

نماز ف پرستش و خدمتگاری و نیاز ـ

نون با واو

نوروز ف ماہ فروردین پہلی تاریخ و نام پردہ موسیقی ـ

نو نیاز ف نیا عاشق جو آج کل کسی پر عاشق ہوا ہو ـ

افسوس ف دریغ و حسرت ظلم و رنج جو کسیکے حال پر کیا جاوے۔

افلاس ع نادار ہونا بی زر ہونا مفلسی تنگدستی عزت ہونا۔

افتراس ع گردن توڑنا مارنا سور ہونا شیر کا نشان کے شکار کرنا وغیرہ اپنے جنگ کا۔

افراس ع جمع فرس بمعنے اسپان یعنی گھوڑے بہت سے۔

الف بافا

اقتباس ع آگ لینا نور حاصل کرنا خوشہ سے جسکے معنے آتش پارہ کے ہین۔

اقلیدس ی لغوی معنی اسکے کلید ہندسہ و نام کتاب در علم اشکال ہندسہ و نام مصنف کتاب اور اسمین اقلی بمعنی کلید اور دس بمعنے ہندسہ ہین۔

الف باکاف

اکیس ع بہت زیرک بہت دانا و عقیل دہوشمند ہے۔

الف بالام

الماس ف ہیرا جو مشہور جوہر ہے و قسم فولاد و کارد و خنجر۔

الیاس ع نام برادر خضر علیہ السلام جسنے آب حیات پیا تھا اور خضر کی طرح زندہ جاوید ہوگیا۔

الوس ف گروہ و قوم و جماعت و انبوہ مرد۔

التباس ع شبہ پڑنا شک کرنا و ہم واقع ہونا۔

التماس ع چاہنا مانگنا طلب کرنا از زردہ کرنا۔

الف باسیم

املس ع سادہ و صاف و نرم و ہموار۔

امرالقیس ع نام شاعر جو عرب کے ملک مین تھا۔

امس ع شام کا وقت غروب آفتاب کے بعد۔

امساس ع مس کرنا چھونا ہاتھ سے کسیکے بدن کو۔

الف بانون

انفاس ع دم جمع نفس کے ہے یعنے بہت سے دم۔

اناس ع مردمان بہت لوگ یہ لفظ مفرد ہے مگر معنی جمع کے دیتا ہے۔

انس ع خوپکڑنا آرام پکڑنا الفت پکڑنا۔

انس ع نام ایک شخص کا اصحاب رسول علیہ السلام سے۔

انس ع آدمیان مفرد لفظ ہے مگر معنی جمع کے دیتا ہے۔

اندراس ع کہنہ ہونا پرانا ہونا بہت مدت کا ہونا۔

انغماس ع پانی مین جانا دریا مین جانا۔

انغراس ع پیدا ہونا اور ہرا سبز ہونا درخت کا۔

انفس ع جمع نفس جسکے معنی روح و ذات کے ہین۔

انیس ع خوگرفتہ و ہمدم و غمخوار و مصاحب و ہمنشین۔

انعکاس ع اولٹنا اور نمودار ہونا صورت کا آئینہ یا پانی سے۔

اندلس ع زمین مغرب مین ایک ملک ہے جسکا یہ نام ہے۔

انجاس ع پلیدیان اور نجاستین۔

انقاس ع جمع نقس معنی اسکے لکھنے کی سیاہی۔

انجس ع بہت پلید نہایت نجس و خراب۔

الف باواو

اوس ع گرگ و رندہ و عطا و عوض و نام قبیلہ عرب سے۔

الف بایا

ایاس ع و ایاز نام غلام سلطان محمود غزنوی جسنے رفتہ رفتہ علم بادشاہت کا اٹھایا تھا۔

دوسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف با اور اخیر مین سین ہے

با با الف

بالوس ع کافور مغشوش یعنی وہ کافور جسمین کچھ ملا ہوا ہو۔ خالص نہو۔

باس ع خوف بیم عذاب سختی۔ قوت۔ جنگ دلیری۔ اِس ایک لفظ سات معانی ہین۔

باز پرس ف تحقیقات کرنا اور پوچھنا جو بدنیتی سے لینا کسی سے

بائیس ع سخت محتاج و درویش و مفلس و نادار آدمی

باباحمس ع نام ایک مسخرہ کا جو اپنے کام مین یگانہ تھا۔

با با خاء

بخس ع درشت نرخ نا سرہ و ناقص و نقصان کرنا خسارہ اوٹھانا۔

با با رای

برجیس ع ستارہ مشتری جو چھٹے آسمان پر ہے مگر اسکا برج ہے

برجاس ف نشانہ تیر وغیرہ کا۔

برنس ع جامہ پشم سیاہ جو نصاری پہنتے ہین۔ سفید بھی ہوتا ہے اور ٹوپی جو گوشہ نشین یعنی پادری رکھتے ہین۔

با با سین

بس ف بہت اور کافی یعنی اسیقدر نہ کم نہ زیادہ۔

بُس ع کباب کی سیخ جسپر کباب بہون کر کہاتے ہین۔

با با طاء

بطلیموس ی نام حکیم یونانی صاحب کتاب مجسطی۔

با با لام

بلقیس ع نام زوجہ سلیمان علیہ السلام جو بادشاہ شہر سبا کی تھی اور حضرت کو اوسکے حسن و جمال کی خبر ہُدہُد جانور نے پہنچائی تھی

بلیناس ی نام حکیم ندیم سکندر رومی جسکو علم سحر یاد تھا

بلاس ع مکر و فریب اور دغا و حیلہ جو کسی کام کے لئے کیا جاتا ہے

با با واو

بوس ع درویشی و شدت احتیاج و سختی و مفلسی و نادار ہے

بوست ب بہمزہ بوسہ اور بوسہ لینے والا شخص۔

بوفراس ع کنیت فرزدق شاعر عرب جو مشہور شاعر ہے

بوقبیس ع نام کوہ جو اوکہ معظمہ مین یعنی مکہ معظمہ کے پاس ہے

بوالہوس ع صاحب ہوس خلاف قیاس کہ بو لفظ عربی ہے اور ہوس فارسی اِن دو نون مین الف لام کا ادخال درست نہین ہے بلکہ یہ لفظ بلہوس ہے کہ بل کے معنی بہت کے ہین۔ مگر صاحب غیاث اللغات اِس لفظ کو صحیح لکھتا ہے اور ہوس کو عربی بیان کرتا ہے مثل بوالفضول و بوالعجب

با با یاء

بیت المقدس ع مسجد اقصیٰ جو مقام شام مین داؤد و سلیمان علیہ السلام نے بنائی تھی۔

تیسری فصل

اون لغات کے بیان مین جن کے اول حرف بای فارسی اور اخیر مین سین ہے

بای فارسی با الف